Posted On Kitab Nagri

کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

پروفیسر کی زُمرد

ماہ نور عثمانی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

صبح کے ٹھیک چھ بج کر تیس منٹ ہوئے تھے۔ کمرے میں الارم کی تیز آواز گونج رہی تھی، جو بستر پر لیٹی ماہ نور کو بیدار کرنے میں کامیاب ہو گئی۔ نیم وا آنکھوں سے اُس نے اپنا ہاتھ بڑھایا اور جیسے تیسے الارم کو ڈھونڈ کر بند کر دیا۔ دوبارہ بستر پر دراز ہو کر اُس نے سر پر تکیہ رکھ لیا، گویا دنیا کے شور سے خود کو پناہ دے رہی ہو۔

بستر پر، فرش پر، ہر جگہ کتابوں اور نوٹس کا ڈھیر لگا ہوا تھا—جو رات بھر کی پڑھائی اور محنت کی نشانی تھی۔

تھوڑی ہی دیر بعد، کمرے کا دروازہ آہستگی سے کھلا اور ایک نہایت نرم آواز کمرے میں گونجی۔

"ماہ نور، اٹھ جاؤ، بیٹی۔ کالج کے لیے دیر ہو جائے گی!"

Posted On Kitab Nagri

یہ آواز غزال خاتون کی تھی، جو ماہ نور کی والدہ تھیں۔

ماہ نور نے تکیے کے نیچے سے بمشکل جواب دیا، "ہوں ں س... مما، اٹھ رہی ہوں۔"

بالاخر ماہ نور بستر سے اٹھ کھڑی ہوئی۔ اُس نے ایک لمبی سی انگڑائی لی اور سیدھا واشروم کی طرف چلی گئی۔

چند لمحوں بعد، ماہ نور اپنے کالج کی سفید یونیفارم میں باہر آئی اور مکمل طور پر تیار تھی۔ اُس کا حسن اس وقت کھل اٹھا تھا۔

اٹھارہ سالہ ماہ نور کی پہچان اُس کی بڑی بڑی سبز آنکھیں، سنہرے بال اور دودھیا گلابی رنگت تھی۔ وہ تیار ہو کر نیچے ڈائننگ ٹیبل کی طرف بڑھی۔

اُس نے بڑے ادب سے سب کو سلام کیا اور اپنی کرسی پر بیٹھ گئی۔

"مینو، بیٹا، کالج کی پڑھائی کیسی چل رہی ہے؟"

یہ سوال ماہ نور کے دادا جی، مختیار عثمانی نے پوچھا۔ گھر میں سب اُسے پیار سے مینو کہہ کر ہی پکارتے تھے۔

"دا جی، بہت اچھی چل رہی ہے،" ماہ نور نے جواب دیا۔

مختیار عثمانی، جو کہ ایک پٹھان ہونے کے باوجود نہایت نرم دل شخص تھے، اُن کے دو بیٹے تھے۔ بڑے بیٹے، عامر سلطان عثمانی، کی شادی اُن کی ماموں زاد کزن غزال سے ہوئی تھی، جن کی اکلوتی بیٹی یہی ماہ

Posted On Kitab Nagri

نور عثمانی تھی۔ دوسرے بیٹے، سکندر عثمانی، کی شادی چچازاد کزن شاندانہ سے ہوئی تھی، اور ان کے دو بچے تھے—بیٹا عبداللہ عثمانی اور بیٹی مینل عثمانی۔

یہ ایک پٹھان خاندان تھا جو ایک دوسرے سے بے حد محبت کرتا تھا۔

ماہ نور اچانک کھڑی ہو گئی۔ "میرا ناشتہ ہو گیا ہے۔ مجھے کالج کے لیے دیر ہو رہی ہے۔"

وہ جیسے ہی جانے لگی، اُس کی دادی، راحت خاتون، نے پیچھے سے آواز لگائی، "اپنا خیال رکھنا، مینو۔"

ماہ نور نے پلٹ کر ایک مسکراتی نگاہ ڈالی اور "جی، مورے" کہہ کر گھر سے رخصت ہو گئی۔

ڈرائیور نے دروازہ کھولا اور نہایت احترام سے پوچھا، "بوس، کہاں جانا ہو گا؟"

جرار دورانی نے بغیر پلٹ کر دیکھے، خاموشی سے گاڑی میں بیٹا۔ ڈرائیور نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی اور گاڑی رواں دواں ہو گئی۔

ایک روب دار، گرج دار آواز آئی، جس میں سوال کی گنجائش نہیں تھی۔ "گھر چلو۔"

ڈرائیور نے مختصر مگر پر عزم لہجے میں کہا، "جی، بوس۔"

یہ شخص تھا ملک کے کامیاب ترین بزنسمین میں سے ایک، جرار دورانی تھا۔ اُس کی عمر 29 سال تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اُس کی کالی سیاہ آنکھیں ایسی تھیں جیسے گہری رات ہو، یا کسی پر سکون جھیل کی گہرائی۔ اُس کے بال بھی سیاہ تھے، جنہیں اُس نے نفاست کے ساتھ جیل سے سیٹ کیا ہوا تھا۔ اُس کی رنگت دودھ جیسی سفید اور بے داغ تھی۔

جرار کی سب سے بڑی پہچان اُس کی دائمی سنجیدگی تھی۔ اُس کے چہرے پر کبھی کوئی جذبہ عیاں نہیں ہوتا تھا۔ اُس کے لیے ہنسنا تو ایسا تھا جیسے وہ یہ فعل کرنا بھول چکا ہو یا اسے کبھی سیکھا ہی نہ ہو۔

اس کی اس پُراسرار اور مضبوط شخصیت پر لڑکیاں مرتی تھیں، مگر جرار دورانی کبھی کسی کو گھاس بھی نہیں ڈالتا تھا—وہ ہمیشہ اپنے مقصد اور کام میں مگن رہتا تھا۔

ماہ نور کالج کی طرف جا رہی تھی۔ راستہ ذرا سنسان تھا۔ وہ سڑک کے دوسرے کنارے پر چل رہی تھی کہ اچانک، ایک تیز رفتار کالی گاڑی بجلی کی سی تیزی سے اُس کے قریب آ کر زوردار بریک کے ساتھ رکی۔ اگر ایک لمحے کی بھی دیر ہوتی، تو ماہ نور سیدھی اوپر پہنچ چکی ہوتی۔

اس اچانک بریک سے ماہ نور کا توازن بگڑا اور وہ گر گئی۔

اندر، جرار دورانی نے گہری آواز میں کہا، "سمیر، کیا ہوا؟"

ڈرائیور سمیر نے گھبرا کر جواب دیا، "بوس، کوئی لڑکی سامنے آ گئی تھی۔ میں دیکھتا ہوں۔"

سمیر فوراً نیچے اترا اور ماہ نور کی طرف جھکا۔ "کیا آپ ٹھیک ہیں؟"

Posted On Kitab Nagri

ماہ نور کے پاؤں پر ایک چھوٹا سا خراش آ گیا تھا، جسے وہ سر جھکا کر دیکھ رہی تھی۔

جرار دورانی کی الجھن اور غصہ بڑھ چکا تھا۔ وہ گاڑی سے باہر آیا اور کہا، "کیا ہوا؟ سب ٹھیک ہے؟"

ماہ نور نے غصے سے اپنا سر اوپر کیا اور پہلی بار جرار کو دیکھا۔ اُس کی سبز آنکھیں غصے سے دہک رہی تھیں۔

جرار نے ماہ نور کو دیکھا۔ اُس کی غیر معمولی خوبصورتی، اُس کی ان غصے بھری سبز آنکھوں میں وہ ایک پل کے لیے کھو گیا۔

ماہ نور نے جھنجھلا کر کہا، "کیسی گاڑی چلا رہے ہیں آپ؟ ابھی میرا ایکسیڈنٹ ہو جاتا! کیا آپ کو ذرا بھی احساس نہیں؟"

جرار نے اپنی روب داری اور سنجیدگی بحال کرتے ہوئے کہا، "ہاں، مگر کچھ ہوا تو نہیں! کیوں اتنا تماشا کر رہی ہو؟"

ماہ نور نے اپنا پاؤں آگے کیا، جہاں چھوٹا سا خراش نظر آ رہا تھا۔ "کیا آپ اندھے ہیں؟ یہ دیکھ نہیں رہے آپ کو؟ مجھے چوٹ آئی ہے!"

جرار دورانی کو لگا کہ اُس کا قیمتی وقت ضائع ہو رہا ہے۔ اُس نے بے زاری سے کہا، "دیکھو لڑکی، میرا ٹائم ضائع مت کرو۔ بتاؤ، اگر پیسے چاہیے تو؟"

یہ بات سن کر ماہ نور کا دل چاہا کہ وہ اُس کا منہ نوچ لے! ایک دم اُس کے پٹھان خون میں ابال آیا۔

Posted On Kitab Nagri

"اوئے!اپنی امیری کسی اور کو دکھائے!آپ کو کیا لگتا ہے،مجھے پیسوں کی کمی ہے کیا؟نہیں!ماہ نور عثمانی کو اللہ کا شکر ہے کسی چیز کی کمی نہیں ہے!"

یہ کہہ کر،غصے سے چہرہ لال کیے ہوئے ماہ نور تیزی سے وہاں سے چل دی۔

جرار نے غصے سے سر جھٹکا اور بڑبڑایا،"اپنے باپ کی بگڑی ہوئی اولاد!میرا اتنا ٹائم ضائع کر دیا۔"

جرار جلدی سے گاڑی میں بیٹھ گیا۔سمیر نے بھی تیزی سے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی اور گاڑی روانہ کر دی۔

ماہ نور سیدھی کالج پہنچی اور غصے سے قدم اٹھاتی ہوئی کالج کے گیٹ سے اندر داخل ہوئی۔

ابھی وہ چند قدم ہی چلی تھی کہ اُس کی دوست منشاء تیزی سے اُس کے پاس آئی۔

"آگئی پٹھانی صاحبہ!اتنی دیر کیوں کر دی؟"منشاء نے پیار سے ڈانٹتے ہوئے پوچھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دونوں سہیلیاں گلے لگیں۔

"یار،وہ راستے میں ایک بدتمیز/امرزادے سے سامنا ہو گیا۔اُس کی وجہ سے لیٹ ہو گئی،"ماہ نور نے چہرے پر ناگواری لاتے ہوئے کہا۔

منشاء نے اُس کی حالت دیکھ کر زیادہ گہرائی میں جانا مناسب نہ سمجھا اور بولی،"اچھا چلو،چھوڑو اس بات کو!کلاس چلتے ہیں۔تھوڑی ہی دیر میں کلاس شروع ہونے والی ہے۔"

Posted On Kitab Nagri

اور دونوں سہیلیاں بات کرتے ہوئے کلاس کی طرف بڑھ گئیں۔

گھر کی سکون آور دنیا

جرار دورانی اپنی کالی گاڑی سے اُتر کر گھر میں داخل ہوا۔ اندر لاؤنج میں اُس کے والدین بیٹھی تھے۔

جرار نے دھیمے اور پُر سکون لہجے میں سلام کیا، جس کا جواب اُس کے والدین نے بڑے پیار اور شفقت سے دیا۔ وہ اُن کے پاس آ کر بیٹھ گیا۔

باہر کی دنیا میں جو جرار ہر وقت سنجیدہ اور روب دار رہتا تھا، وہ اپنے ماں باپ اور چھوٹی بہن کے ساتھ نہایت پیار اور نرمی سے بات کرتا تھا۔

عائشہ خاتون، جو جرار کی والدہ تھیں، نے پیار سے پوچھا، "بیٹا، ناشتہ لگا دوں؟"

جرار نے محبت سے کہا، "ہاں مما، بھوک لگی ہے۔"

عائشہ خاتون اُٹھ کر کچن کی طرف چلی گئیں۔

وجاہت دورانی، جو جرار کے والد تھا اُس نے پوچھا، "بیٹا، آفس کیسا چل رہا ہے؟"

"جی پاپا، سب اچھا ہے،" جرار نے جواب دیا۔

تب ہی ایک خوبصورت، چہکتی ہوئی آواز جرار کے کانوں سے ٹکرائی۔

Posted On Kitab Nagri

"بھائی!"

یہ مشائم دورانی تھی، جو اُس کی چھوٹی بہن تھی۔ وہ دوڑتی ہوئی آئی اور جرار کے سینے سے لگ گئی۔

جرار نے بھی فوراً محبت سے اُسے خود سے لگالیا۔ وہ اپنی چھوٹی بہن سے بے حد پیار کرتا تھا اور اُس کی ہر چھوٹی بڑی خواہش پوری کرتا تھا۔

مشائم دورانی، 19 سال کی تھی۔ آنکھیں کالی۔ بال سیاہ، اور رنگت جرار کی طرح دودھ جیسی سفید تھی۔

"کیسا ہے میرا بچہ؟" جرار نے نرمی سے پوچھا۔

"میں ٹھیک ہوں بھائی، آپ کیسے ہیں؟"

"میری گڑیا، میں بھی ٹھیک ہوں۔"

اتنی دیر میں عائشہ خاتون نے ناشتہ تیار کیا اور میز پر لگا دیا۔ جرار ناشتہ کرنے لگا۔ اُسے تھوڑی ہی دیر میں آفس کے لیے نکلنا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ناشتہ ختم کرنے کے بعد، جرار سیدھا اپنے کمرے میں گیا۔ اور فریش ہونے گیا فریش ہو کر تیار ہوا اور آفس کے لیے نکل گیا۔ اُس کے ذہن میں کام کے علاوہ کسی اور چیز کی گنجائش نہیں تھی۔

،کالج کی چھٹی ہو گئی۔

Posted On Kitab Nagri

ماہ نور اور منشاء کالج کے گیٹ سے باہر نکلیں اور اپنے گھر کی طرف روانہ ہو گئیں۔ راستے میں دونوں سہیلیاں چھوٹی موٹی شرارتیں اور ہنسی مذاق کر رہی تھیں۔

ماہ نور کا گھر کالج سے آدھا گھنٹہ کی دوری پر تھا۔ اُسے پیدل چلنا بہت پسند تھا، اسی لیے وہ پیدل ہی جا رہی تھی۔ منشاء کا گھر بھی اُس کے قریب ہی تھا، تو وہ بھی ماہ نور کے ساتھ پیدل چل رہی تھی۔ دونوں دوستوں کو یوں بات چیت اور ہنستے ہوئے راستہ کاٹنا اچھا لگتا تھا۔

جرار دورانی اپنی گاڑی سے اُتر کر افس پہنچا۔ اندر داخل ہوتے ہی، سبھ نے کھڑے ہو کر سلام کیا۔

جرار نے اُن کی طرف بغیر دیکھے ہی سلام کا جواب دیا اور سیدھا اپنے آفس روم کی طرف چل دیا۔ اُس کے چہرے کی سنجیدگی اور روب داری ہی اُس کا تعارف تھی۔

وہ ابھی اپنی کرسی پر بیٹھا ہی تھا کہ اُس کے منیجر، ساحل، نے دروازہ ناک کیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اندر سے جرار کی روب دار آواز آئی، "آجاؤ۔"

ساحل اندر آیا اور ادب سے بولا، "سر، یہ فائل ہے، اس پر آپ کے سائن چاہیئے ہیں۔"

جرار نے فائل پر سان کیا۔

ساحل نے اگلی بات بتائی، "2 بجے آپ کی ایک اہم میٹنگ ہے۔ آپ ایک نئی کمپنی خرید رہے ہیں، جس کے ساتھ یہ میٹنگ ہو گی۔"

Posted On Kitab Nagri

ماہ نور کالج سے گھر پہنچی، سب کو سلام کیا۔ سب نے اُسے پیار سے جواب دیا۔

غزل خاتون نے کہا، "مینو! فریش ہو جاؤ، پھر کھانا کھاؤ۔"

"جی، مما،" کہہ کر ماہ نور اپنے کمرے میں گئی۔ وہ فریش ہو کر باہر آئی اور ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھ کر سب کے ساتھ کھانا شروع کیا۔ جلدی سے کھانا کھا کر وہ اُٹھی اور واپس اپنے کمرے میں چلی گئی۔

وہ بستر پر لیٹی ہی تھی کہ اُس کے موبائل پر ایک میسج آیا۔ ماہ نور نے واٹس ایپ کھولا تو دیکھا کہ وہ ایک اَن جانا نمبر تھا۔

میسج میں لکھا تھا:

>السلام علیکم۔

>کیا آپ میرے اسائنمنٹس لکھ دیں گی؟ میں آپ کو فیس دے دوں گی۔

ماہ نور حیران ہوئی اور جواب دیا:

>جی، کون؟

>

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

دوسری طرف سے جلدی ہی جواب آیا:

>میرے کالج کے بہت اسائنمنٹس جمع ہو گئے ہیں۔ لکھ دیں گی آپ؟ اپنی ہی تو انسٹا گرام پر کہا تھا نا کہ آپ فیس لے کر یہ کام کرتی ہیں؟

<

ماہ نور نے جواب دیا:

>آپ لڑکی ہیں یا لڑکا؟

<

دوسری طرف سے جواب آیا:

>میں لڑکی ہوں۔

<

ماہ نور نے میسج کیا:

>نام کیا ہے آپ کا؟

<

دوسری طرف سے میسج آیا:

>مشائم دورانی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

<

ماہ نور نے فوراً میسج کیا:

>سوری، آپ سے شاید نمبر غلط ہوا ہے۔ میں بھی ایک لڑکی ہوں اور میں اسائنمنٹس نہیں لکھتی۔

<

مشائم نے کہا:

>کیا؟ ایک منٹ! میں نمبر چیک کرتی ہوں۔

<

مشائم نے نمبر چیک کیا تو واقعی غلط تھا۔

اُس نے جلدی سے میسج کیا:

>اُف! سوری! واقعی نمبر غلط ہوا ہے مجھ سے۔ سوری! سوری!

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

<

ماہ نور نے جواب دیا:

>It's okay(کوئی بات نہیں)۔

<

مشائم نے پوچھا:

Posted On Kitab Nagri

>آپ کا نام کیا ہے؟

<

ماہ نور نے میسج کیا:

>ماہ نور عثمانی۔

<

مشائم نے میسج کیا:

>ماشاءاللہ! بہت پیارا نام ہے۔

<

ماہ نور نے کہا:

>تھینک یو۔

<

ماہ نور نے سوچ کر میسج کیا:

>کتنے اسائنمنٹس ہیں؟ مجھے بتائیں، اگر کم ہیں تو میں مدد کر سکتی ہوں۔

<

مشائم کی کال اور دوستی کا آغاز

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یہ میسج دیکھتے ہی مشائم کی کال آ گئی۔

ماہ نور نے کال ریسیو کی اور بالکونی میں نکل آئی۔ اُس نے کہا، "السلام علیکم۔"

مشائم نے جواب دیا، "وعلیکم السلام! کیسی ہیں آپ؟"

"جی الحمدللہ، آپ کیسی ہیں؟" ماہ نور نے پوچھا۔

مشائم نے کہا، "میں بھی ٹھیک ہوں۔"

یوں دونوں کی باتیں شروع ہو گئیں اور وہ تقریباً ایک گھنٹے تک باتیں کرتی رہیں۔ اس دوران، مشائم نے اپنے اسائنمنٹس کا مسئلہ بھی ماہ نور کو بتا دیا۔

ماہ نور نے کہا، "دو دن میں تیار ہو جائیں گے۔"

ایک گھنٹے بات کرنے کے بعد دونوں نے کال کاٹ دی۔

ماہ نور کو مشائم کی باتیں بہت اچھی لگیں۔

دوسری طرف، مشائم کو بھی ماہ نور بہت اچھی لگی اور وہ خوشی سے مسکرا رہی تھی۔

جرار افس سے گھر لوٹا، سیدھا اپنے کمرے میں گیا۔ کچھ دیر کے لیے بستر پر لیٹا، پھر اٹھ کر فریش ہونے کے لیے واش روم گیا۔ تازہ دم ہو کر وہ نیچے آیا۔ رات کا کھانا تیار تھا۔ وہ آ کر ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھا، جہاں وجاہت صاحب، عائشہ خاتون، اور مشائم پہلے ہی موجود تھے۔

Posted On Kitab Nagri

عائشہ خاتون نے پیار سے بات کا آغاز کیا:"جری..."

جرار نے پیار سے کہا،"جی، مما؟"

"بیٹا، شادی کر لو اب..."عائشہ خاتون ابھی پوری بات کہہ ہی رہی تھیں کہ جرار نے فوراً روک دیا:

"مما، پلیز! پھر سے شروع مت ہونا۔ مجھے ان سب باتوں سے دور رکھیں۔"

عائشہ خاتون نے تھوڑا جذباتی ہو کر کہا،"بیٹا! کیا تم نہیں چاہتے کہ میں اپنے پوتوں پوتیوں کو دیکھوں؟ کتنے ارمان ہیں میرے۔"

وجاہت صاحب نے بیچ میں پڑ کر ماحول کو پر سکون کیا،"عائشہ، چھوڑو یہ باتیں! جب اس نے شادی کرنی ہو گی تو بتا دے گا۔"

عائشہ خاتون نے ناراض ہو کر کہا،"کیسے چھوڑ دوں؟ اس کی عمر کے لڑکوں کے دو دو تین تین بچے ہیں اور اس نے ابھی تک شادی نہیں کی!"

جرار نے شرارت سے کہا،"مما! تو کیا ہوا؟ میں بچے اڈاپٹ کر لوں گا!"

یہ سن کر وجاہت صاحب اور مشائم کا زوردار قہقہہ نکل گیا۔ عائشہ خاتون کا دل چاہا کہ وہ اُس کے کان کے نیچے دو لگا دیں۔

اسی اثناء میں، مشائم نے اپنا موبائل اٹھایا اور ماہ نور سے میسج پر بات کرنے لگی۔ ایک ہی دن میں دونوں کی دوستی پکی ہو گئی تھی۔ وہ میسج میں شرارتی باتیں کر رہی تھیں۔"پتا نہیں، آگے کیا ہو گا؟"

Posted On Kitab Nagri

مشائم میسج کر رہی تھی اور ساتھ میں ہنس رہی تھی۔ جرار نے اُسے دیکھا جو موبائل میں گم ہو کر ہنس رہی تھی۔

جرار نے پوچھا، "ایسا کیا دیکھ رہی ہو جو ہنس رہی ہو؟"

مشائم نے لاپرواہی سے کہا، "کچھ نہیں، بھائی! دوست سے بات کر رہی ہوں۔"

وجاہت صاحب اور عائشہ خاتون نے چونک کر مشائم کو دیکھا۔ جرار بھی آنکھیں چھوٹی کر کے اُسے دیکھ رہا تھا۔

مشائم نے تینوں کو دیکھا جو اسے یوں گھور رہے تھے، "کیا ہوا؟ آپ سب ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں؟"

وجاہت صاحب نے پوچھا، "تم تو دوست نہیں بناتیں! تو یہ کون ہے؟"

مشائم نے پھر پوری بات بتائی کہ کیسے وہ اسائنمنٹ والے کو میسج کر رہی تھی اور غلطی سے وہ میسج کسی لڑکی کو چلا گیا اور اب ان کی دوستی ہو گئی ہے۔

جرار نے ناگواری سے کہا، "مت کرو بات ان لوگوں سے۔ پراڈی لوگ ہوتے ہیں یہ۔"

مشائم نے دفاع کرتے ہوئے کہا، "ارے بھائی! مجھے کال پر بات کی تھی، وہ اتنی معصوم لگ رہی تھی! آواز سے ہی پتہ چلتا ہے کہ سامنے سے کتنی معصوم ہو گی۔"

خیر، کھانا کھا کر سب اپنے اپنے کمرے میں چلے گئے۔ مشائم نے فوراً ماہ نور کو کال کیا اور گھنٹوں باتیں کرنے لگیں۔

Posted On Kitab Nagri

اب دوستی کی ڈور جُڑ چکی ہے۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 75005

Posted On Kitab Nagri

دن گزرتے گئے، اور ماہ نور اور مشائم کی دوستی مزید گہری ہوتی چلی گئی۔ اب حال یہ تھا کہ جب دونوں ایک دوسرے سے بات نہیں کرتیں تو ان کا وقت نہیں گزرتا تھا۔

مشائم نے ایک دن ماہ نور کو اپنے گھر آنے کی ضد کی۔

ماہ نور نے جواب دیا، "نہیں یار، مما اجازت نہیں دیں گی۔"

لیکن مشائم مسلسل ضد کر رہی تھی۔

ماہ نور نے آخر کہا، "ٹھیک ہے! میں کچھ کرتی ہوں، اگر مما سے اجازت مل گئی تو آجاؤں گی۔"

یہ سن کر مشائم بہت خوش ہو گئی۔

ماہ نور لاؤنج میں آئی، جہاں غزال خاتون اور شاندانہ جسے ماہ نور وفا کہتی تھی بیٹھی باتیں کر رہی تھیں۔

ماہ نور نے کہا، "مما، وہ میری دوست ہے نا مشائم، وہ بہت ضد کر رہی ہے کہ ہم اس کے گھر آجائیں۔"

غزال خاتون نے فوراً کہا، "کوئی ضرورت نہیں جانے کی۔"

ماہ نور نے دل شکستہ ہو کر کہا، "مما، دوست ہے میری! پلیز جانے دیں۔"

غزال خاتون نے تھوڑا غصے سے کہا، "مینو، ضد نہیں کرو۔ میں نے کہہ دیا نا، نہیں!"

شاندانہ ماہ نور کی چچی جو کہ ماہ نور سے بہت پیار کرتی تھی، ماہ نور نے کہا، "مما، وفا بھی چلی جائے گی میرے ساتھ۔"

Posted On Kitab Nagri

شاندانہ نے کہا، "نہیں مینو، عبداللہ بیمار ہے۔ میں نہیں جا سکتی۔"

غزال نے ذرا غصے سے کہا، "مینو، اب میں تمہارے منہ سے جانے کی بات نہ سنوں۔"

ماہ نور اُٹھ کر اپنے کمرے میں چلی گئی، اب اُسے پتا تھا کہ کیا کرنا چاہیے۔

تھوڑی دیر بعد ماہ نور اپنی مورے کے کمرے میں آئی۔ دادی نے دیکھتے ہی کہا، "آؤ میری بچی!"

ماہ نور نے اُن کی گود میں سر رکھا اور پھر اٹھ کر دادی کے پاؤں دبانے لگی اور کہا، "میری پیاری مورے، آپ کی طبیعت کیسی ہے؟"

مورے نے مسکراتے ہوئے ماہ نور کو گھورا اور کہا، "پُتر، میں خوب سمجھ رہی ہوں کہ جو تم یہ مکھن لگا رہی ہو، اس میں ضرور تمہاری کوئی بات ہے۔ تم مجھ سے کچھ منگواؤ گی۔"

ماہ نور نے اُن کا ہاتھ پکڑ کر کہا، "میری پیاری مورے! آپ کے علاوہ تو میری کوئی سنتا ہی نہیں! ایک آپ ہی ہیں جو میرے دل کی بات سمجھ جاتی ہیں۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مورے نے پیار سے کہا، "اچھا، بولو! کیا چاہیے؟"

"مورے، میری دوست نے مجھے اپنے گھر بلایا ہے، اور مما اجازت نہیں دے رہیں۔"

مورے نے فیصلہ کُن انداز میں کہا، "کوئی بات نہیں، تم چلی جانا! کوئی تمہیں روک کر تو دکھائے!"

ماہ نور نے خوشی سے کہا، "ہائے! میری پیاری مورے! بہت اچھی ہیں آپ!"

Posted On Kitab Nagri

ماہ نور اپنے کمرے میں گئ اور مشائم کو میسج کیا: "کل آؤں گی!"

مشائم بھی بہت خوش ہو گئی۔

مشائم خوشی سے اچھلتی ہوئی نیچے آئی، جہاں عائشہ اور وجاہت صاحب بیٹھے ہوئے تھے۔

مشائم نے خوشی سے چھلانگ لگاتے ہوئے کہا، "ماما، پاپا! میری دوست مینو کل آئے گی یہاں!" مشائم خوشی سے اچھل رہی تھی۔

عائشہ خاتون نے کہا، "یہ تو بہت اچھی بات ہے۔ ہم بھی تمہاری دوست سے ملیں گے، جس سے تم ہر وقت باتیں کرتی رہتی ہو۔"

وجاہت صاحب نے بھی کہا، "ہاں بھائی، ہم بھی مل لیں گے۔"

تب ہی جرار آیا اور سب کے ساتھ بیٹھ گیا۔ اُس نے پوچھا، "کیا باتیں ہو رہی ہیں؟"

مشائم نے کہا، "بھائی، کل میری وہ دوست آئے گی یہاں!"

جرار کو اس بات میں کچھ دلچسپی نہیں تھا، اس لیے اُس کچھ خاص نہیں کہا۔

صبح الارم کی آواز سے ماہ نور کی آنکھ کھلی۔ آج اتوار تھا اور آج ہی اُسے مشائم کے گھر جانا تھا۔ وہ فوراً اُٹھی اور واشروم کی طرف گئی۔

Posted On Kitab Nagri

تھوڑی دیر بعد وہ تیار ہو کر نیچے آئی اور ناشتے کے لیے ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھ گئی۔ غزال خاتون ابھی بھی ماہ نور سے ناراض تھیں کہ اُس نے مع کے باوجود مورے کو کیوں بتایا، لیکن ماہ نور کو کوئی پرواہ نہیں تھی۔ جب مورے نے جانے کو کہہ دیا، تو کوئی نہیں روک سکتا۔

ماہ نور نے ناشتہ کیا اور اُٹھ کر کمرے میں مزید تیار ہونے کے لیے چلی گئی۔

ماہ نور نے لیموں پیلے رنگ کی فراک پہنی تھی، اور بال باندھے ہوئے تھے۔ ماہ نور میک اَپ نہیں کرتی تھی، بلکہ اسے میک اَپ سے چِڑ تھی۔ وہ ایک پٹھانی تھی، اور پٹھان تو ہوتے ہی قدرتی طور پر خوبصورت ہیں۔ اُس نے پیلا دوپٹہ اوڑھا، اپنا موبائل لیا اور نیچے آ گئی۔

اُس نے کہا، "مورے، داجی، میں جا رہی ہوں۔ مما اور وفا تو مارکیٹ گئی ہیں، آپ اُنہیں بتا دیجیے گا۔"

داجی اور مورے نے اُسے دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا۔

ماہ نور ایک رکشے میں بیٹھی اور ایڈریس دیا۔ حالانکہ اُن کے گھر میں گاڑی تھی، لیکن ماہ نور اُس میں نہیں جا رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دوسری طرف، مشائم ابھی تک سو رہی تھی۔ عائشہ خاتون کمرے میں آئیں، "بیٹا، مشائم! اُٹھ جاؤ، آج تمہاری دوست بھی آ رہی ہے۔"

یہ سن کر مشائم جلدی سے اُٹھ گئی اور فریش ہونے چلی گئی۔

Posted On Kitab Nagri

ماہ نور، مشائم کے گھر پہنچی، رکشے والے کو پیسے دے کر اُتری اور گھر کے دروازے کی طرف بڑھی۔

گارڈ نے دروازہ کھولا، اور ماہ نور اندر داخل ہو گئی۔

مشائم کو شاید کھڑکی سے پتا چل گیا تھا، وہ اندر سے دوڑتی ہوئی باہر آئی۔ ماہ نور کو دیکھا اور بھاگ کر اُسے گلے لگالیا۔ دونوں بہت اچھے سے ملیں۔

مشائم، ماہ نور کو اندر لے گئی۔ عائشہ خاتون کچن سے باہر آئیں۔ ماہ نور نے اُنہیں سلام کیا، عائشہ بھی بہت اچھے سے ملیں۔

مشائم، ماہ نور کو لاؤنج میں لے گئی اور دونوں بیٹھ گئیں۔

مشائم نے مسکراتے ہوئے کہا، "تم تو واقعی بہت خوبصورت ہو!"

ماہ نور نے بھی مسکراتی ہوئی کہا، "اور تم بھی بہت خوبصورت ہو!"

دونوں دوستیں باتیں کرنے لگیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تھوڑی دیر بعد وجاہت صاحب اندر آئے۔ ماہ نور انہیں دیکھ کر کھڑی ہو گئیں اور ادب سے سلام کیا۔

وجاہت صاحب نے بھی پیار سے جواب دیا۔

عائشہ خاتون چائے لے آئیں اور ساتھ میں بسکٹ، سنیکس وغیرہ بھی۔

ماہ نور نے چائے پی اور مشائم نے کہا، "چلو، میرے روم میں چلتے ہیں۔"

Posted On Kitab Nagri

اور دونوں دوستیاں باتیں کرتی ہوئی مشائم کے روم میں چلی گئیں۔

ماہ نور اور مشائم دونوں بیڈ پر بیٹھی تھیں اور کمرے کی خوبصورتی پر بات کر رہی تھیں۔

ماہ نور: کمرے کی تعریف کرتے ہوئے کہا واہ! تمہارا روم تو بہت خوبصورت ہے۔ تمہارا ذوق بہت اچھا ہے۔

مشائم: ہنستے ہوئے کہا شکریہ! اور ویسے، ایک غلطی سے کیے ہوئے میسج سے ہماری اتنی گہری دوستی ہو گئی! یہ سب کتنا دلچسپ ہے۔

ماہ نور: مسکرا کر کہا ہاں! میں تو ایسے اَن جان نمبر پر جواب نہیں دیتی۔ شاید دوستی ہونی ہی تھی، اس لیے جواب دے دیا۔

مشائم: ماہ نور کی طرف جھک کر، پیار سے اُس کے گال کھینچتے ہوئے کہا ویسے، تم واقعی بہت خوبصورت ہو! جیسا میں نے سوچا تھا، اُس سے بھی زیادہ خوبصورت ہو۔

ماہ نور: تم بھی بہت زیادہ خوبصورت ہو۔

ماہ نور نے کہا، "چلو، نیچے چل کر باقی گھر بھی دیکھتے ہیں۔ مجھے تمہارا لاؤنج اور ڈیکوریشن بہت پسند آئی ہے۔"

Posted On Kitab Nagri

مشائم: بیڈ سے اٹھتے ہوئے کہا ٹھیک ہے۔ تم جاؤ، میں بس آ رہی ہوں۔

"اچھا، ٹھیک ہے،" ماہ نور کمرے سے باہر نکل گئی۔

ماہ نور دھیان سے گھر کی خوبصورتی کو دیکھتے ہوئے جا رہی تھی کہ اچانک کسی سے زور سے ٹکرا گئی۔

ٹکراؤ اتنا شدید تھا کہ ماہ نور گرنے ہی والی تھی کہ اُسی شخص نے کمر سے تھام کر اُسے گرنے سے بچا لیا۔

ماہ نور نے غصے میں اوپر دیکھے بغیر کہا، "آہ! میری ناک توڑ دی ظالم نے!"

وہ سنبھل کر کھڑی ہوئی اور اوپر دیکھا۔

ماہ نور نے دیکھا، اور دوسری طرف جرار نے بھی دیکھا۔

جرار نے چونک کر کہا: "تم!"

ماہ نور نے حیرت سے کہا: "آپ!"

جرار نے اپنی روب دار آواز میں پوچھا، "تم یہاں کیا کر رہی ہو؟"

تب ہی مشائم کمرے سے باہر آئی۔ اُس نے دونوں کو ایک ساتھ کھڑے دیکھا تو خوشی سے چیخ پڑی:

"ہائے! آپ دونوں مل گئے؟"

مشائم نے فوراً تعارف کرایا: "بھائی! یہ میری دوست ماہ نور ہے۔ اور مینو، یہ میرے بھائی جرار درانی ہیں۔"

Posted On Kitab Nagri

یہ سن کر ماہ نور کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا۔ یہ کھڑوس، مشائم کا بھائی تھا!

جرار نے کوئی ردِ عمل نہیں دیا اور خاموشی سے تیزی سے اپنے کمرے کی طرف چلا گیا۔

ماہ نور نے سے مشائم کی طرف دیکھا اور فوراً کہا، "یہ کھڑوس تمہارا بھائی ہے؟"

مشائم نے حیرت سے پوچھا، "کیا؟ تم... تم اس سے پہلے ملی ہو؟"

دونوں لاؤنج میں آ گئیں اور ماہ نور نے میں ساری بات بتائی کہ کیسے اُس دن سڑک پر اُس کا ایکسیڈنٹ ہوتے ہوتے بچا تھا اور جرار نے کیسے اُس کی توہین کی تھی۔

مشائم ساری کہانی سن کر ہنسی جا رہی تھی۔ وہ مشکل سے اپنی ہنسی روک کر بولی، "ہاہاہا! بھائی ایسے ہی ہیں! مگر وہ دل کے بُرے نہیں ہیں۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عائشہ خاتون نے کھانا تیار کیا تو ماہ نور اور مشائم کھانے کے لیے ڈائننگ ٹیبل پر آ گئیں۔ وجاہت صاحب اور عائشہ خاتون بھی بیٹھ گئے۔

ماہ نور اپنی خوشگوار باتوں سے سب کو ہنسا رہی تھی، اور وجاہت صاحب اور عائشہ خاتون کو ماہ نور بہت پسند آ چکی تھی۔

عائشہ خاتون نے کھانے کے دوران پیار سے پوچھا، "اچھا بیٹا، فیملی میں کون کون ہیں؟"

Posted On Kitab Nagri

ماہ نور ابھی اپنے خاندان کے بارے میں بتا ہی رہی تھی کہ اُس کے موبائل پر کال آئی۔ماہ نور نے موبائل دیکھا۔

وجاہت صاحب نے کہا،"بیٹا،اگر ضروری کال ہے تو اُٹھالو۔"

ماہ نور نے کال اُٹھائی اور کان سے لگایا۔

"ہیلو مورے،زابہ زر درزم سہی دَ۔"(ہیلو مورے،میں جلد ہی آجاؤں گی،بس ٹھیک ہے)

ماہ نور نے خالص پشتو میں بات کی اور کال بند کر دی۔

اُس نے جیسے ہی فون رکھا،اُس نے دیکھا کہ عائشہ خاتون،وجاہت صاحب،مشائم،اور یہاں تک کہ جرار بھی،حیرت سے اُسے دیکھ رہے تھے۔

ماہ نور نے سب کو دیکھا جو اسے یوں گھور رہے تھے،اور پوچھا،"کیا ہوا؟ آپ لوگ ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں؟"

وجاہت صاحب نے حیرت سے پوچھا،"کیا تم نے ابھی پشتو میں بات کی؟"

ماہ نور نے جواب دیا،"جی،میری دادی(مورے)کی کال تھی تو انہی سے بات کر رہی تھی۔"

مشائم نے خوشی سے کہا،"اس کا مطلب ہے تم پٹھان ہو!"

ماہ نور نے مسکرا کر کہا،"ہاں،میں پٹھانی ہوں!"

مشائم:تو تم نے مجھے بتایا کیوں نہیں!

Posted On Kitab Nagri

ماہ نور: ہاں، میرا تو کبھی دھیان ہی نہیں گیا، اور تم نے پوچھا نہیں۔

عائشہ خاتون: لیکن تم تو اتنی صاف اردو بول رہی تھی کہ ہمیں تو ذرا بھی پتا نہیں چلا۔

مشائم: ہاں! تمہارے ساتھ بات کرتے ہوئے مجھے بھی ذرا سا نہیں لگا کہ تم پٹھان ہو۔

ماہ نور نے کہا، "ہاں، میں پٹھانی ہوں۔"

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 75005

عائشہ خاتون نے پیار سے کہا، "اچھا، اس لیے تم اتنی خوبصورت ہو!"

ماہ نور نے کہا، "آنٹی، یہ آپ کی محبت ہے اسل ئے پیارے لگ رہی ہوں۔"

جرار اپنا کھانا کھا رہا تھا، نہ کوئی بات کر رہا تھا، بس اپنا کھانا کھانے میں مگن تھا۔ مگر ماہ نور کی پشتو نے اُس کے اندر کچھ تجسس ضرور پیدا کیا تھا۔

ماہ نور نے اب شرارت کے موڈ میں آکر کہا: "او، مڑا مشائم! ہم کو بریانی تو دے!"

ماہ نور نے یہ جملہ مذاقی پٹھان اسٹائل میں کہا تو عائشہ خاتون، وجاہت صاحب، اور مشائم سب ہنسنے لگے۔

کھانے کے بعد سب وہیں بیٹھے تھے اور ماہ نور کی باتیں سن رہے تھے۔

ماہ نور کو یاد آیا، "اوہ! آنٹی، میں تو بھول ہی گئی تھی! آپ نے پوچھا تھا نا کہ فیملی میں کون کون ہے؟"

ماہ نور نے بتایا، "میرے دادا، دادی ہیں، اور ماما، پاپا ہیں، اور چچا، چچی ہیں۔ اُن کے دو بچے ہیں، میرے کزنز۔ ایک کزن کا نام عبد اللہ ہے اور دوسری کا نام مینل ہے۔ لیکن... عبد اللہ بیمار ہے۔"

عائشہ خاتون نے پوچھا، "کیا مطلب؟ کیسے بیمار ہے؟"

Posted On Kitab Nagri

یہ بتاتے ہوئے ماہ نور کی آنکھیں نم ہو گئیں۔"وہ ابھی صرف چھ سال کا ہے۔اُس کی کڈنی میں پتھر (Stones)ہیں بچپن سے۔بہت آپریشنز کرائے ہیں، لیکن ابھی بھی ٹھیک نہیں ہے۔"

وجاہت صاحب اور عائشہ خاتون کو بھی بہت دکھ ہوا۔وجاہت صاحب نے سنجیدگی سے کہا،"اللہ بچے کو جلد صحت یاب کرے اور صحت عطا کرے۔"

"آمین،"ماہ نور نے دکھی دل سے کہا۔

ماہ نور نے فوراًماحول بدلا اور کہا،"آنٹی،اب مجھے بہت دیر ہو گئی ہے۔مجھے گھر جانا ہو گا۔اگر زیادہ دیر کی،تو ماما میرا قیمہ بنادیں گی!"

یہ سن کر وجاہت صاحب،عائشہ خاتون اور مشائم ہنسنے لگے۔

عائشہ خاتون نے پیار سے کہا،"ہاں بیٹا،جرار تمہیں لے جائے گا۔"

ماہ نور نے یہ سن کر جرار کی طرف دیکھا اور جلدی سے کہا،"ن... نہیں، نہیں آنٹی!میں خود چلی جاؤں گی۔"

وجاہت صاحب نے فیصلہ سُنایا،"نہیں بیٹا،جرار لے جائے گا۔جرار!ماہ نور کو اسکی گھر لے جاؤ۔"

جرار کا بالکل موڈ نہیں تھا،لیکن والد کے کہنے پر اس نے بغیر کسی بحث کے کہا،"جی،پاپا۔"

عائشہ خاتون نے ماہ نور سے کہا،"بیٹی،تمہارے ساتھ یہاں بہت اچھا وقت گزرا۔یہاں آتی رہنا۔"

Posted On Kitab Nagri

ماہ نور نے کہا، "جی آنٹی، کیوں نہیں! لیکن اب آپ لوگ بھی آئیں گے ہمارے گھر، ٹھیک ہے؟"

عائشہ خاتون نے ہنستے ہوئے کہا، "ہاں، کیوں نہیں بیٹا!"

جرار باہر نکل چکا تھا اور گاڑی میں انتظار کر رہا تھا۔

ماہ نور نے وجاہت صاحب سے کہا، "ویسے انکل، یہ جو کھڑوس ہے نا... میرا مطلب ہے آپ کا بیٹا... یہ آپ کا اپنا ہی بیٹا ہے؟"

عائشہ اور وجاہت حیران ہو کر ماہ نور کو دیکھنے لگے۔

وجاہت صاحب نے پوچھا، "کیوں؟"

تب ہی باہر سے ہارن کی آواز آئی

ماہ نور نے سب سے اجازت لی اور مشائم سے گلے مل کر الوداع کہا۔ جاتے ہوئے ماہ نور نے کہا، "انکل، یہ سب مشائم بتا دے گی۔"

ماہ نور باہر نکل کر گاڑی میں بیٹھی اور جرار نے گاڑی روانہ کر دی۔

ماہ نور کے جانے کے بعد، مشائم نے وجاہت صاحب اور عائشہ خاتون کو ساری بات بتائی کہ ماہ نور اور جرار کیسے ملے تھے، اور سڑک پر کیا ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

وجاہت اور عائشہ یہ سن کر ہنسنے لگے۔

عائشہ خاتون نے پیار سے کہا، "بہت پیاری بچی تھی اور بہت پیاری باتیں کر رہی تھی۔"

وجاہت صاحب نے کہا، "ہاں، جب دل صاف ہو تو ایسی ہی ہوتی ہے۔"

گاڑی کے اندر گہری خاموشی چھائی ہوئی تھی۔

تھوڑی دیر بعد، ماہ نور نے جرار کی طرف دیکھا اور ماحول کی سنجیدگی کو توڑتے ہوئے کہا، "ویسے، کتنی حیرت کی بات ہے نا؟"

جرار نے بغیر دیکھے، سرد لہجے میں کہا، "کیا؟"

ماہ نور نے کہا، "یہی کہ میری اور مشائم کی دوستی کیسے ہوئی، اور آپ کھڑوس مشائم کے بھائی ہیں۔ ویسے آنٹی، انکل، مشائم کتنے اچھے ہیں! پتا نہیں آپ کس پر چلے گئے! کھڑوس!"

اُس کے بار بار 'کھڑوس' کہنے پر، جرار کے ضبط کا پیمانہ لبریز ہو گیا۔ اُسے شدید غصہ آیا اور اُس نے جھٹکے سے گاڑی روکی۔

جرار نے ماہ نور کا بازو پکڑا اور سرد آواز میں کہا، "اپنی زبان بند کرو! سمجھی؟ بار بار مجھے کھڑوس مت کہو! ورنہ زبان کاٹ دوں گا!"

Posted On Kitab Nagri

ماہ نور کو اُس کی انگلیاں اپنے بازو میں گہرائی تک گُھس کر درد دیتے ہوئے محسوس ہوئیں۔

ماہ نور کی بڑی بڑی آنکھوں میں اب ڈر تھا۔ درد کی وجہ سے آنکھوں میں آنسو آ گئے اور وہ رندھی ہوئی آواز میں بولی:

"چھ... چھوڑیں! د... درد ہو رہا ہے۔"

اُس کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر، جرار کو اپنے دل میں تکلیف کا احساس سا ہوا۔

جرار نے جھٹکے سے اُس کا بازو چھوڑا۔

ماہ نور خود کو سمیٹ کر گاڑی کے دروازے سے لگ گئی۔ اُسے پہلی بار جرار سے شدید خوف محسوس ہوا تھا۔

جرار نے گاڑی دوبارہ چلائی۔

اب ماہ نور تمام راستے خاموش رہی۔ اُس کی آنکھوں میں آنسو تھے اور درد ابھی تک اُس کے بازو میں محسوس ہو رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماہ نور کا گھر آ گیا۔ اس نے اپنی آنکھیں صاف کیں تا کہ کوئی آنسو یا خوف نظر نہ آئے۔ وہ تیزی سے گاڑی سے نیچے اتری اور غصے میں آ کر گاڑی کا دروازہ بہت زور سے بند کیا اور اندر کی طرف بھاگ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

جرار نے اُس کے غصے بھرے رویے کو دیکھا تو اُس کے ہونٹوں پر ہلکی سی مسکراہٹ آئی، جسے اُس نے جلدی سے دبا دیا۔ اُس کے ذہن میں ابھی بھی ماہ نور کی ڈر سے بھری ہوئی بڑی آنکھیں گھوم رہی تھیں۔ اُس نے فوراً گاڑی روانہ کی۔

ماہ نور نے گھر جا کر سب کو سلام کیا اور سب کے ساتھ بیٹھ گئی۔ اگرچہ اُس کا دل ابھی بھی تھوڑا غمگین تھا، لیکن وہ خود پر قابو رکھتی تھی۔
اور مشائم کے خاندان کی تعریفیں کرنے لگی۔ اُس نے بتایا کہ آنٹی، انکل اور مشائم کتنے اچھے ہیں اور کتنی پیار محبت سے ملے ہیں۔

جرار گھر پہنچا اور سیدھا اپنے کمرے میں آیا۔ اُس نے اپنا لیپ ٹاپ اُٹھایا اور افس کا کام شروع کر دیا۔ وہ ہمیشہ کی طرح اپنے کام میں مگن ہو گیا، لیکن کہیں نہ کہیں اُس کے ذہن میں ماہ نور کی وہ معصوم آنکھیں رہ گئی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

جرار لیپ ٹاپ پر کام کر رہا تھا کہ اُس کے موبائل پر کال آئی۔ اُس نے دیکھا کہ یہ اُس کے کزن ہارون دورانی کی کال تھی۔

جرار نے کال اُٹھائی۔ سلام دعا کے بعد ہارون نے شرارت سے کہا، "ویسے یار، کہاں اتنا مصروف ہو گئے! بندہ کسی کا حال چال پوچھ لے! تم تو بس اپنی محبوبہ کے ساتھ ہر وقت مصروف ہوتے ہو۔"

ہارون، جرار کے کام کو ہی اُس کی محبوبہ کہہ کر چھیڑتا تھا۔

جرار نے مصنوعی بے زاری سے کہا، "بکو! کال کیوں کی؟"

ہارون نے بھی مصنوعی غصے سے کہا، "سالے! تمیز سے بات کرو مجھ سے۔ بہنوئیں ہوں تمہارا!"

جرار نے کہا، "چپ کرو! عزت تمہیں سوٹ نہیں کرتی۔ اب بکو، ورنہ کال بند کرتا ہوں۔"

ہارون نے کہا، "سالے! کل میں آرہا ہوں، تو مجھے لینے ایئرپورٹ آجانا۔ اور ہاں! ماما پاپا کو پتا نہ چلے، یہ سرپرائز ہے۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جرار نے کہا، "اچھا، ٹھیک ہے، آجاؤں گا۔"

کچھ دیر مزید بات کرنے کے بعد دونوں نے کال بند کر دی۔

ہارون دورانی، جرار دورانی کا کزن تھا۔ دونوں کی عمریں تقریباً ہم عمر تھیں، بس جرار دو ماہ بڑا تھا۔ دونوں کی دوستی بھی بہت اچھی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ہارون کے ماں باپ بچپن میں ہی ایک حادثے میں اللہ کو پیارے ہو گئے تھے، تب سے وجاہت صاحب اور عائشہ خاتون نے اُسے اپنے بچوں کی طرح پالا تھا۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

www.kitabnagri.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 75005

Posted On Kitab Nagri

ہارون بزنس کے کام سے ترکی گیا ہوا تھا۔ جرار اور ہارون دونوں مل کر فیملی کا بزنس سنبھال رہے تھے۔ ہارون کی بھوری آنکھیں تھیں، رنگت جرار کی طرح دودھ جیسی سفید، قد چھ فٹ اور وہ بھی سنجیدہ اور روب دار تھا، لیکن گھر میں وہ بہت ہی نرم اور پیار کرنے والا تھا۔

کھڑوس اور سڑا ہوا کریلا

ماہ نور اپنے کمرے میں آچکی تھی اور ابھی بستر پر بیٹھی تھی کہ اُس کے موبائل پر مشائم کی کال آگئی۔

مشائم: ہیلو! مینو! خیریت سے گھر پہنچ گئی تھی؟ سب ٹھیک ہے؟

ماہ نور: کال ریسیو کرتے ہوئے کہا، پیار سے ہاں میشی! میں خیریت سے پہنچ گئی۔

مشائم کو ماہ نور کا میشی کہنا بہت اچھا لگا۔

مشائم: مسکرا کر کہا واہ! میشی! مجھے یہ نام بہت پسند آیا!

ماہ نور: نے کہا میشی! یہ تمہارا بھائی مرچی کھاتا ہے کیا؟ جو ہر وقت سڑا ہوا کریلا بنا رہتا ہے!

مشائم: حیران ہوئے اور کہا کیا ہوا! بھائی نے کچھ کہا؟

ماہ نور: معصومیت سے کہا ہائے! پتا ہے میشی، اُس نے اتنی زور سے میرا بازو پکڑا تھا، مجھے لگا میرا بازو ٹوٹ جائے گا۔

Posted On Kitab Nagri

مشائم کو ماہ نور کی یہ معصومیت سن کر اُس پر بہت پیار آیا۔

مشائم: مینو! تم فکر نہ کرو۔ جب اگلی دفعہ گھر آؤ گی نا، تو بھائی تم سے معافی مانگے گا۔ میں ابھی بھائی کی خبر لیتی ہوں کہ کیسے میری اکلوتی دوست کے ساتھ ایسا کیا!

ماہ نور یہ سن کر ہنسنے لگی۔

دونوں سہیلیوں نے پھر بہت دیر تک باتیں کیں اور ہنسی مذاق کے بعد کال بند کر دی۔

جرار ابھی لیپ ٹاپ پر کام میں مگن تھا۔ تبھی اُس کے کمرے کا دروازہ کُھلا۔

جرار نے دیکھا، سامنے میشی کھڑی تھی۔

جرار: کیا ہوا میشی بچے؟ تم یہاں؟

میشی: اندر آئی اور ناراضگی سے کہا بھائی! آپ نے میری دوست کے ساتھ ایسا کیوں کیا؟

جرار نے چہرے پر معصومیت لاتے ہوئے دیکھا، "کیا کیا میں نے؟"

میشی: آنکھیں چھوٹی کر کے کہا بھائی! زیادہ معصوم مت بنیں! آپ نے میری مینو کا بازو زور سے پکڑا تھا۔

جرار: اُس نے شکایت کی ہے میری؟

Posted On Kitab Nagri

میشی: آواز میں پیار تھا نہیں! وہ تو اتنی معصومیت سے بتا رہی تھی کہ مجھے تو اُس پر بہت پیار آیا۔ اُسے لگا کہ اُس کا بازو ٹوٹ جائے گا۔ آپ نے ایسا کیوں کیا؟

میشی: اب حکم کے انداز میں بولی اب جب وہ ہمارے گھر دوبارہ آئے گی نا، تو آپ اُس سے معافی مانگیں گے!

جرار نے اپنی بھنویں چڑھا کر میشی کو گھورا، "میں کیوں معافی مانگوں؟"

میشی: فوری دھمکی دیتے ہوئے کہا بھائی! اگر آپ نے معافی نہیں مانگی، تو میں آپ سے بات نہیں کروں گی!

جرار اپنی بہن کو ناراض نہیں کرنا چاہتا تھا:

"اچھا، اچھا! مانگ لوں گا معافی! اب خوش؟"

میشی سُن کر سچ میں خوش ہو گئی اور زور سے ایک مسکراہٹ کے ساتھ کمرے سے نکل گئی۔

جرار نے دروازہ بند کیا۔ اُس نے ایک ٹھنڈی سانس لی اور چہرے پر گہرا مسکراہٹ ایا۔

اگلی صبح جرار معمول کے مطابق نیچے ڈائننگ ٹیبل پر ناشتے کے لیے آیا۔ وہ اور وجاہت صاحب (اخبار پڑھ رہا تھا اور عائشہ خاتون کچن میں کام کر رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

جرار اپنا ناشتہ کر رہا تھا، اس کے چہرے پر سنجیدگی تھی۔

عائشہ خاتون: کچن سے آواز دیتے ہوئے کہا بیٹا! تمہارا آج کوئی ضروری آؤٹ آف سٹی کام ہے کیا؟

جرار: جی مما، بس ایک ضروری میٹنگ ہے جس کے لیے جانا پڑے گا۔

جرار نے ناشتہ ختم کیا اور اپنی کرسی سے اُٹھ گیا۔

جرار: میں اب نکلتا ہوں، آپ دونوں اپنا خیال رکھیے گا۔

عائشہ خاتون: ٹھیک ہے بیٹا، احتیاط سے جانا۔

جرار نے سر ہلا کر اجازت لی اور چُپ چاپ گھر سے نکل کر اپنی گاڑی لے کر ایئرپورٹ کی طرف روانہ ہو گیا

جرار نے گاڑی پارکنگ میں رُکی۔ اُس نے نیچے اُتر کر اپنے کزن ہارون کا انتظار کیا۔ جرار کا چہرہ بے حسی کا شکار تھا، مگر اندر ہی اندر وہ ہارون سے ملنے کو بے چین تھا۔

کچھ دیر بعد، ہارون سوٹ کیس کے ساتھ باہر آتا دکھائی دیا۔ اُس کے چہرے پر ایک چمکدار مسکراہٹ تھی۔

ہارون نے جرار کو دیکھا اور زور سے آواز دی، "سالے!"

جرار کے چہرے پر ایک ہلکی سی مسکراہٹ آئی، جسے اُس نے فوراً دبا دیا۔ وہ آگے بڑھا۔

ہارون نے خوش دلی سے جرار کو زور سے گلے لگا لیا۔

Posted On Kitab Nagri

ہارون: یار! تم ہمیشہ ایسے ہی کھڑوس رہتے ہو یا میرا انتظار کر رہے تھے؟

جرار: خود کو سنبھالتے ہوئے کہا تم پہنچے یا نہیں۔ اس کی فکر تھی۔ چلو، جلدی چلو۔

ہارون: ہنستے ہوئے کہا اچھا! اچھا! میں جانتا ہوں، میرا بھائی مجھ سے بہت پیار کرتا ہے!

دونوں گاڑی میں بیٹھے۔ جرار نے گاڑی روانہ کی۔

ہارون: بزنس ٹرپ کیسا رہا، جرار؟ سب ٹھیک ٹھاک؟

جرار: سب ٹھیک ہے۔ تم اپنا بتاؤ۔ ترکی میں کیا نیا دیکھا؟

ہارون: نیا تو کیا دیکھا! بس وہی کام اور میٹنگز! ویسے، تمہارا یہ سنجیدہ مِزاج کم نہیں ہوا؟ تمہیں تو ایک بریک کی ضرورت ہے۔

جرار: جرار نے اُس کی طرف دیکھا میرا بریک میرا کام ہے۔ تم اُس فضولیت کی بات مت کرو جو تم کرتے ہو۔

www.kitabnagri.com

ہارون: مزاق کرتے ہوئے کہا ارے بھائی! مجھے میری 'نازنین' کی یاد آرہی تھی۔ تمہاری طرح صرف کاغذوں سے محبت نہیں ہے مجھے۔

جرار نے کچھ دیر خاموشی رکھی، پھر دھیمے سے کہا، "اب تم آگئے ہو تو، ہم سب مل کر کام دیکھیں گے۔ تب تک، آرام کرو۔"

Posted On Kitab Nagri

ہارون نے مسکرا کر سر ہلایا۔ اُس نے سمجھ لیا تھا کہ جرار پریشان ہے، لیکن اُس کی وجہ وہ نہیں بتائے گا۔ اور اِس طرح، دونوں کزن گھر کی طرف روانہ ہوئے، جن کے دلوں میں ایک دوسرے کے لیے پیار اور فکر تھی۔

جرار اور ہارون کی گاڑی آخر کار گھر کے پورچ میں رُکی۔ جرار نے گاڑی سے اُتر کر ہارون کا سامان نکالا۔ دونوں کزن ساتھ ساتھ لاؤنج کی طرف بڑھے۔

اندر، وجاہت صاحب صوفے پر بیٹھے کوئی کتاب پڑھ رہے تھے، اور عائشہ خاتون اُن کے پاس بیٹھی تھیں، انہیں معلوم نہیں تھا کہ ہارون آ چکا ہے۔

ہارون نے دروازے پر رُک کر جرار کی طرف دیکھا اور مسکرا کر چُپ رہنے کا اشارہ کیا۔

ہارون: خوش دلی سے آواز لگاتے ہوئے کہا ماما! پاپا! دیکھو تو کون آیا ہے!

عائشہ خاتون اور وجاہت صاحب دونوں نے چونک کر دروازے کی طرف دیکھا۔ ہارون کو دیکھتے ہی اُن کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عائشہ خاتون: ایک دم حیرت سے بولی ہا... ہارون؟ میرا بیٹا! تم!

وجاہت صاحب: اُسی حیرت میں، اپنی کرسی سے کھڑے ہو کر کہا ارے! تم کب آئے؟ تم نے تو بتایا ہی نہیں!

ہارون ہنس پڑا۔ اُس نے آگے بڑھ کر سب سے پہلے عائشہ خاتون کو زور سے گلے لگا لیا۔

Posted On Kitab Nagri

ہارون: سرپرائز! میرا دل نہیں لگ رہا تھا، سوچا آپ سب کو حیران کر دوں۔ کیسا لگا میرا سرپرائز؟

عائشہ خاتون کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ اُس نے ہارون کا ماتھا چوما۔

عائشہ خاتون: میرا بیٹا! بہت، بہت اچھا لگا۔ میرا دل خوش کر دیا۔ اللہ کا شکر ہے!

وجاہت صاحب نے بھی ہارون کو بہت پیار سے گلے لگایا۔

وجاہت صاحب: جب سے تم گئے تھے، گھر سونا لگ رہا تھا۔ اب جا کر ہمیں چین آیا۔

ہارون: ہنستے ہوئے کہا میں بالکل ٹھیک ہوں، پاپا!

عائشہ خاتون: چلو، اب تم دونوں آرام کرو۔ میں تمہارے لیے اچھا سا کھانا بنواتی ہوں۔

عائشہ خاتون اور وجاہت صاحب ابھی ہارون سے بات کر رہے تھے، جبھی تیزی سے سیڑھیوں سے نیچے میشی اُچھل کر آ رہی تھی۔ ا

میشی نے ہارون کو دیکھا تو وہ حیران رہ گئی،

اُس کے چہرے پر حیرانی تھی، کیونکہ ہارون کے آنے کا ذکر تو کسی نے نہیں کیا تھا۔

لیکن جلدی سے خود کو سنبھالا اور تیزی سے سلام کیا:

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میشی:"ا-السلام و علیکم،ہ...ہارون بھائی!"

ہارون تو میشی کو دیکھ کر جیسے سب کچھ بھُول گیا!وہ سلام تو کہہ گیا،لیکن میشی کا'بھائی'کہنا ہارون کے دل کو اچھا نہیں لگا۔اُس کا دل چاہا کہ وہ ابھی اُسے اُس کی ہوش ٹھکانے لگا دے،لیکن بعد میں سزا دینا کا سوچا۔

ہارون نے جلدی سے کہا،"میں روم میں جا رہا ہوں،فریش ہونے کے لیے۔"

ہارون تیزی سے اپنے کمرے کی طرف نکل گیا۔

ماہ نور اپنے لاؤنج میں بیٹھی ہوئی تھی۔ٹی وی پر اُس کا سب سے پسندیدہ کارٹون'ٹام اینڈ جیری'لگا ہوا تھا،جسے وہ آج بھی اتنے ہی شوق سے دیکھتی تھی جیسے وہ بچپن میں دیکھتی تھی۔

اُس کے ساتھ ہی اُس کا کزن،عبد اللہ بھی بیٹھا تھا۔عبد اللہ ہنس رہا تھا،جب جیری،ٹام کو ہرا رہا تھا۔

ماہ نور کے سامنے ایک بڑی پلیٹ میں فرائیڈ چکن رکھا تھا،جسے وہ مزے سے کھا رہی تھی۔پاس ہی بہت سارے چپس کے پیکٹ اور مختلف قسم کی چاکلیٹس بھی پڑی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

ماہ نور کو کارٹون بہت پسند تھے، اور یہ لمحہ اُس کے لیے سب سے زیادہ آرام دہ ہوتا تھا۔ وہ اپنے تمام پریشانیوں کو بھول جاتی تھی—باہر کھڑوس سے ٹکرانا ہو یا عبداللہ کی صحت کی فکر۔

ماہ نور نے چکن کا ایک بڑا ٹکڑا عبداللہ کی طرف بڑھایا۔

ماہ نور: پیار سے کہا لو! یہ بڑا والا ٹکڑا میرے ہیرو کے لیے! جلدی کھاؤ، پھر ہم ایک اور چاکلیٹ والا آئسکریم کھائیں گے!

عبداللہ نے مسکرا کر ٹکڑا لے لیا۔ دونوں بہنیں اور بھائی، کارٹون کے شور اور کھانے کے مزے میں ایک دوسرے کی کمپنی انجوائے کر رہے تھے۔

رات کا کھانا سب نے مل کر کھایا۔ ہارون بہت دنوں بعد گھر آیا تھا، اس لیے خاندان میں خوشی کا ماحول تھا۔ جرار معمول کے مطابق خاموش تھا اور اپنے خیالات میں مگن۔

کھانا ختم کرنے کے بعد، ہارون نے تھکاوٹ محسوس کرتے ہوئے کہا:

ہارون: "مما، میں تھک گیا ہوں۔ اب تھوڑا آرام کرنا چاہتا ہوں۔"

عائشہ خاتون نے پیار سے کہا: "ہاں بیٹا، جاؤ۔ آرام کرو۔"

Posted On Kitab Nagri

عائشہ خاتون نے پھر جرار کی طرف دیکھا اور کہا: "بیٹا، تم بھی تھکے ہوئے لگ رہے ہو۔ تم بھی آرام کرو۔"

میشی بھی اپنا کام ختم کر کے اپنے کمرے میں چلی گئی۔

عائشہ خاتون نے سب کے برتن سمیٹے اور پھر اپنے کمرے میں چلی گئیں۔

میشی ابھی اپنے کمرے میں پہنچی ہی تھی کہ اُسے مینو کا کال آیا۔ دونوں سہیلیاں فوراً باتیں کرنے لگیں۔

ماہ نور: "میشی، تم کل ہمارے گھر آ جاؤ۔ مجھے تم سے بہت ساری باتیں کرنی ہیں۔"

میشی: اُچھل کر کہا "ہاں! میں تو خود تم سے ملنا چاہتی ہوں۔ میں ضرور آؤں گی۔"

ماہ نور: "ٹھیک ہے، کل ملتے ہیں!"

میشی بھی فوراً مان گئی۔ تھوڑی دیر دونوں کے درمیان مزید باتیں ہوئیں اور پھر دونوں نے کال بند کر دی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میشی اپنی بالکونی میں کھڑی تھی، پھر وہ اپنے کمرے میں آئی۔ ابھی وہ بستر کی طرف مڑی ہی تھی کہ دروازہ کُھلا۔

میشی نے دیکھا تو اُس کی سانسیں رُک سی گئیں۔ ہارون اندر آیا۔

Posted On Kitab Nagri

میشی: حیرت اور خوف سے کانپتے ہوئے کہا"ہ...ہارون ب...بھائی ا...آپ ی...یہاں؟"

ہارون نے کوئی جواب نہیں دیا اور ایک قدم میشی کے قریب آیا۔ میشی پیچھے ہٹی، ہارون آگے بڑھا، اور میشی مزید پیچھے ہوتے ہوئے دیوار سے جا لگی۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 75005

Posted On Kitab Nagri

ہارون نے اُس کی بائیں دائیں دیوار پر دونوں ہاتھ رکھ دیے، اور میشی کانپ گئی۔

میشی: گھبراہٹ میں کہا"ہ...ہارون ب...بھائی ک...کیا ک...کر رہے ہیں؟"

ہارون نے ایک لمحے کی بھی دیر نہ کی، اُس نے اپنا ایک ہاتھ میشی کی کمر میں ڈالا اور اُسے اپنی قریب کر لیا۔

اُس کی گرماہٹ اور سرد سانسیں میشی کے کانوں میں محسوس ہوئیں، اور وہ قدرے سرد آواز میں بولا:

"کتنی دفعہ کہا، 'بھائی' نہ بولو؟ لیکن تمہیں تو میری بات سمجھ نہیں آتی۔"

یہ کہہ کر ہارون اچانک میشی کے ہونٹوں پر جھک گیا۔

میشی کی تو آنکھیں پھیل گئیں! اُسے تو کچھ سمجھ میں ہی نہیں آیا کہ یہ کیا ہوا۔ جب اُسے سمجھ آیا تو اُس نے ہارون کے سینے پر ہاتھ رکھ کر پیچھے کرنے لگی۔

ہارون نے اُس کے دونوں ہاتھ پیچھے لے جا کر تھام لیے، اور میشی کی ہانپتی ہوئی سانسیں اُس کے چہرے پر پڑ رہی تھیں۔ ہارون تو مدہوش ہوتا جا رہا تھا۔

جب ہارون، میشی کی اکھڑتے سانسیں محسوس کر کے پیچھے ہٹا، تو میشی تو شرم سے پانی پانی ہو رہی تھی۔

اُس کے سارے جسم کا خون تو جیسے اُس کے چہرے پر آ گیا تھا۔

میشی: ہکلاتے ہوئے کہا"ی...یہ ک...کیا ب...بدتمیزی ہ...ہے؟"

Posted On Kitab Nagri

ہارون نے گہری سانس لی اور اُس کی آنکھوں میں دیکھ کر کہا:

"میری نازنین! تمہیں پتا ہے کہ میرا اور تمہارا نکاح بچپن میں ہوا تھا؟ تم چھوٹی تھیں اُس وقت، اور تمہیں کچھ یاد نہیں ہے۔"

"تمہیں تو صرف 'بھائی' کہنا یاد ہے۔ اِس سب پر تو تم نے ہی مجبور کیا۔ میں منع کر کر کے تھک گیا کہ مجھے 'بھائی' مت کہا کرو، لیکن تم پر اثر نہیں ہوتا!"

میشی تو حیرت میں تھی کہ یہ نکاح کی بات سُن کر! اُس کے دماغ میں صرف سوال تھے!

ہارون نے میشی سے کہا: "اچھا، اب سو جاؤ۔ اپنے چھوٹے دماغ پر زیادہ زور نہ ڈالو اور سو جاؤ!"

ہارون نے اُس کے ماتھے پر پیار بھرا بوسہ دیا اور مسکرا کر نکل گیا۔

میشی بہت دیر تک وہیں کھڑی رہی۔ پھر خود کو سنبھالا اور سونے کے لیے لیٹ گئی، لیکن اُس کی دھڑکنیں ابھی بھی تیز تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہارون اپنے کمرے میں آیا اور دروازہ بند کر کے بستر پر لیٹ گیا۔ اُس کے چہرے پر ایک گہری مسکراہٹ تھی۔

وہ بار بار اپنی زبان اپنے ہونٹوں پر پھیر رہا تھا، جیسے ابھی بھی اُسے اپنی نازنین کا لمس محسوس ہو رہا ہو۔

اُس کے دل میں اپنی بچپن کی بیوی کے لیے ایک شدید ملکیت اور محبت کا احساس تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ہارون نے آنکھیں بند کیں اور مسکرا کر سونے لگا۔ اُس کی تھکاوٹ اور سفر کی پریشانی سب ختم ہو چکی تھی۔ اپنے جنون اور محبت کے نشے میں، وہ آہستہ آہستہ نیند کی گود میں چلا گیا۔

جرار اپنے کمرے میں بستر پر لیٹا ہوا تھا۔ تھکن کے باوجود، اُس کی آنکھوں میں نیند نہیں تھی۔
اُس کے ذہن میں بار بار مینو کی وہی سبز آنکھیں آ رہی تھیں—وہ آنکھیں جو اُس دن گاڑی میں آنسوؤں سے بھری ہوئی تھیں اور درد سے چمک رہی تھیں۔
جرار نے کروٹ بدلی، مگر یہ خیال اُسے چھوڑ نہیں رہا تھا۔ وہ جھنجھلا کر اُٹھ بیٹھا۔
جرار: "آہہہ! کیا مصیبت ہے! کیوں میرے حواسوں پر چھائی ہے وہ؟ نہیں! نہیں! ایسا نہیں ہو سکتا! میں کبھی بھی اُس کے لیے جذبات نہ رکھوں!"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جرار نے خود کو پر سکون کیا اور پھر سے لیٹ گیا۔ اپنا ارادہ پکا کر کے کہ یہ صرف ایک وقتی خلل ہے، وہ بھی آہستہ آہستہ نیند کی آغوش میں چلا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

مینو ماہ نور رات کا کھانا کھا کر اپنے کمرے میں آچکی تھی۔ وہ بستر پر لیٹی ہوئی تھی، لیکن اُس کی بڑی بڑی آنکھوں سے نیند کوسوں دور تھی۔

اُس کا دماغ کسی بات پر جھنجھلاہٹ اور بے چینی محسوس کر رہا تھا۔ وہ ایک کروٹ سے دوسری کروٹ لیٹی، لیکن اُسے سکون نہیں مل رہا تھا۔ اُس نے غصے سے اپنا تکیہ سائیڈ پر پھینکا، اور چھت کو گھورنے لگی۔

وہ اٹھی، تھوڑی دیر بیٹھی رہی، پھر ایک لمبا سانس لے کر دوبارہ لیٹ گئی۔

اُس نے خود کو کمبل میں سمیٹ لیا اور آنکھیں زور سے بند کر لیں۔ اپنی تمام پریشانیوں کو ایک طرف رکھنے کی کوشش کرتے ہوئے، ماہ نور آخر کار آہستہ آہستہ نیند کی آغوش میں چلی گئی۔

اگلے دن صبح کا ناشتہ تیار ہو چکا تھا۔ عائشہ خاتون کے گھر کی ملازمہ سعدیہ بھی اپنی چھٹی کے بعد واپس آ چکی تھی، جس سے گھر کے کام کا بوجھ کم ہو گیا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وجاہت صاحب اور عائشہ خاتون ناشتے کی میز پر بیٹھے تھے۔

جرار بھی نیچے آیا، اُس نے سب کو سلام کیا اور اپنی مخصوص جگہ پر بیٹھ گیا۔

میشی بھی آئی، اُس نے سب کو سلام کیا اور ناشتہ کرنے لگی۔

تبھی ہارون آیا، اُس نے سب کو سلام کیا اور کرسی کھینچ کر بیٹھ گیا۔

Posted On Kitab Nagri

ہارون کے آنے سے میشی بے ساختہ سرخ ہو گئی۔اُس نے ہارون کی طرف دیکھنے کی غلطی نہیں کی تھی، لیکن ہارون نے اُس کے لال گال دیکھ لیے۔ہارون نے اپنی ہنسی ضبط کی،اُسے خوب معلوم تھا کہ میشی کیوں سرخ ہو رہی ہے۔

جرار اور ہارون نے تیزی سے اپنا ناشتہ کیا اور آفس کے لیے نکل گئے۔

میشی بھی اُٹھی اور اپنی روم تیار ہونے چلی۔

کمرے میں کھڑکی سے روشنی آ رہی تھی۔

مینو(ماہ نور) نے کروٹ بدلی اور آہستگی سے اپنی آنکھیں کھولیں۔وہ بستر پر اُٹھی اور ہاتھ پھیلا کر آلَس دور کرنے لگی۔اُس نے مسکراتے ہوئے اپنے بستر کو چھوڑا۔

وہ اپنے دن کی شروعات کرنے کے لیے اُٹھی اور قدموں کو آہستگی سے فرش پر رکھا۔وہ فریش ہونے کے لیے باتھ روم کی طرف چل دی۔مینو آج ایک پرجوش اور خوشگوار موڈ میں تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میشی اپنے کمرے میں آچکی تھی،اُسے آج اپنی دوست مینو(ماہ نور) کے گھر جانا تھا۔وہ بہت خوش تھی اور اپنے کَپڑوں کی الماری کے سامنے کھڑی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اُس نے بڑے شوق سے اپنے سب سے پسندیدہ کَپڑے نکالے—ایک خوبصورت ڈیزائنر سوٹ—جو اُس نے خاص طور پر باہر جانے کے لیے رکھا ہوا تھا۔اُس نے جلدی جلدی وہ کَپڑے پہنے۔

میشی نے پھر شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر اپنے بالوں کو سیٹ کیا اور ہلکا سا میک اَپ کیا۔اُس کے چہرے پر خوشی اور بے چینی تھی کہ وہ جلدی سے اپنی دوست سے ملے اور دل کی ساری باتیں کرے۔

میشی نے اپنا چھوٹا سا ہینڈ بیگ اُٹھایا اور باہر نکل گئی۔

میشی پوری طرح تیار ہو کر اپنے کمرے سے لاؤنج میں آئی۔عائشہ خاتون سے اجازت لے کر،وہ ڈرائیور کے ساتھ ماہ نور کے گھر کے لیے روانہ ہو گئی۔

کچھ ہی دیر میں، میشی کی گاڑی ایک انتہائی عالیشان اور رُعب دار گھر کے گیٹ پر رُکی۔یہ گھر جرار کے گھر سے کم نہیں تھا، بلکہ اپنی منفرد خوبصورتی اور بڑے سائز کی وجہ سے زیادہ دِلکش تھا۔چاروں طرف ہریالی اور مہنگے پودے لگے ہوئے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میشی نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر گھر کو دیکھا۔اُس نے نہیں سوچا تھا کہ ماہ نور کے گھر کا معیار اتنا بلند ہو گا۔اُسے تو لگا تھا کہ وہ سادہ اور چھوٹے سے گھر میں رہتی ہو گی۔

ماہ نور کی دادی نے دروازہ کھولا اور میشی کو دیکھ کر بہت خوشی کا اظہار کیا۔

مورے: گرم جوشی سے کہا" آؤ بیٹا!ماہ نور تو کب سے تمہارا انتظار کر رہی تھی۔تم اندر آؤ!"

Posted On Kitab Nagri

میشی نے دادی کو سلام کیا اور اندر داخل ہوئی۔ گھر کا اندرونی حصہ بھی اتنا ہی شاندار تھا—مہنگا فرنیچر،۔

میشی کے منہ سے بے ساختہ نکلا: "واہ! ماہ نور کا گھر تو... کمال ہے!"

میشی کے دل سے نکلا ہوا خلوص اور ماہ نور کے گھر والوں کا پیار دیکھ کر وہ بہت خوش ہوئی۔ اُسے اب یقین آ گیا تھا کہ ماہ نور صرف سادہ دل ہے، ورنہ وہ بھی طاقتور اور دولت مند خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔

میشی کو مورے نے لاؤنج میں بٹھایا۔ ماہ نور اپنی دادی کے ساتھ آواز سن کر اپنے کمرے سے نیچے آئی۔ ماہ نور نے میشی کو دیکھتے ہی بھاگ کر خوشی سے اُس کے گلے لگایا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دونوں سہیلیاں لاؤنج میں بیٹھ کر باتیں کرنے لگیں۔ تبھی غزل نے، چائے اور بسکٹ، سنیکس وغیرہ سے بھری ٹرے لے کر آئی۔

دونوں نے چائے پی اور تھوڑی دیر ہنسی خوشی باتیں کیں۔ چائے ختم کرنے کے بعد، ماہ نور، میشی کا ہاتھ پکڑ کر اُسے اپنے کمرے کی طرف لے گئی۔

Posted On Kitab Nagri

میشی، ماہ نور کے کمرے میں داخل ہوئی تو حیران رہ گئی۔ ماہ نور کا کمرہ دیکھ کر تو میشی حیران ہو گئی، کیونکہ مینو نے اپنا کمرہ بالکل خوابوں جیسا سجایا ہوا تھا، جیسے وہ کمرے جو صرف فلموں یا ویڈیوز میں ہوتے ہیں۔

میشی: "واؤ! مینو! تمہارا کمرہ کتنا خوبصورت ہے!"

کمرے میں ایک جگہ کتابیں بھی بہت خوبصورتی سے سجی ہوئی تھیں۔ کمرے کو دیکھ کر ایسا لگ رہا تھا جیسے کوئی گارڈن ہو، اور بالکونی کو بھی اتنی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔

دونوں بستر پر بیٹھ گئیں اور پیاری پیاری باتیں کرنے لگیں۔

میشی: "مینو! میں سوچ رہی ہوں کہ تم جس کالج میں پڑھتی ہو، میں بھی وہیں ایڈمیشن لوں!"

ماہ نور یہ سن کر خوشی سے اُچھل پڑی۔

ماہ نور: "سچ! میشی!؟ تم مذاق تو نہیں کر رہی؟"

میشی: "ہاں! سچ! میں نے بھائی سے بات کی ہے، وہ دو دن میں میرا ایڈمیشن وہاں کرا دیں گے۔"

دونوں سہیلیاں خوشی خوشی باتیں کر رہی تھیں اور ایک دوسرے کے ساتھ ہنسی مذاق میں مگن تھیں۔

دونوں سہیلیوں کو کمرے میں بیٹھے ہوئے بہت دیر ہو چکی تھی اور اچھا وقت گزر رہا تھا۔

مینو نے یکدم میشی سے پوچھا: "میشی! کارٹون دیکھیں گیا؟"

میشی نے حیرت سے پوچھا: "کیا!؟ کارٹون؟ تم کارٹون دیکھتی ہو؟"

Posted On Kitab Nagri

مینو نے ہنستے ہوئے کہا:"ہاں!کارٹون دیکھنے کا بھی اپنا ایک مزہ ہوتا ہے!اور جب ساتھ میں فرائیڈ چکن، چپس، چاکلیٹ اور کولڈ ڈرنک بھی ہو تو کیا ہی بات ہے!"

ماہ نور نے کہا:"چلو!میں ابھی یہ سب چیزیں لے کر آتی ہوں، اور پھر دیکھتے ہیں!"

ماہ نور تھوڑی دیر میں ساری چیزیں لے آئی اور ٹی وی پر اُس نے فوراً"ٹام اینڈ جیری"کارٹون لگا دیا۔

میشی حیرت سے بولی:"یہ تو بالکل چھوٹے بچوں والا کارٹون ہے!یہ کارٹون دیکھنا ہے؟"

مینو نے مسکرا کر کہا:"ہاں!اب دیکھنا!بہت مزہ آئے گا!"

دونوں دوست کارٹون دیکھنے لگیں۔ماہ نور تو ہمیشہ کی طرح بہت زیادہ کھا رہی تھی، لیکن آج ساتھ میں میشی نے بھی بہت زیادہ کھا لیا، اُسے پتا ہی نہیں چلا کہ اُس نے کتنا کھایا۔ میشی کو واقعی کارٹون دیکھنے میں بہت مزہ آیا، اور فرائیڈ چکن تو ماہ نور کو بہت زیادہ پسند تھا۔

بہت دیر بعد کارٹون ختم ہوا۔پلیٹ میں رکھی اتنی ساری چپس تھیں، وہ بھی ختم ہو گئیں اور چاکلیٹ بھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میشی نے ہنستے ہوئے کہا:"مینو!تم کتنا کھاتی ہو!اور پھر بھی تم موٹی نہیں ہوتیں!"

مینو نے ہنس کر کہا:"یہی تو اچھی بات ہے!ورنہ اب تک میں غبارہ بن چکی ہوتی!"

میشی نے زور دار قہقہہ لگایا۔

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 75005

میشی نے اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھا اور ہنستے ہوئے کہا:

Posted On Kitab Nagri

میشی:"یار!بہت کھالیا میں نے!اتنا زیادہ تو میں نے زندگی میں کبھی نہیں کھایا تھا۔"(اگرچہ ماہ نور کے حساب سے یہ بہت کم تھا، لیکن میشی کے لیے یہ حد سے زیادہ تھا۔)

میشی نے کہا:"چلو تھوڑی ویڈیوز بناتے ہیں، اِس طرح تھوڑی واک بھی ہو جائے گی اور یہ سب ہضم بھی ہو جائے گا!"

مینو نے فوراً میشی سے موبائل لے لیا۔

مینو:"ہاں!یہ اچھا آئیڈیا ہے!تمہارے پاس تو نئے فلٹرز اور ایپس ہوں گے!"

ماہ نور اور میشی دونوں بالکونی میں پاس جا کر، مختلف پوز میں ویڈیوز اور تصاویر بنانے میں لگ گئیں۔

دونوں خوشی اور معصومیت میں مگن تھیں۔

دونوں دوستوں نے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک ویڈیو ایڈیٹنگ میں مصروف رہیں۔ماہ نور نے میشی کی بہت اچھی ویڈیوز اور تصاویر بنائی تھیں، اور اب وہ صوفے پر بیٹھ کر اُن پر گانے وغیرہ لگانے لگیں۔

تقریباً ایک گھنٹے میں اُن کی ویڈیوز اور تصاویر پر گانے وغیرہ لگ گئے۔

تبھی وفا، کمرے میں آئی۔

وفا:"مینو، میشی! کھانا لگ گیا ہے، آجاؤ دونوں۔"

ماہ نور:"جی، وفا، آتے ہیں۔"

میشی نے حیرت سے ماہ نور کو دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

ماہ نور نے پوچھا، "کیا ہوا؟"

میشی: "مینو! اب میں اور کیسے کھاؤں گی؟ میرا تو ابھی تک وہ ہضم نہیں ہوا اور اب اور کھانا پڑے گا؟"

ماہ نور نے معصومیت سے کہا، "یار میشی! مجھے تو بہت بھوک لگی ہے، تین گھنٹے سے کچھ کھایا نہیں!"

میشی تو آنکھیں پھاڑ کر ماہ نور کو دیکھتی رہ گئی اور حیرت سے کہا، "کیا! تمہیں بھوک لگ رہی ہے؟"

ماہ نور نے کہا، "ہاں نا! چلو نیچے!"

دونوں نیچے آئیں اور کھانا شروع ہوا۔ میشی تو تھوڑا ہی کھا رہی تھی، کیونکہ اُس کے پیٹ میں اور جگہ ہی نہیں تھی۔ میشی نے ماہ نور کو دیکھا جو ایسے کھا رہی تھی کہ گویا اُس نے کئی دنوں سے کچھ نہیں کھایا تھا۔

کھانا کھانے کے بعد، دونوں تھوڑی دیر کے لیے چھت پر گئیں۔

وہاں ہلکی پھلکی باتیں کرنے کے بعد، میشی نے ڈرائیور کو کال کی۔

ڈرائیور جلد ہی پہنچ گیا۔

میشی: "مینو! بہت اچھا دن گزرا آج! بہت زیادہ مزہ آیا۔ اب میں جا رہی ہوں۔"

میشی نے سب سے ملی اور ماہ نور کو گلے لگا کر گھر کے لیے روانہ ہو گئی۔

میشی گھر پہنچی۔ اُس کا چہرہ تازگی اور خوشی سے دمک رہا تھا۔

عائشہ خاتون اور وجاہت صاحب لاؤنج میں بیٹھے تھے۔ میشی نے اُنہیں سلام کیا اور اُن کے ساتھ صوفے پر بیٹھ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

وجاہت صاحب نے پیار سے پوچھا:"کیسا دن گزرا، بیٹا؟"

میشی نے جوش سے بتایا:"پاپا! کیا بتاؤں! بہت، بہت اچھا گزرا!"

عائشہ خاتون نے مسکرا کر کہا:"وہ تو تمہارے چہرے سے پتا لگ رہا ہے۔ میشی کے چہرے پر خوشی صاف دکھائی دے رہی تھی۔"

تبھی جرار بھی آفس سے واپس آکر لاؤنج میں آیا۔ میشی نے اُسے سلام کیا، جرار نے جواب دیا اور بیٹھ گیا۔

جرار: پر سکون انداز میں کہا"کیسا دن گزرا میرے بچے کا؟"

میشی:"بہت اچھا بھائی!"

پھر میشی نے پر جوش انداز میں اپنی ماں اور باپ سے کہا:"مما، پاپا، آپ کو پتا ہے؟ مینو کا گھر اتنا بڑا اور اتنا خوبصورت تھا کہ مجھے یقین ہی نہیں آیا! مجھے لگا تھا کہ کوئی چھوٹا سا سادہ گھر ہو گا، لیکن وہاں جا کر مجھے یقین ہی نہیں آیا۔ اور مینو کا کمرہ اتنا خوبصورت تھا جیسے کوئی خوابوں کا جہاں ہو!"

"لیکن پاپا، وہ کیسے پر ظاہر نہیں کرتی! اگر وہ کہیں جاتی بھی ہے تو رکشہ وغیرہ میں جاتی ہے، بالکل سادہ بن کر رہتی ہے۔"

عائشہ خاتون نے آہ بھر کر کہا:"اُس بچے کا دل صاف ہے، بہت زیادہ۔"

جرار یہ ساری باتیں سن رہا تھا، لیکن بظاہر ایسا دکھا رہا تھا کہ جیسے اُسے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔

Posted On Kitab Nagri

میشی کے جانے کے بعد، ماہ نور اپنے کمرے میں واپس آ گئی۔ اُس کے دل میں دوست سے ملنے کی خوشی اور تھکن دونوں تھیں۔

اُس نے کرسی کھینچی اور اپنے کمرے میں رکھی کتابوں کی طرف گئی۔ ماہ نور نے ایک ڈائری اور قلم نکالا۔ وہ اکثر شام کو مطالعہ کرنے یا پھر اپنے خیالات اور احساسات کو ڈائری میں لکھنے کی عادت رکھتی تھی۔

اُس نے ڈائری کھولی اور آہستہ آہستہ اپنے دن بھر کی باتیں، میشی سے ملنے کا جوش، اور آنے والے کالج میں میشی کا ایڈمیشن کے بارے میں اپنے خوشی کے خیالات لکھنا شروع کیے۔ وہ اپنے معمول کے مطابق، شام کا وقت سادگی اور مصروفیت میں گزار رہی تھی۔ اُس کے چہرے پر سکون اور اطمینان تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میشی تھکن سے چُور اپنے کمرے میں آئی اور بستر پر گرنے کے انداز میں لیٹ گئی۔ وہ آج واقعی تھک گئی تھی۔

تبھی دروازہ کُھلا اور ہارون اندر آیا۔ میشی یہ دیکھ کر اسکی جان ہوّا ہو گئی۔ ہارون نے دروازہ بند کیا اور میشی کے قریب آیا۔

میشی: گھبرا کر گئ "آ... آپ ی... یہاں کیوں آ... آئے؟"

Posted On Kitab Nagri

ہارون نے میشی کو اُس کی کمر سے تھام کر اپنی قریب کیا۔ میشی کا ہاتھ بے ساختہ ہارون کے سینے پر آیا۔

ہارون نے اپنا ماتھا اُس کے ماتھے سے لگایا اور ہلکی آواز میں کہا:

"میری نازنین! بہت خوبصورت لگ رہی ہو... رہا نہیں گیا، اِس لیے آیا۔"

میشی مسلسل مزاحمت کر رہی تھی اور خود کو چھڑانے کی کوشش کر رہی تھی۔ ہارون نے تھوڑا سخت آواز میں کہا:

"نازنین! مزاحمت مت کرو!"

میشی نے ڈر کر مزاحمت چھوڑ دی۔

ہارون اُس کے کان میں جھک کر بولا: "کہاں گئی تھیں؟"

میشی: ہکلاتے ہوئے کہا "ا... اپنی د... دوست ک... کے گھر۔"

ہارون نے اُس کے کان کی لَو کو دانتوں میں دَبایا، جس سے میشی کے منہ سے ایک سُسکی نکلی۔

ہارون مسکرایا اور ایک جھٹکے میں میشی کو بانہوں میں اُٹھایا اور بستر تک لایا۔

میشی: گھبرا کر کہا "ک... کیا ک... کر ر... رہے ہ... ہیں! چ... چھوڑیں!"

ہارون نے میشی کو بستر پر لٹایا اور اُس کے اوپر آیا۔

میشی کی دھڑکنیں اُسے اِس طرح دھڑک رہی تھیں کہ جیسے اُس کا دل بھی باہر آجائے گا۔

Posted On Kitab Nagri

ہارون نے کہا:"نازنین،ڈرومت!کچھ نہیں کررہا۔یہ چھوٹاموٹاپیارتومیں کروں گا۔لِمٹ کراس نہیں کروں گا!"

یہ کہہ کرہارون اُس کے ہونٹوں پر جھکا۔میشی نے اُس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر دور کرنے کی کوشش کی،مگرہارون نے اُس کے ہاتھ اوپر کرکے پکڑ لیے اور اُس کی ٹانگوں کو اپنی ٹانگوں سے قید کیا۔

ہارون شدت سے میشی کی سانسیں پی رہا تھا۔

تھوڑی دیر بعد ہارون پیچھے ہٹا۔میشی گہرے گہرے سانس لے رہی تھی اور اُس کا چہرہ شرم سے سُرخ ہو چُکا تھا۔

ہارون اُس کے دھڑکتے دل پر جھکا۔میشی شرم سے پانی پانی ہوگئی:

"ن...نہیں!ب...بس ک...کریں!پ...پلیز!"میشی رونی لگی۔

ہارون یہ دیکھ کر فوری سائیڈ پر ہوااور میشی کو اپنے سینے سے لگالیا۔میشی اُس کے سینے میں چُھپ گئی۔

اُسے بہت شرم آرہی تھی۔

ہارون نے کہا:"رونہیں!کچھ نہیں کررہاہوں۔سوجاؤتم!تمہارے سونے کے بعد میں چلا جاؤں گا۔"

میشی نے سختی سے آنکھیں بند کرلی تھیں اور اُس کے سینے میں چُھپی ہوئی تھی۔

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

سورج کی پہلی کرنیں ابھی پوری طرح سے پھیلی نہیں تھیں۔ماہ نور اپنی معمول کے مطابق جلدی بیدار ہو گئی۔اُس نے بستر چھوڑا اور سب سے پہلے نماز ادا کی۔اُس کے گھر میں، دولت کی فراوانی کے باوجود، ایک روحانی سکون تھا۔

نماز سے فارغ ہو کر وہ اپنے کالج کے لیے تیار ہونے لگی۔اُس نے سادگی سے سفید شلوار قمیض اور دوپٹہ پہنا۔اُس کا بناؤ سنگھار ہمیشہ نہایت مختصر ہوتا تھا۔دراصل، وہ ان تمام چیزوں کو وقت کا ضیاع سمجھتی تھی اور اُس کی فطرت میں بھی ایک بچّوں جیسی سادگی تھی۔

تیار ہونے کے بعد، وہ لاؤنج کی طرف گئی۔سب پہلے ہی ڈائننگ ٹیبل پر موجود تھے۔

ماہ نور نے سب کو پیار سے سلام کیا اور عبداللہ کے سر پر ہاتھ پھیرا۔

مورے جان: ماہ نور کو دیکھ کر "آ گئی میری بچی۔جلدی سے ناشتہ کر لو، تمہیں کالج کے لیے نکلنا ہے۔"

ماہ نور نے خاموشی سے ناشتہ کیا،

عبداللہ نے بہن کا ہاتھ پکڑا اور معصومیت سے کہا: "مینو اپی، آج جلدی آنا۔"

ماہ نور نے مسکرا کر اُس کا ہاتھ چوما: "ضرور آؤں گی، میرے بچے! تم خیال رکھنا اپنا۔"

دادی نے اُسے کالج کا بیگ تھمایا۔وہ گھر میں موجود لگژری گاڑیوں کو استعمال کرنے کے بجائے، ہمیشہ کالج بس یا قریب تک کے لیے رکشہ ہی استعمال کرتی تھی۔ماہ نور اپنے گھر کے گیٹ سے باہر نکلی اور

Posted On Kitab Nagri

سڑک کی طرف بڑھی۔اُس کے چہرے پر ہمت اور اطمینان تھا، جیسے وہ بندشِ دل کی پروا کیے بغیر اپنے راستے پر آگے بڑھ رہی ہو۔

اُس نے سڑک کے کنارے کھڑے ہو کر کالج بس کا انتظار کیا اور پھر اُس میں سوار ہو کر اپنے کالج کے لیے روانہ ہو گئی۔

میشی کی صبح آنکھ کھلی تو اُس نے دیکھا کہ وہ بستر پر اکیلی ہے۔اُسے رات کا سارا واقعہ یاد آ گیا—ہارون کا لمس، اُس کی شدید ملکیت،۔یہ سب یاد آتے ہی میشی کے گال دہک گئے۔

وہ بستر سے اُٹھی اور واش روم کی طرف گئی۔ آج اُسے کالج جانا تھا، اور وہ بھی ماہ نور کے کالج میں پہلا دن تھا۔اُس نے مینو کو کچھ نہیں بتایا تھا کیونکہ وہ اُسے سرپرائز دینا چاہتی تھی۔

میشی فریش ہو کر باہر آئی اور ڈریسنگ مرر کے سامنے تیار ہونے کے لیے کھڑی ہوئی۔اُس کی نظر بے اختیار اپنے ہونٹوں پر گئی اور اُس نے اپنے ہونٹوں کو ہاتھ سے چُھوا۔بے اختیار ہی میشی کے ہونٹوں پر ایک شرمیلی مسکراہٹ آ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

اُس نے جلدی سے تیاری مکمل کی اور نیچے گئی۔ڈائننگ ٹیبل پر آکر ناشتہ کرنے لگی۔جب اُسے پتا چلا کہ ہارون اور جرار دونوں آفس جلدی جا چکے ہیں، تو میشی نے ایک سکون کا سانس لیا۔ورنہ اُس میں ہارون سے آنکھیں ملانے کی ہمت نہیں تھی۔

ناشتے کے بعد، وہ اُٹھی اور اپنے کالج کے لیے روانہ ہو گئی، اُس کے دل میں نئے کالج اور ماہ نور کو سرپرائز دینے کا جوش بھرا ہوا تھا۔

ماہ نور کالج میں اپنے دوستوں کے ساتھ معمول کے مطابق کلاس میں موجود تھی۔ ٹھوڑے دیر بعد، وہ کچھ اہم نوٹس لینے کے لیے لائبریری کے باہر کھڑی تھی۔اُس کا دھیان پوری طرح اپنی کتابوں میں تھا۔

میشی خاموشی سے کالج میں داخل ہوئی تھی۔اُس نے ایڈمیشن آفس سے کچھ کاغذات مکمل کروائے اور پھر ماہ نور کو ڈھونڈنے لگی۔اُسے دیکھ کر بھی کوئی یقین نہیں کر سکتا تھا کہ وہ ایک دولت مند گھرانے سے تعلق رکھتی ہے، کیونکہ اُس کی بھی کوشش تھی کہ وہ سادہ رہے۔

اُس نے تھوڑی دیر بعد ماہ نور کو لائبریری کے باہر دیکھا۔میشی نے مسکرا کر پیچھے سے ماہ نور کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔

Posted On Kitab Nagri

میشی:"مینو!"

ماہ نور نے چونک کر پلٹ کر دیکھا۔ میشی کو اپنے کالج میں دیکھ کر ماہ نور کے ہاتھ سے کتابیں چھوٹ گئیں۔

ماہ نور:شدید حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر اسے دیکھ رہے تھے "میشی!؟تم... تم یہاں!؟تم یہاں کیا کر رہی ہو؟کیا سب خیریت ہے؟"

میشی مسکراتے ہوئے اپنے دوست کے گلے لگ گئی۔

میشی:"کیوں، کیا مجھے یہاں نہیں ہونا چاہیے تھا؟"

ماہ نور:خود کو سنبھال کر کہا"نہیں، مطلب... تم تو میرے گھر آئی تھیں نا کل!اور تم نے مجھے کچھ نہیں بتایا!"

میشی:"سرپرائز!"

ماہ نور:"کیسا سرپرائز؟"

میشی:"پاگل!میں نے یہاں ایڈمیشن لے لیا ہے!اب ہم روز ساتھ ہوں گے!"

ماہ نور خوشی سے اُچھل پڑی!

ماہ نور:"سچ!؟اوہ، میشی!یہ میری زندگی کا سب سے اچھا سرپرائز ہے!"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اُس نے میشی کو زور سے گلے لگالیا۔ کالج کے دوسرے طلباء بھی اُن دونوں کی گہری دوستی اور ماہ نور کی خوشی کو حیرت سے دیکھ رہے تھے۔

ماہ نور: "تمہیں پتا ہے؟ یہ کتنا اچھا ہوا! اب مجھے تمہیں دیکھنے کے لیے تمہارے کھڑوس بھائیوں کے پاس بھی نہیں جانا پڑے گا!"

میشی یہ سُن کر فوری خاموش ہو گئی، اُس کے چہرے پر ہلکی سی فکر مندی چھا گئی—جرار کی وجہ سے نہیں، بلکہ ہارون کی وجہ سے جس کا راز اُس نے ابھی تک ماہ نور کو نہیں بتایا تھا۔

میشی اور ماہ نور کالج میں ایک سائیڈ پر چلی گئیں، کیونکہ کلاس شروع ہونے میں ابھی تھوڑا وقت تھا۔

میشی نے کہا: "مینو! تمہیں ایک بات بتانی ہے۔"

مینو نے کہا: "ہاں بولو، میشی۔"

میشی نے اپنے ہونٹ چبائے اور بہت ہمت کر کے بات شروع کی: "مینو! وہ ہارون بھائی ہیں نا، جن سے تم ابھی تک نہیں ملی ہو..."

مینو نے دلچسپی سے کہا: "ہاں! کیا ہوا؟"

Posted On Kitab Nagri

میشی نے سارا واقعہ تفصیل سے بتایا: "میں اُنہیں بھائی کہتی تھی، وہ مجھے بھائی کہنے سے منع کر رہے تھے۔ میں پھر بھی بھائی کہتی رہی، تو اُنہوں نے بتایا کہ ہمارا نکاح بچپن میں ہوا ہے۔ میں چھوٹی تھی، مجھے یاد نہیں، اور گھر والوں سب کو پتا ہے۔"

یہ سُن کر مینو پہلے تو سکتہ زدہ بیٹھی رہی، جیسے اُسے سمجھ ہی نہ آیا ہو کہ وہ کیا سُن رہی ہے۔ پھر اچانک! مینو زوردار قہقہے لگا کر ہنسنے لگی!

مینو: "ہاہاہا! یقین نہیں آ رہا! ہاہاہاہا! ہارون بھائی! ہاہاہا!"

میشی نے اُسے زور سے تھپڑ مارا: "مینو! خاموش ہو جاؤ!"

مینو نے اپنی اُنگلی ہونٹوں پر رکھی، لیکن اُس کی ہنسی رُکنے کا نام نہیں لے رہی تھی۔

مینو: ہنسی روکتے ہوئے کہا "کیا... کیا سچ کہہ رہی ہو؟ ہاہاہا!"

میشی نے سر ہلا دیا۔

مینو نے جیسے تیسے ہنسی پر قابو پایا اور اپنی سہیلی کو گلے لگا لیا۔

مینو: "سوری! پر یہ بہت شاکنگ ہے!"

پھر دونوں اُٹھیں اور کلاس کی طرف روانہ ہو گئیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 75005

ماہ نور اور میشی اپنی ہنسی اور جذباتی گفتگو کو سمیٹتے ہوئے،وقت پر اپنی کلاس روم میں پہنچ گئیں۔

Posted On Kitab Nagri

ماہ نور نے اپنے لیے اور میشی کے لیے پچھلی قطار میں دو خالی نشستیں تلاش کیں اور وہاں بیٹھ گئیں۔ میشی کی یہ پہلی کلاس تھی، اور وہ تھوڑی نروَس تھی۔

مینو نے آہستہ سے میشی کو دلاسہ دیا: "فکر مت کرو، سب ٹھیک ہے۔"

کچھ ہی دیر میں، پروفیسر کلاس روم میں داخل ہوئے اور لیکچر شروع کیا۔ دونوں سہیلیوں نے اپنے بیگ کھولے، کتابیں نکالیں، اور توجہ سے لیکچر سننے لگیں۔

ماہ نور لیکچر میں پوری طرح توجہ دے رہی تھی، جبکہ میشی کی نظریں کبھی کتاب پر جا رہی تھیں اور کبھی وہ اپنے نئے کالج کے ماحول کو دیکھ رہی تھی۔

لیکچر ختم ہوا۔ میشی اور ماہ نور اُٹھیں اور کینٹین کی طرف جا رہی تھیں۔

کہ اچانک میشی کا ٹکراؤ سامنے سے آتی ہوئی ایک لڑکی سے ہوا۔ لڑکی کے ہاتھ میں موجود فون گرتے گرتے بچا۔

میشی نے جلدی سے کہا: "اُف! سوری، سوری!"

سامنے تھی عَمنا شمشیر، جو مینو اور میشی کی ہی کلاس کی تھی۔

عَمنا نے غصے سے کہا: "دیکھ کر نہیں چل سکتیں؟ اندھی ہو؟"

Posted On Kitab Nagri

میشی کو غصہ آیا مگر اُس نے نرمی برقرار رکھی:"دیکھو!میں نے سوری بولا نا؟"

عَمنا نے غرور سے کہا:"تمہاری سوری کا میں کیا اچار ڈالوں؟ابھی میرا فون ٹوٹ جاتا!پتا ہے یہ کتنا مہنگا فون ہے؟تمہیں دو ٹکے کی لڑکی کو کیا پتا کہ یہ کتنے کا ہے؟"

یہ سُن کر مینو کا خون کھول اُٹھا۔میشی اچھی طرح جانتی تھی کہ مینو اگر غصے پر آئے تو کسی کا منہ بھی توڑ سکتی ہے۔

میشی نے مینو کا ہاتھ دیکھا جو مٹھیوں میں بند تھا،میشی نے اُس کا ہاتھ پکڑا اور نفی میں سر ہلایا اور چپ رہنے کا اشارہ کیا۔

مینو،میشی کے ساتھ خاموشی سے روانہ ہونے لگی۔

عَمنا نے پیچھے سے پھر آواز لگائی:"جاؤ جاؤ!دو ٹکے کی لڑکیاں!تم تو خوابوں میں بھی یہ موبائل نہیں دیکھ سکتیں!"

اچانک... مینو نے ایک زوردار تھپڑ عَمنا کو مارا!عَمنا زمین پر گر گئی!

مینو کا تھپڑ اتنا زوردار تھا کہ عَمنا کا سر چکرا گیا۔ہوتا بھی کیوں نہیں،پٹھانی جو تھی۔

سب لوگ دیکھنے لگے!عَمنا کو اپنی سب کے سامنے اس بے عزتی پر بہت غصہ آیا۔وہ اُٹھی اور مینو پر حملہ کرنے ہی والی تھی کہ:

عَمنا:"او بیچ کی لڑکی!تمہاری ہمت کیسے ہوئی مجھے تھپڑ مارنے کی!"

Posted On Kitab Nagri

مینو نے اُس کا ہاتھ پکڑا اور مروڑ لیا۔

عَمنا: درد سے کراہ گئ "آہہہہ!" اُس کی آنکھوں سے آنسو خود بخود نکلنے لگے۔

مینو نے کہا: "تم جیسی، محض باپ کے پیسوں سے لوگوں کو نیچا دکھانے والیوں کو میں نے بہت سبق سکھایا ہے! جب میری دوست نے سوری کہا تو بات ختم کرنی تھی نا؟ لیکن نہیں! تم تو چاہتی تھی کہ تماشا بنے اور لوگوں کو پتا ہو کہ تم کتنی امیر ہو!"

سب لوگ عَمنا پر ہنسنے لگے کیونکہ عَمنا سب کو بہت تنگ کرتی تھی اور کوئی بھی اُسے کچھ کہہ نہیں سکتا تھا۔

تبھی پروفیسر وہاں آئے اور کہا: "کیا ہو رہا ہے یہاں؟"

مینو نے عَمنا کو چھوڑ دیا۔

عَمنا نے جلدی سے کہا: "پروفیسر! اِس نے مجھے مارا! میں نے کچھ بھی نہیں کیا!"

پروفیسر نے کہا: "مینو! اپنی دوست کے ساتھ آفس آؤ!"

پروفیسر آفس کی طرف چلے گئے۔ عَمنا اُٹھی اور غصے سے کہا: "بدلہ تو میں لوں گی! دیکھنا تمہارے ساتھ ایسا کروں گی کہ تمہاری روح کانپ جائے گی!"

مینو نے غرور سے کہا: "خواب ہے تمہارا!" اور میشی کا ہاتھ پکڑا اور آفس کی طرف روانہ ہو گئیں۔

ماہ نور اور میشی دونوں پروفیسر کے آفس میں کھڑی تھیں۔ پروفیسر غصے میں لگ رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

پروفیسر:"مینو! تمہیں پتا ہے تم نے کیا کیا؟"

مینو:"سر! میشی اُس سے ٹکرائی، سر! تھوڑا سا ٹکرائی! اور میشی نے سوری کہا، تو وہ کیوں تماشا لگا رہی تھی؟"

پروفیسر نے سخت لہجے میں کہا:"تم دونوں اپنے گھر کے بڑے کا نمبر دو۔ انہیں کال کر کے وہ سمجھائیں گے تم دونوں کو۔"

مینو نے اعتراض کیا:"پروفیسر! آپ ہمارے گھر والوں کو کیوں کال کرتے ہیں؟ غلطی ہماری نہیں ہے!"

پروفیسر نے تھوڑی سختی سے کہا:"مینو! نمبر دو!"

مینو نے بے بسی سے میشی کو دیکھا اور آہستہ سے کہا:"میشی! جرار بھائی کا نمبر دو!"

میشی نے خاموشی سے جرار کا نمبر مینو کو دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جرار آفس میں بیٹھا کچھ اہم فائلیں دیکھ رہا تھا۔ اُس کے چہرے پر سنجیدگی تھی۔ تبھی ہارون اندر آیا۔

ہارون:"ہاں! سالے! محبوبہ سے فری ہوئے ہو تو گھر چلیں؟"

جرار نے ہارون کو گھورا، جس پر ہارون نے دانتوں کی نمائش دی۔

جرار نے کہا:"ہاں! بس ہو گیا، پانچ منٹ رُکو!"

Posted On Kitab Nagri

تبھی جرار کو ایک کال آئی۔اُس نے کال رِسیو کی۔

جرار:. جرار سپیکنگ۔"

دوسری طرف سے پروفیسر نے بتایا:"میں آپ کی بہن کا پروفیسر ہوں،اور تھوڑی سی بات بتائی اور کالج بلایا۔"

جرار:پریشان ہو کر کہا"میں آتا ہوں!"اس نے کال کاٹ دی

ہارون نے پوچھا:"کیا ہوا؟"

جرار:"یار!میشی کا پروفیسر نے بلایا ہے۔کہہ رہے ہیں میشی کی کسی سے لڑائی ہوئی ہے اور کالج بلایا ہے۔"

ہارون کا چہرہ بھی فکر مند ہو گیا:"ہاں!دونوں چلتے ہیں۔"

دونوں اُٹھے،آفس سے نکل کر گاڑی میں بیٹھے اور کالج کی طرف روانہ ہو گئے۔

www.kitabnagri.com

جرار اور ہارون دونوں کالج آفس میں داخل ہوئے۔اُن دونوں کو وہاں دیکھ کر پروفیسر سمیت سبھی لوگ حیران رہ گئے،کیونکہ ہارون اور جرار کو ہر کوئی جانتا تھا۔

پروفیسر اُن کی طرف بڑھے اور مل کر کہا:"سر!وہ آپ کی بہن ہے۔"

مینو اور میشی نے جیسے ہی ہارون کو دیکھا،میشی کا تو دل دھڑک اُٹھا اور اُس نے فوراً نظریں جھکا لیں۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن مینو نے جب ہارون کو دیکھا، تو اُس کی آنکھوں میں شرارتی چمک آئی اور اُس نے خوشی سے اُچھل کر کہا:

مینو: "اسلام و علیکم! ہارون لالہ! آپ ہارون لالہ ہیں نا؟ آپ تو واقعی بہت ہینڈسم ہیں! میشی ہر وقت آپ کی تعریف کرتی ہے!"

مینو نے میشی کو گھور کر دیکھا اور کہا: "میشی! تم تو سچ کہہ رہی تھی! ہارون لالہ تو واقعی بہت ہینڈسم ہیں!"

میشی کا دل چاہا کہ وہ مینو کا منہ نوچ ڈالے! اُسے تو اب ہارون کے سامنے کھڑے ہونے کی بھی ہمت نہیں تھی۔

ہارون نے اِس چھوٹے پٹاخے کو دیکھا اور اُس کی آنکھوں کی شرارت کو محسوس کیا۔

جرار نے مینو کو غصے سے گھورا، جس پر مینو کی زبان کو بریک لگ گئی۔ وہ فوراً معصوم سی شکل بنا کر سیدھی کھڑی ہو گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پروفیسر نے جرار اور ہارون کو بیٹھنے کا کہا۔ دونوں بیٹھ گئے، پروفیسر بھی اپنی کرسی پر بیٹھے، اور میشی اور مینو کھڑی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

پروفیسر نے کرسی پر بیٹھ کر بات شروع کی: "سر جرار! کالج میں شمشیر صاحب کی بیٹی ہے، اور یہ دونوں مینو اور میشی اُسی کی کلاس میں ہیں۔ وہ لڑکی میشی سے ٹکرائی، تو اِس نے میشی سے تھوڑی سی بات کی، لیکن مینو نے تماشا کھڑا کر دیا۔"

پروفیسر نے مزید سمجھایا: "اِس لیے کہہ رہا ہوں، یہ سب آپ کو سمجھائیں گے کہ یہ دونوں اُس لڑکی سے دور رہیں۔ کالج کے سب لوگ اُس سے دور رہتے ہیں، وہ لڑکی کچھ بھی کر سکتی ہے۔"

ہارون اور جرار نے 'شمشیر' کا نام سُن کر ایک دوسرے کو دیکھا۔ شمشیر ان کے کاروبار کے حلقے کا ایک سرمایہ دار تھا۔

مینو سے رہا نہ گیا، اُس نے فوراً بات کاٹ دی: "پروفیسر! آپ نے تو پوری بات بتائی ہی نہیں! جرار لالہ!"

جرار کو مینو کا اُسے 'لالہ' کہنا بالکل اچھا نہیں لگا،

مینو نے اپنی بات جاری رکھی: "وہ لڑکی میشی سے ٹکرائی۔ میشی نے سوری کہا، تو وہ چاہتی تھی کہ تماشا بنے اور سب لوگ جمع ہو جائیں تاکہ سب کو پتا لگے کہ وہ کتنی امیر ہے! تو اِس لیے، میں نے بھی تماشا بنا دیا!"

جرار کو غصہ آ گیا۔ اُس نے سختی سے کہا: "مینو! بس!"

مینو فوراً خاموش ہو گئی، وہ جرار کے غصے سے ڈرتی تھی اور اُس نے اپنی نظریں نیچے کر لیں۔

Posted On Kitab Nagri

ہارون نے اِس چھوٹی پٹاخہ کو دیکھا۔ اُسے ماہ نور کی یہ بے باکی اور جواب دینے کا طریقہ بہت اچھا لگا، مگر اُس نے اپنا تاثر چہرے پر ظاہر نہیں ہونے دیا۔

پروفیسر نے مینو سے کہا، "بیٹا، تمہیں پتا نہیں کہ وہ لڑکے کیا کر سکتے ہیں۔ یہاں سے جانے کے بعد وہ اپنے باپ کے لوگوں کی مدد سے تمہیں نقصان بھی پہنچا سکتے ہیں۔"

مینو نے کہا، "پروفیسر! ہم پٹھان ہیں۔ کسی سے ڈرنا ہمارے لیے شرمندگی کی بات ہے۔ اور اگر وہ اپنے لوگوں کو بھی بلا لائے، تو ہم ان کی ایسی خاطر تواضع کریں گے کہ انہیں اپنی نانی، نانا، اور دادا سب یاد آ جائیں گے۔ اور مجھ میں بہت طاقت ہے۔ صبح ناشتے میں چار پراٹھے اور سولہ کپ چائے پی ہے۔"

یہ سن کر پروفیسر کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا (حیرت سے دم بخود ہو گیا)۔ ہارون بھی صدمے سے اسے دیکھ رہا تھا، اور جرار آنکھیں چھوٹی کر کے اسے گھور رہا تھا۔ ان سب کے حالات دیکھ کر میشی نے اپنی ہنسی ضبط کی۔

جرار نے کہا، "پروفیسر، آپ فکر نہ کریں۔ میں دونوں کو سمجھا دوں گا۔"

جرار نے دونوں کی طرف دیکھا اور کہا، "تم دونوں باہر جاؤ۔" تو وہ دونوں باہر نکل گئے۔

Posted On Kitab Nagri

باہر آکر میشی نے مینو کی طرف دیکھا اور اپنی آستینیں اوپر کرنے لگی۔ مینو کو اپنی شامت نظر آئی اور وہ ایک دو قدم پیچھے لے کر بھاگ گئ۔ میشی اس کے پیچھے پیچھے بھاگی۔ اور چلا کر کہا "رک جا کمینے! تو نے جو کیا ہے نا، اب میں تجھے چھوڑوں گی نہیں۔"

مینو لائبریری کی طرف بھاگی، میشی اس کے پیچھے تھی۔ لائبریری میں سب لوگ ان دونوں کو دیکھ رہے تھے، جو بھاگ کر چیخ رہے تھے۔ مینو نے کہا، "میشی، میری پیاری دوست! دیکھو، میں نے یہ سب تمہارے لیے کیا۔" میشی نے کہا، "تم میرے ہاتھ لگو تو بتاتی ہوں۔"

مینو لائبریری سے باہر بھاگی، میشی اس کے پیچھے تھی۔ مینو بھاگ کر ایک خالی کلاس روم میں گھس گئ۔ میشی اس کے پیچھے تھی۔ کلاس کے دروازے سے جیسے ہی وہ اندر داخل ہو رہی تھی، مینو کی کسی سے زوردار ٹکر ہوئی، اور وہ شخص تھا جرار۔

جرار پیچھے گرا اور مینو اس کے اوپر گری، اور مینو کے ہونٹ جرار کے ہونٹوں سے جا لگے۔ جرار کا ہاتھ مینو کی کمر میں آ چکا تھا۔ میشی یہ دیکھ کر وہیں سے بھاگ گئ۔

مینو جلدی سے اٹھ کھڑی ہوئ، جرار بھی اٹھا۔ اس اچانک حرکت پر مینو کو بہت شرم آئی اور اس کے چہرے پر لالی چھا گئ۔ مینو نے سختی سے آنکھیں بند کی ہوئی تھیں، اسے لگا کہ جرار تو اب ضرور اسے تھپڑ مارے گا۔ جرار نے اسے دیکھا۔ جرار کے ہونٹوں پر مسکراہٹ لیکن جلدی دبا لیا اور سرد آواز میں کہا، "میرے پیچھے آؤ۔"

Posted On Kitab Nagri

مینو جلدی سے اس کے پیچھے گئی۔ باہر میشی کو دیکھ کر مینو کا دل کیا کہ اسے سبق سکھائے لیکن جرار کے ہوتے ہوئے یہ ناممکن تھا۔ میشی بھی جرار کے پیچھے چلی گئی اور کالج سے تینوں نکل گئے۔ ہارون گاڑی کے پاس کھڑا ان کا انتظار کر رہا تھا۔

گاڑی کے پاس آکر جرار نے دونوں سے سختی سے کہا، "بیٹھو دونوں گاڑی میں۔" دونوں گاڑی میں بیٹھ گئیں۔ جرار ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا اور ہارون فرنٹ سیٹ پر بیٹھا۔

جرار نے پیچھے دیکھا۔ میشی اور مینو اپنی گود میں رکھے ہاتھوں کو دیکھ رہی تھیں۔ ہارون نے بھی دونوں کو دیکھا۔ جرار نے سرد آواز میں پوچھا، "کیا تھا یہ؟ لڑائی کیوں کی؟"

دونو چپ بیٹھی تھیں۔ جرار نے تھوڑا اونچی آواز میں کہا، "جواب دو!" تو دونوں اُچھل گئیں۔ ہارون نے اپنی مسکراہٹ دبائی۔ ہارون کو مینو کا "لالا" کہنا بہت اچھا لگا تھا۔

ہارون نے مینو سے کہا، "گڑیا، لڑائی کیوں کی تھی؟" مینو نے کہا، "لالا، وہ لڑکے میشی سے ٹکرائے۔ اب کیا پتا میشی ٹکرائی یا وہ ٹکرائے، لیکن ایسا تو نہیں تھا کہ سب کے سامنے وہ میشی کی بے عزتی کریں؟ اور میشی نے 'سوری' کہا تو کیا ضرورت تھی تماشا لگانے کی؟ پھر بھی ہم دونوں چپ چاپ چلنے لگے، لیکن اسے تو عزت راس نہیں آئی، اس لیے میں نے مارا۔"

جرار نے کہا، "دیکھو، لڑکی..." مینو نے جرار کو دیکھ کر جلدی سے کہا، "جرار لالا، ماہ نور عثمانی نام ہے میرا۔ آپ م...!"

Posted On Kitab Nagri

مینو بول رہی تھی، لیکن جرار کی نظروں میں دیکھ کر زبان گویا تالو سے چپک گئی۔ اس نے نظر نیچے کی اور گال شرم سے سُرخ ہو گئے۔ جرار کا دل قہقہہ لگانے کو چاہا، جسے اس نے ضبط کر لیا۔ مینو کو بہت شرم آئی۔ آخر وہ حرکت تو اتفاقاً ہوئی تھی۔

میشی نے تو یہ سب دیکھا تھا، تو اس کے ہونٹوں پر شرارتی مسکراہٹ آئی۔ لیکن ابھی چھیڑنے کا وقت نہیں تھا۔ بعد میں میشی، مینو کو خوب چھیڑتی۔

ہارون نے جرار کو دیکھا۔ ہارون خوب سمجھ گیا۔

پھر ہارون نے مینو سے کہا، "دیکھو گڑیا، وہ لڑکے ٹھیک نہیں ہیں اور تم بہت معصوم ہو، تم..." ابھی ہارون بول رہا تھا کہ مینو نے جلدی سے کہا، "ہارون لالا! معصوم کہہ کر میری توہین نہ کریں!"

ہارون نے اسے گھورا اور کہا، "چھوٹے پٹاخے! تم معصوم ہو، اور تم خود کو سمجھ دار کہہ رہی ہو تو یہ بے وقوفی ہے!"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جرار بھی دل ہی دل میں ہنس رہا تھا مینو کی بات پر، اور اس نے گاڑی روانہ کی۔ مینو آج ان کے گھر جا رہی تھی۔

اسلام علیکم!

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 75005

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

راستے میں مینو نے اپنی مورے کو کال کی۔

مینو نے فون پر پشتو میں کہا:"ہیلو،مورے!زہ د میشي سره کورته ځم،زر به درشم۔"

("ہیلو،مورے!میں میشی کے ساتھ گھر جا رہی ہوں،جلد آجاؤں گی۔")

Posted On Kitab Nagri

مینو کی بات سن کر ہارون نے شوق سے کہا، "گڑیا! مجھے بھی پشتو سکھاؤ۔" مینو نے کہا، "کیوں نہیں لالا، میں سکھادوں گی آپ کو۔"

پھر مینو نے کہا، "لالا، بہت بھوک لگی ہے، ریسٹورنٹ چلیں، کچھ کھائیں گے، اب بھوک برداشت نہیں ہو رہی۔" جرار نے گاڑی ایک ریسٹورنٹ میں روکی اور سب ریسٹورنٹ میں جا کر بیٹھ گئے۔ ویٹر آیا۔ مینو نے اپنا آرڈر دیا: ایک فرائیڈ چکن بریانی، ایک برگر، اور ایک سمال پیزا، اور ساتھ میں کولڈ ڈرنک۔ مینو نے سب کو دیکھ کر کہا، "آپ اپنا آرڈر دیں۔"

جرار اور ہارون تو حیران رہ گئے کہ اتنا سارا کھانا یہ اکیلی کھائے گی؟ ہارون نے کہا، "یہ تم نے اپنا آرڈر بتایا یا مجھے لگا کہ سب کا بتایا؟" مینو نے کہا، "نہیں، میں نے اپنا بتایا۔ آپ کا کیوں بتاؤں گی؟"

سب نے اپنا آرڈر دیا۔ تھوڑی دیر میں کھانا آیا اور سب کھانے لگے۔ مینو تو بالکل کھانے میں مگن تھی، کسی اور چیز کا ہوش ہی نہیں تھا۔ جرار دل ہی دل میں سوچ رہا تھا کہ 'اتنا کھانا کھاتی ہے، یہ موٹی کیوں نہیں ہوتی؟'

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مینو نے اپنا کھانا ختم کیا۔ ہارون نے کہا، "گڑیا! اتنا مت کھاؤ، موٹی ہو جاؤ گی۔" مینو نے کہا، "لالا! اگر موٹی ہوتی تو اب تک غبارہ بن چکی ہوتی، لیکن مجھ پر کھانے کا اثر نہیں ہوتا۔"

Posted On Kitab Nagri

کھانے کے بعد سب روانہ ہوئے، گھر پہنچ کر اندر گئے۔ مینو نے عائشہ خاتون کو دیکھا اور خوشی سے تیز آواز میں کہا، "اسلام و علیکم آنٹی!" عائشہ نے بھی خوش دلی سے مینو کو گلے لگایا اور کہا، "وعلیکم السلام، کیسی ہو میری بیٹی؟" مینو نے کہا، "میں ٹھیک، آپ کیسی ہیں؟" عائشہ نے کہا، "میں بھی ٹھیک ہوں۔" تبھی وجاہت بھی آیا اور مینو کو دیکھ کر خوشی سے سلام کیا۔

سب لاؤنج میں بیٹھ گئے۔ ہارون اٹھ کر اپنے کمرے میں چلا گیا۔ جرار بھی اپنے کمرے میں چلا گیا۔ میشی مینو کے نزدیک آئی اور کہا، "ویسے، بہت رومانی منظر تھا!" مینو کو بہت شرم آئی۔ "میشی، تمہیں تو میں چھوڑوں گی نہیں، بدلہ تو لوں گی، بس وقت آجائے۔"

عائشہ اٹھیں، کھانا تیار تھا اور انہیں میز پر لانا تھا، تو وہ کچن میں چلی گئیں۔ میشی بھی اٹھ کر اپنے کمرے میں چلی گئی۔ مینو صوفے پر بیٹھی تھی، پھر اٹھی اور ڈائننگ ٹیبل کے پاس آئی۔ تبھی جرار نیچے آیا۔ مینو اسے دیکھ کر نظریں چرانے لگی۔

جرار پاس آیا اور شرارت سے کہا، "کیا ہوا؟ نظریں کیوں چرا رہی ہو؟" مینو نے نظریں اِدھر اُدھر گھمائیں اور کہا، "م... میں کیوں نظریں چراؤں گی؟" جرار نے شرارت سے کہا، "اچھا؟ ہمم! ویسے مجھے نہیں پتا تھا کہ اتنی میٹھی بھی ہو تم!" مینو کے گال ایک دم سُرخ ہو گئے۔

تبھی عائشہ باہر آئیں، کھانا میز پر لگا دیا اور مینو سے کہا، "بیٹا، جاؤ میشی کو بلا لاؤ۔" مینو کو تو بھاگنے کا موقع ملا، تو وہ فوراً دوڑ گئی۔ جرار نے اپنا نچلا ہونٹ دانتوں میں دبا کر اپنی مسکراہٹ کو دبایا۔

Posted On Kitab Nagri

ہارون نیچے آرہا تھا لیکن اس نے میشی کے کمرے کو دیکھا اور مسکرا کر اندر چلا گیا۔ میشی نے ابھی ڈریس بدلا تھا اور واش روم سے نکلی تھی۔ ہارون کو دیکھ کر میشی ڈر لگئ۔ میشی نے دل میں کہا:'یا اللہ، یہ یہاں کیوں آیا؟ اور اگر ابھی اس نے چھیچھوڑے حرکتے شروع کی اور مینو آگئی تو...؟'

ہارون نے کہا، "کیا سوچ رہی ہو؟" میشی ہڑبڑا کر بولی، "ک...کچھ نہیں!ا... آپ یہاں کیوں آ... آئے؟" ہارون اس کی کمر میں ہاتھ ڈال رہا تھا کہ میشی پیچھے ہٹی۔ ہارون نے اسے گھورا۔ میشی نے جلدی سے کہا، "و...وہ!م... مینو آ... آجائے گی۔" ہارون نے اسے ہاتھ سے کھینچا تو میشی ہارون کے سینے سے جا لگی اور اس نے ہارون کی شرت کو سینے سے پکڑ لیا۔

ہارون نے تھوڑا سخت اواز میں کہا، "آئندہ میں یہ نہ دیکھوں کہ تم مجھ سے دور ہو جاؤ۔ سمجھ گئی؟"

میشی نے ڈرتے ڈرتے کہا "ج...جی"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہارون نے اس کے بالوں میں ہاتھ ڈالا اور اس کا چہرہ اوپر کیا اور اس کے ہونٹوں پر جھک گیا۔ میشی نے آنکھیں سختی سے بند کر لیں اور ہارون کی شرٹ سینے سے پکڑ لی۔ ہارون اس کی سانسیں خود میں اتار رہا تھا اور اس کے لمس میں شدت آرہی تھی۔ میشی کو برداشت کرنا مشکل لگ رہا تھا۔

تبھی دروازہ کھلا۔ مینو اندر آئی۔ وہ خود بھی بھاگ کر آئی تھی اور بغیر دیکھے بولی، "میشی، آنٹ..."

Posted On Kitab Nagri

لیکن جب سامنے دیکھا تو خود شرم سے پانی پانی ہو گئی۔ہارون جلدی سے پیچھے ہٹا اور میشی کا دل چاہا کہ زمین پھٹے اور وہ اس میں سما جائے۔

مینو نے آنکھوں پر ہاتھ رکھا اور نیچے بھاگ گئی۔نیچے آکر عائشہ نے کہا،"آرام سے بیٹا، گر جاؤ گی۔" عائشہ کچن میں چلی گئیں۔مینو شرم سے لال ٹماٹر بنی ہوئی تھی۔

جرار نے اسے دیکھا، جو گہری گہری سانسیں لے رہی تھی۔جرار نے کہا،"کیا ہوا؟ تم نے کوئی جِن دیکھا کیا جو ایسے بھاگ کر آئی ہو؟"مینو منہ میں بڑبڑائی،"جِن سے بھی خطرناک دیکھا!"

جرار نے پوچھا،"کیا منہ میں بڑبڑا رہی ہو؟"

مینو نے جلدی سے کہا،"ک...کچھ ن...نہیں!"

یہ کہہ کر مینو کچن میں بھاگ گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہارون نے میشی کو دیکھا جو رو دینے کو تھی۔ہارون نے کہا،"کیا ہوا نازنین؟

میشی نے کہا اب نیچے جانے کی ہمت نہیں ہے؟

ہارون:کیا ہوا نازنین؟"

Posted On Kitab Nagri

میشی نے نفی میں سر ہلایا اور کہا، "م... میں ن... نیچے ن... نہیں ج... جا رہی!" ہارون نے پوچھا، "کیوں؟" میشی نے کہا، "م... مینو م... مجھے ا... اب ت... تنگ کرے گی!" ہارون نے پوچھا، "کیوں تنگ کرے گی؟"

میشی تو بس بغیر سمجھے بولے جا رہی تھی، "و... وہ م... میں ن... نے بھی م... مینو کو تنگ ک... کیا تھا!" ہارون نے کہا، "تم نے کیسے تنگ کیا تھا؟" میشی نے کہا، "و... وہ م... مینو آج ب... بھائی پر گ... گری تھی، تو ان کا اچانک ایسا ہوا تھا، اور م... میں نے اسے تنگ کیا تھا۔ اب تو وہ مجھے نہیں چھوڑے گی!"

ہارون نے کہا، "ارے، رو نہیں! وہ تمہاری دوست ہے، دوست تو ایسے مذاق کرتے ہی ہیں۔" ہارون نے میشی کو اپنے سینے سے لگایا۔

میشی نے کہا، "آ... آپ کی و... وجہ سے ہوا! م... میں نے ک... کہا بھی تھا کہ م... مینو آ جائے گی۔" میشی ہارون کے سینے پر مکے مارنے لگی۔ ہارون مسکرایا۔ ہارون نے کہا، "چلو، اب نیچے چلو۔" میشی نے نہ میں سر ہلایا، لیکن ہارون نے کہا، "میشی، ضد نہیں کرو، چلو۔"

میشی چلنے لگی۔ میشی نیچے آئی۔ تھوڑی دیر بعد ہارون بھی آیا۔ سب ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھ گئے۔

Posted On Kitab Nagri

مینو نے میشی کو تنگ نہیں کیا، بلکہ وہ ایسا ظاہر کر رہی تھی جیسے اُسنے کچھ دیکھا نہیں ہے۔ میشی بھی تھوڑی ریلیکس ہوئی۔

لیکن مینو اب جرار کی طرف دیکھنے کی غلطی نہیں کر رہی تھی، اور میشی ہارون کی طرف۔

کھانا کھانے کے بعد مینو اور میشی، میشی کے کمرے میں گئیں۔

کمرے میں آکر مینو نے کہا، "یہ دونوں کتنے بے شرم ہیں!" میشی نے پوچھا، "کون؟" مینو نے کہا، "ہارون لالا اور جرار لالا۔"

میشی نے مینو کو چونک کر دیکھا، "کیا مطلب؟ جرار بھائی نے کیا کیا؟"

مینو نے کہا، "جرار لالا نے مجھے کہا، 'ویسے مجھے نہیں پتا تھا کہ تم اتنی میٹھی بھی ہو۔' تو آنٹی نے مجھے کہا کہ تمہیں بلاؤں۔ میں تو وہاں سے بھاگنے کا موقع دیکھ کر بھاگ کر آئی، اور یہاں ہارون لالا کتنی گندی حرکتیں کر رہے تھے!"

میشی اور مینو، دونوں کے گال شرم سے سُرخ تھے۔

جرار اپنے کمرے میں بیٹھا تھا، تبھی ہارون بھی آگیا۔ جرار نے اسے دیکھا اور کہا، "تمیز نہیں؟ کسی کے کمرے میں آنے سے پہلے نوک کرتے ہیں۔"

Posted On Kitab Nagri

ہارون نے ہنستے ہوئے کہا، "نہیں، تمیز نے آج چھٹی لے لی ہے، اپنے گھر گیا ہے۔"

جرار نے اسے گھورا۔

ہارون نے کہا، "اچھا، سالی صاحب! ایک بات پوچھنی تھی... کیا اُسے پسند کرتے ہو؟"

جرار نے انجان بن کر کہا، "کون؟"

ہارون نے کہا، "یار! زیادہ ناٹک کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ جو اتنے دنوں سے تم پریشان ہو، مینو کی وجہ سے ہو نا؟"

جرار نے سختی سے کہا، "ایسا کچھ نہیں۔ مجھے وہ زہر لگتی ہے۔"

ہارون نے کہا، "جھوٹ مت بولو جرار! میں صرف اتنا کہوں گا کہ بات کر لو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم اسے کھو دو اور بعد میں پچتاؤ گے۔"

جرار نے غصے میں کہا، "میں نے کہا نا، ایسا کچھ نہیں ہے!"

ہارون نے کہا، "ٹھیک ہے، میں نے کہا۔ پھر نہ کہنا۔"

KitabNagri
www.kitabnagri.com

مینو اب گھر جا رہی تھی۔ مینو نے آج اپنے ڈرائیور کو بلایا تھا، کیونکہ شام ہو چکی تھی، تو اس لیے ڈرائیور کو بلایا تھا۔

مینو نے سب سے اجازت لی اور گاڑی میں بیٹھ گئی۔ گاڑی روانہ ہوئی۔

Posted On Kitab Nagri

اور جرار اپنے کمرے کی بالکونی میں کھڑا یہ سب دیکھ رہا تھا۔

مینو کی گاڑی جیسے ہی اوجھل ہو گئی، جرار اپنے کمرے میں واپس آ گیا۔

ہارون نے میشی کے کمرے کے دروازے پر ہاتھ رکھا۔ دروازہ بند تھا۔ ہارون نے دروازہ کھٹکھٹایا کیا، لیکن اندر سے کوئی آواز نہیں آ رہی تھی۔

ہارون نے موبائل نکال کر میشی کو کال کیا، لیکن میشی کا نمبر بھی بند تھا۔ ہارون کو بہت غصہ آیا، لیکن اس نے گہرا سانس لیا اور کہا، "نازنین! یہ تم نے اچھا نہیں کیا۔ میں اس کا حساب لوں گا۔" اور وہ اپنے کمرے میں چلا گیا۔

میشی اندر مسکرائی اور آنکھیں بند کر لیں۔ آہستہ آہستہ وہ نیند کی آغوش میں چلی گئی۔

ہارون کمرے میں آیا اور گرنے کے انداز میں لیٹ گیا۔ ہارون بھی آج تھکا ہوا تھا، تو وہ جلدی ہی نیند میں چلا گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مینو جا رہی تھی کہ اچانک کسی نے اسے ہاتھ سے پکڑا اور کھینچ لیا، اور مینو کے منہ پر ہاتھ رکھ کر اسے سٹور روم کی طرف لے گیا۔

Posted On Kitab Nagri

مینو نے دیکھا تو وہ جرار تھا۔ مینو نے غصے سے کہا، "یہ کیا بد تمیزی ہے؟" جرار نے کہا، "زمرود! میں تمہارے بغیر نہیں رہ سکتا، شادی کر لو مجھ سے!"

مینو تو صدمے میں آ گئی۔ اچانک جرار اس کے ہونٹوں پر جھکا اور شدت سے اس کی سانسیں پینے لگا۔ مینو مزاحمت کر رہی تھی، لیکن جرار اپنی تشنگی مٹا کر پیچھے ہٹا۔ مینو گہری گہری سانسیں لے رہی تھی۔

مینو نے جرار کا ہاتھ پکڑا اور زور سے کاٹ لیا۔

"آہ! جنگلی بلی!"

مینو پیچھے ہوئی اور بھاگ گئی، لیکن اچانک کسی چیز سے پیر ٹکرایا اور مینو گر گئی۔

مینو نے "جرار!" کہہ کر چیخ ماری۔

مینو و جرار نیند سے اٹھا، "آہ! یا اللہ! یہ مجھے کیا ہو رہا ہے؟ یہ میری نیند میں بھی آ گئی! یا اللہ! میں جتنا دور ہونا چاہتا ہوں اس لڑکی سے، یہ اتنی میرے قریب کیوں آتی ہے؟"

جرار واپس لیٹ گیا اور سونے کی کوشش کر رہا تھا۔

یہ خواب نہیں تھا، یہ الجھن تھی—جو نیند میں بھی چین نہیں لینے دے رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

جرار نے پیشانی پر ہاتھ رکھا، آنکھیں موندیں اور دل ہی دل میں بولا،

"زمرود... تم نے مجھے کمزور کر دیا ہے۔"

لیکن اگلے ہی لمحے اس نے خود کو سنبھالا،

"نہیں! میں ایسا نہیں ہوں، یہ سب بس ایک فریب ہے... ایک لمحاتی کمزوری!"

مگر دل تو دل ہوتا ہے—وہ کہاں کسی منطق یا ضد کو مانتا ہے؟

اور دل کی ضد یہی تھی:

"زمرود تمہاری ہے... اور تم اسی کے ہو!"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جرار نے کروٹ بدلی... اور وہی چہرہ، وہی شرارت، وہی ہنسی، پھر سے آنکھوں کے سامنے آ گئی۔

اس نے اپنا کالج کا سفید یونیفارم پہنا۔ سفید قمیض اور شلوار میں بھی وہ بہت پُرکشش لگ رہی تھی۔ اس نے اپنے لمبے بال سمیٹ کر ایک اونچی پونی ٹیل بنائی اور ہلکا سا لپ گلاس لگایا۔

Posted On Kitab Nagri

تیار ہونے کے بعد، وہ نیچے ڈائننگ ٹیبل پر آئی۔ اس کی ماما پہلے سے ہی ناشتہ لگا چکی تھیں۔

آج بھی ناشتے میں چار پراٹھے رکھے تھے، ساتھ میں آملیٹ اور مکھن۔ مینو نے اپنا پورا ناشتہ خوب پیٹ بھر کر کیا اور حسبِ عادت چائے کے کئی کپ پیے۔

ناشتہ مکمل کرنے کے بعد، مینو نے گھر والوں سے اجازت لی، اپنا بیگ اٹھایا اور کالج کے لیے اپنی گاڑی میں بیٹھ گئی۔ ڈرائیور نے گاڑی کالج کی طرف بڑھا دی۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 75005

مینو کالج پہنچی تو گیٹ کے پاس میشی اس کا انتظار کر رہی تھی۔ دونوں ایک دوسرے سے ملیں اور چونکہ ابھی کلاس میں تھوڑا وقت تھا، دونوں گراؤنڈ میں بیٹھ گئیں۔

میشی نے مینو کو بتایا، "مینو! سب لوگ کہہ رہے ہیں کہ پروفیسر جلال کی جگہ میتس پڑھانے کے لیے کوئی نیا پروفیسر آیا ہے۔"

مینو نے حیرت سے دیکھا، "کیا واقعی؟"

میشی نے کہا، "ہاں!"

مینو نے خوش ہو کر کیا، "شکر ہے اللہ کا! پروفیسر جلال سے جان چھوٹی۔"

میشی نے کہا، "یار، یہ تو سوچ کہ نیا پروفیسر ہے کون؟"

مینو نے لاپرواہی سے کہا، "چھوڑو یار، کوئی بھی ہو، ہمیں کیا؟"

Posted On Kitab Nagri

دونوں اپنی باتوں میں لگی رہیں، اور تھوڑی دیر بعد جب کلاس کا وقت ہونے والا تھا، تو دونوں کلاس کی طرف گئیں۔

مینو اور میشی کلاس میں آئیں اور اپنی جگہ بیٹھ گئیں۔ سٹوڈنٹ آہستہ آہستہ آرہے تھے۔ تبھی آمنہ سامنے سے اپنی دوست شمائلہ کے ساتھ آرہی تھی۔ آمنہ نے مینو کو دیکھا۔ آمنہ کا دل چاہا کہ اس کے منہ پر ایک تھپڑ مارے، لیکن خاموشی سے بیٹھ گئی۔

سب سٹوڈنٹ کلاس میں بیٹھ گئے۔ تبھی پروفیسر طلحہ آئے اور سب کو کہا، "آپ لوگوں کا نیا پروفیسر ابھی تھوڑی دیر میں کلاس میں آجائے گا۔ آپ لوگ شور نہیں کریں۔"

تھوڑی دیر بعد نیا پروفیسر اندر آیا۔ سب نے اٹھ کر سلام کیا۔ مینو اور میشی بھی اٹھیں، لیکن جب دونوں نے سامنے دیکھا تو ان کے منہ کھلے کے کھلے رہ گئے۔ دونوں کے رنگ پیلے پڑ گئے اور وہ حیرت سے جرار کو دیکھ رہی تھیں۔

مینو نے صدمے سے میشی سے کہا، "ی... یہ میں صحیح دیکھ رہی ہوں نا میشی؟ یہ سامنے جرار لالا ہیں؟"

میشی نے صدمے سے کہا، "ہاں مینو! مجھے بھی ایسا ہی لگ رہا ہے، سامنے بھائی ہیں۔"

جرار ایک سنجیدہ چہرہ لیے کھڑا تھا، تھری پیس نیلے سوٹ میں ملبوس۔

جرار نے "وعلیکم السلام" کہا اور بولا، "میں آج سے آپ کو میتس پڑھاؤں گا۔ میرا نام جرار درانی ہے۔"

Posted On Kitab Nagri

مینو نے میشی سے کہا، "میشی! تم مجھے چٹکی کاٹو۔ میں تمہیں کاٹوں۔ کہیں یہ خواب تو نہیں؟" میشی اور مینو دونوں نے ایک دوسرے کو زور سے چٹکی کاٹی۔ "آہ!" دونوں کراہ اٹھیں۔ سب نے دونوں کو دیکھا، لیکن وہ دونوں صدمے میں تھیں۔

جرار نے دونوں کی حالت دیکھ کر بامشکل اپنی ہنسی ضبط کی۔ جرار نے سب کی طرف دیکھ کر کہا، "بیٹھ جایئے آپ سب۔" سب بیٹھ گئے۔

مینو اور میشی ویسے ہی کھڑی تھیں۔ جرار نے دونوں کو دیکھا۔ اس کا دل چاہا کہ قہقہہ لگائے، لیکن ضبط کر کے سنجیدہ ہو کر روب دار آواز میں کہا، "آپ دونوں کو درخواست لکھ کر دو بیٹھنے کا

"؟

تو دونوں ہوش میں آ گئیں، اِدھر اُدھر دیکھا۔ سب بیٹھے تھے تو دونوں شرمندہ ہو کر بیٹھ گئیں۔ مینو نے آمنہ کو دیکھا جس نے دل جلانے والی مسکراہٹ اس کی طرف پھینکی۔ مینو کا دل چاہا کہ آمنہ کا منہ نوچ لے۔

جرار نے کلاس شروع کی اور سب لڑکیاں تو جرار کو دیکھ کر آپس میں سرگوشیاں کر رہی تھیں، کہہ رہی تھیں، "ہائے! کتنا ہینڈسم پروفیسر ہے!"

Posted On Kitab Nagri

تبھی مینو اور میشی نے پیچھے سے آمنہ کی آواز سنی جو شمیلا سے کہہ رہی تھی، "واہ! اتنا ہینڈسم! کاش میرا شوہر ہوتا، لیکن کوئی نہیں، جلدی بن جائے گا۔" شمیلا نے کہا، "ارے واہ! پیار ہو گیا؟ تم تو کسی کو گھاس نہیں ڈالتی ہو!" آمنہ نے کہا، "پہلے! نظر میں دل چرالیا میرا، بننا تو پڑے گا۔"

میشی اور مینو کا دل چاہا کہ ان دونوں کا حشر کر دیں۔

جرار کی روبدار شخصیت دیکھ کر سب کو ڈر بھی لگ رہا تھا۔ مینو نے میشی سے کہا، "دیکھو ان دونوں کو، کیا بکواس کر رہی ہیں!" میشی نے کہا، "دل کرتا ہے منہ نوچ لوں ان دونوں بکواسیوں کا۔"

تبھی جرار کی روبدار اور سخت آواز آئی، "ایسی کیا بات کر رہے ہو جو لیکچر کے بعد نہیں ہو سکتی؟"

مینو اور میشی نے جرار کو دیکھا۔ جرار نے کہا، "اگر اتنی ضروری بات ہے تو دروازہ کھلا ہے، باہر جا سکتے ہو!"

مینو اور میشی دونوں اپنی بے عزتی پر شرمندہ ہوئیں اور ہلکی آواز میں کہا، "سوری سر!"

جرار نے کہا، "آئندہ لیکچر کے دوران میں کسی کی بھی بات نہ سنوں!"

تھوڑی دیر میں لیکچر ختم ہوا اور جرار باہر نکل گیا۔

سب طالب علم بیٹھے تھے کہ آمنہ کی آواز آئی: "پروفیسر نے تو میرے دل پر ٹھنڈا پانی ڈال دیا، جیسے میرے دل کی آگ ہی بجھ گئی ہو، لیکن ابھی بھی پوری طرح نہیں!"

مینو نے مٹھی بھینچی اور اٹھنے ہی والی تھی کہ میشی نے اسے پکڑ لیا۔

Posted On Kitab Nagri

میشی:"مینو، کیا کر رہی ہو؟ پاگل ہو؟ اگر تماشا بن گیا نا تو بھائی کیا حال کرے گا، پتا ہے؟"

مینو نے کہا، "چلو باہر چلتے ہیں۔ اگر تھوڑی دیر اس کی اور باتیں سنیں تو پھر میں قابو نہیں کر پاؤں گی۔"

دونوں اٹھیں اور کلاس سے باہر نکل گئیں۔

باہر آکر دونوں کالج کے کیفے ٹیریا میں داخل ہوئیں۔ مینو نے ایک کرسی زور سے کھینچ کر بیٹھ گئی، اور میشی بھی اس کے پاس بیٹھ گئی۔

میشی:"یار مینو، سانس تو لے لو!"

مینو نے گہرا سانس لیا۔

میشی:"یار! کیا ہوا ہے؟ اتنا غصہ کیوں کر رہی ہو؟"

مینو:"تم نے دیکھا نہیں کیا بکواس کر رہی تھی وہ؟"

میشی:"یار! تم کیا کر رہی ہو؟ اسے اگنور کرو۔ اگر آج تم نے اسے کچھ کیا ہوتا نا، تو جرار بھائی کے ہاتھوں سے پکی ہماری شامت آتی!"

مینو:"ہائے! اس کھڑوس سے تو میں گھر میں بھی سوفٹ دور رہنے کی کوشش کرتی ہوں، اب پروفیسر بن کر آگیا! جب دل چاہے گا، میری بے عزتی کرے گا۔"

Posted On Kitab Nagri

مینو نے فوراً سات کپ چائے اور ساتھ میں سات سموسے منگوائے۔ میشی نے کہا، "چائے پی لو، شاید اس سے غصہ کم ہو جائے۔" میشی نے اپنے لیے بھی ایک کپ چائے منگوائی۔

مینو نے کہا، "اگر اس آمنہ کے بچے نے اب کچھ کہا نا، تو میں نہیں چھوڑوں گی! میں اس کا ایسا حشر کروں گی نا، اور سمجھا دو اپنے کھڑوس بھائی کو کہ میری غلطی نہیں ہے! اگر کچھ تماشا بن گیا نا، تو اس آمنہ، تمنا کی غلطی ہو گی۔"

میشی قہقہہ لگا کر ہنسنے لگی: "میں کیوں بھائی سے بات کروں؟ تم خود کر لو!"

تبھی چائے آ گئی۔ میشی نے کہا، "چلو، اب چپ ہو جاؤ اور چائے پی لو تا کہ غصہ کم ہو جائے۔"

دونوں چائے پینے لگیں۔

مینو ابھی بھی چائے پی رہی تھی اور اس کے سامنے چار کپ خالی رکھے تھے۔ وہ ساتھ ساتھ میشی سے باتیں کر رہی تھی اور کہہ رہی تھی کہ میں آمنہ اور شمیلا کا وہ حال کروں گی، میں یہ کروں گی... اور میشی ہنسے جا رہی تھی۔

تبھی جرار ایک دوسرے پروفیسر کے ساتھ کیفے ٹیریا میں آیا۔ دونوں ایک الگ ٹیبل پر بیٹھ گئے اور چائے منگوا کر لیپ ٹاپ کھولا۔

Posted On Kitab Nagri

جرار کی نظر مینو اور میشی پر پڑی۔ مینو چائے پی رہی تھی اور غصے میں بڑبڑا رہی تھی۔ اس کے سامنے سات خالی کپ دیکھ کر جرار نے اپنی مسکراہٹ دبائی۔ اسے معلوم تھا کہ مینو کیوں غصے میں ہے۔

جرار لیپ ٹاپ پر کام کر رہا تھا، دوسرا پروفیسر بھی ساتھ میں اپنا کام کر رہا تھا۔

مینو نے جب اپنا آخری کپ چائے کا پیا، تو اس نے نظریں تھوڑی گھمائیں۔ سامنے کی ٹیبل پر جرار کو دیکھا۔

مینو کے منہ سے نکلا، "ہائے!"

میشی نے کہا، "کیا ہوا؟"

مینو نے آہستہ سے کہا، "کھڑوس!"

میشی نے دیکھا، واقعی جرار بیٹھا تھا۔ مینو نے کہا، "جلدی چلو یہاں سے! کہیں وہ کھڑوس ہمیں دیکھ نہ لے۔"

دونوں اٹھیں اور آہستہ آہستہ باہر نکلیں۔ باہر نکلتے ہی دونوں کلاس کی طرف دوڑیں۔

دونوں کلاس میں دوڑ کر آئیں اور اپنی سیٹوں پر بیٹھ گئیں۔ دونوں آمنہ کی طرف دیکھنے سے پرہیز کر رہی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

مینو نے آہستہ سے میشی سے کہا، "ویسے میشی! یہ کھڑوس ان کیل ئے آمنہ ٹھیک رہے گی کھڑوس کا ہوش ٹھکانے لگادے گا۔"

میشی نے مینو کو تھپڑ مارا اور کہا، "اُف! اللہ نہ کرے، کیسی باتیں کر رہی ہو؟ میں اسے اپنا بھابی بناؤں گی؟ میں تو سوچ رہی تھی کہ تمہیں اپنا بھا بھی بناؤں!"

مینو نے جلدی سے میشی کے منہ پر ہاتھ رکھ دیا، "اوئی! میشی! تمہارے منہ میں خاک! اچھی اچھی باتیں کیا کرو۔ اللہ کرے ہارون لالا آج تمہارا ہوش ٹھکانے لگادیں!"

یہ سن کر میشی کا رنگ پیلا پڑ گیا۔ اسے آج واقعی اپنی شامت نظر آ رہی تھی اور وہ دل ہی دل میں اللہ سے دعائیں مانگ رہی تھی کہ وہ ہارون سے بچ جائے۔

اب کلاس شروع ہوئی اور سب سٹوڈنٹ کلاس کی طرف متوجہ ہو گئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لیکچر ختم ہوتے ہی، مینو تیزی سے اٹھی اور میشی سے کہا، "میشی، جلدی اٹھو! ہم پیدل گھر جائیں گے۔ بہت مزا آئے گا! جلدی اٹھو، کہیں ایسا نہ ہو وہ کھڑوس تمہیں کہے کہ میرے ساتھ گھر چلو!"

دونوں جلدی سے اٹھیں اور باہر بھاگیں۔ پیچھے سے آمنہ نے ان کی باتیں سنیں، اور اس کے چہرے پر ایک شیطانی ہنسی آئی۔ اس نے کسی کو فون ملا کر کوئی خفیہ بات کی۔

مینو اور میشی دونوں ایک آئس کریم شاپ پر گئیں، آئس کریم لی اور پیدل چلنے لگیں۔

Posted On Kitab Nagri

ہارون اپنے دفتر سے کالج آیا اور گاڑی باہر کھڑی کی۔ تبھی جرار باہر آیا اور کہا، "ہارون، جلدی چلو! میشی اور مینو اکیلی پیدل گئی ہیں۔" ہارون نے فوراً گاڑی چلائی۔

سڑک پر ہنگامہ

میشی اور مینو ابھی کچھ ہی دور چلی تھیں کہ اچانک کچھ لڑکوں نے ان کا راستہ روک لیا۔ یہ دیکھ کر میشی کے ہاتھ سے آئس کریم گر گئی۔ مینو نے کہا، "ارے میشی! آئس کریم کیوں گرا دی؟"

میشی ڈر کے مارے کانپ رہی تھی۔ ایک لڑکے نے قریب آ کر کہا، "اے جانِ من! ہمارے ساتھ ایک رات گزارو، بہت مزا آئے گا!"

یہ سن کر مینو کا خون کھول اٹھا۔ دوسرے لڑکے نے ہاتھ بڑھایا تاکہ مینو کا ہاتھ پکڑے۔

"آہہہ!" وہ لڑکا کراہ اٹھا، کیونکہ مینو نے اس کا ہاتھ زور سے مروڑا اور پھر ٹانگ پر لات ماری، جس سے وہ گر گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دوسرے لڑکے نے کہا، "پکڑو اسے!"

مینو نے میشی کو ایک طرف کیا اور خود آگے آئی۔ مینو نے دوسرے لڑکے کے جبڑے پر زوردار مُکّا مارا تو اس کی چیخ نکل گئی۔ کچھ ہی دیر میں مینو نے ان چاروں لڑکوں کا ایسا حال کر دیا کہ وہ بھاگ بھی نہیں سکتے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

اور میشی!جو تھوڑی دیر پہلے ڈر سے کانپ رہی تھی،اب لڑکوں کی پٹائی دیکھ کر خوشی سے اُچھل رہی تھی اور تالیاں مار کر زور زور سے ہنس رہی تھی۔

تبھی ایک گاڑی آکر رکی۔جرار اور ہارون باہر نکلے۔سامنے کا منظر دیکھ کر دونوں کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا۔

جرار اور ہارون نے دیکھا کہ مینو نے ان لڑکوں کی حالت ایسی کر دی تھی کہ ان کا دو تین مہینے ہسپتال سے نکلنا ناممکن تھا۔اور میشی یہ سب دیکھ کر خوشی سے اچھل رہی تھی اور زور زور سے ہنس رہی تھی، تالیاں مار رہی تھی۔

آج آپریشن تھا۔ وہ دن آ گیا۔ سب کے دلوں میں ڈر تھا اور سب اللہ سے دعائیں مانگ رہے تھے۔

مینو اور اس کے گھر والے ہسپتال میں تھے۔ تبھی وجاہت، عائشہ، میشی، ہارون اور جرار آئے۔ مینو نے انہیں دیکھا تو حیران ہوئی اور اٹھی۔

مینو: "انکل، آنٹی! آپ لوگ یہاں؟"

عائشہ نے کہا، "ہم اپنی بچی کو اکیلی چھوڑ سکتے ہیں کیا؟"

عائشہ اور وجاہت سب مینو کی فیملی سے ملے۔ وجاہت مینو کے باپ، چچا اور دادا کو تسلی دے رہا تھا، اور عائشہ، غزال اور شاہدانہ کو تسلی دے رہی تھی۔

ہارون، جرار اور میشی مینو کے ساتھ تھوڑی دور بینچ پر بیٹھے تھے۔

جرار نے کہا، "مینو، کیسی ہو؟"

مینو نے کہا، "بس تھوڑا ڈر لگ رہا ہے۔"

ہارون نے کہا، "گڑیا! ڈرو نہیں، اللہ سب خیر کرے گا۔"

میشی نے مینو کا ہاتھ پکڑا۔ میشی کو بہت رونا آ رہا تھا۔ اس کا دل چاہا کہ مینو کے گلے لگے اور پوٹ پوٹ کر رو دے، لیکن خود پر ضبط کر کے بیٹھی رہی۔

ہارون ڈاکٹر کے پاس تھا۔ ڈاکٹر اور ہارون باہر آئے۔

Posted On Kitab Nagri

ہارون:"گڑیا!یہ کینولا لگوالو۔"

مینو کانپ گئی اور کہا،"ابھی آپریشن ہے؟"

ہارون نے کہا،"نہیں گڑیا!آپریشن دو گھنٹے بعد ہے۔یہ بس کینولا وغیرہ لگاتے ہیں۔"

مینو روم میں آئی اور لیٹ گئی۔ڈاکٹر نے کینولا لگایا اور پھر اس میں ایک انجیکشن لگایا،اور آہستہ آہستہ مینو پر غُنودگی طاری ہونے لگی اور وہ آہستہ آہستہ بے ہوش ہو گئی۔

ڈاکٹر نے عبداللہ کو بھی اندر لے لیا اور سب باہر چلے گئے۔ڈاکٹر نے آپریشن شروع کیا۔(ہارون نے مینو سے جھوٹ کہا تھا کہ آپریشن دو گھنٹے بعد ہے،تاکہ مینو ریلیکس ہو جائے۔)

سب باہر بیٹھ گئے اور اندر آپریشن شروع ہوا۔

میشی باہر کی طرف بھاگ گئی اور رونے لگی۔ہارون اس کے پیچھے گیا۔

www.kitabnagri.com

ہارون:"ارے میشی!یار،رو نہیں!"

میشی ہارون کے سینے سے لگی اور پوٹ پوٹ کر رونے لگی۔

ہارون نے کہا،"میشی!پلیز،رو نہیں!مجھے تکلیف ہو رہی ہے۔"

میشی نے ہچکیوں سے کہا،"ہ...ہارون!کیا ک...کروں؟"

ہارون نے کہا،"میشی!اٹھو اور نوافل پڑھو اور اللہ سے دعا مانگو!"

Posted On Kitab Nagri

میشی نے جلدی سے کہا، "ہ...ہاں! ایسا کرتی ہوں!" میشی اٹھی اور بھاگ کر ایک روم تھا وہاں جا کر نماز پڑھنے لگی۔

باہر مینو کے گھر والے بے جان سے بیٹھے تھے۔ جرار کا بھی بہت برا حال تھا، لیکن اس نے خود کو سنبھالا ہوا تھا۔

سب باہر بیٹھے تھے، وقت جو گزرنے کا نام نہیں لے رہا تھا۔ ہر گزرتا لمحہ کسی صدی کی طرح محسوس ہو رہا تھا۔ ہر دل کی دھڑکن اللہّ سے دعا کر رہی تھی۔

آخر کار سات آٹھ گھنٹے بعد، آپریشن ختم ہوا اور ڈاکٹر باہر آئے۔ ڈاکٹر کو دیکھ کر سب جلدی سے اٹھے۔

مینو کے باپ نے کانپتی آواز میں کہا، "ڈاکٹر! بچے کیسے ہیں؟"

جرار نے اپنے دل پر ہاتھ رکھا۔

ڈاکٹر نے کہا، "عبد اللہ کا آپریشن کامیاب ہوا، اور ماہ نور کا کچھ نہیں کہہ سکتے۔ چوبیس گھنٹے میں ہوش آنا چاہیے، ورنہ کچھ بھی ہو سکتا ہے۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یہ سن کر غزل (مینو کی والدہ) کی ٹانگیں کانپیں اور لڑکھڑا گئیں۔ عائشہ نے جلدی سے انہیں پکڑا اور پیچھے بینچ پر بٹھایا۔ جرار کو اپنی سانسیں رکتی ہوئی محسوس ہوئیں۔ میشی رو رہی تھی، سب کی حالت بہت بری تھی۔

عبداللہ کو روم شفٹ کیا گیا اور وہ ہوش میں آ گیا تھا۔

اب سب مینو کے پاس تھے۔ سب کہہ رہے تھے، "مینو! آنکھیں کھولو!" مینو کی والدہ نے روتے ہوئے کہا، "مینو! اگر تم ہم سے پیار کرتی ہو تو آنکھیں کھولو!" میشی نے کہا، "مینو! آنکھیں کھولو، ہم تمہارے بغیر نہیں رہ سکتے!"

سب بیٹھے تھے اور رو رہے تھے۔

تبھی مینو کے ہونٹوں پر حرکت ہوئی، اور اس کی پلکیں لڑکھڑائیں!

ہارون نے دیکھا، "گڑیا! گڑیا! آنکھیں کھولو!"

یہ دیکھ کر سب بہت خوش ہوئے! مینو نے آہستہ آہستہ آنکھیں کھولیں۔ سب ہنسنے لگے اور سب نے اللہ کا شکر ادا کیا۔

عائشہ نے کہا، "دیکھا! اللہ نے ہم سب کی دعائیں قبول کیں!"

Posted On Kitab Nagri

جرار کی جان میں جان آئی تھی۔ جرار کا دل چاہا مینو کو اپنے سینے سے لگائے، لیکن ابھی اس کے پاس یہ حق نہیں تھا۔ سب اللہ کا شکر ادا کر رہے تھے اس اتنی بڑی نعمت پر۔

مینو کی آنکھیں کھل گئی ہیں، اور اب سب سے بڑا خطرہ ٹل گیا ہے۔

مینو نے آہستہ سے آکسیجن ماسک ہٹایا اور کمزور آواز میں کہا، "ع... عبد اللہ کیسے ہے؟"

ہارون فوراً اس کے قریب آیا اور پیار سے کہا، "گڑیا! عبد اللہ ہوش میں آگیا ہے۔ تم اس کے چودہ گھنٹے بعد ہوش میں آئی ہو۔"

مینو نے کمزور آواز میں اللہ کا شکر ادا کیا کہ عبد اللہ ٹھیک ہے۔ اس کی آنکھوں میں سکون اور اطمینان آ گیا۔

عائشہ نے پیار سے مینو کی پیشانی چومی، "میری بہادر بچی! اب تم آرام کرو۔"

جرار دروازے کے قریب کھڑا یہ سب دیکھ رہا تھا۔ مینو کا پہلا سوال اپنے لیے نہیں، بلکہ عبد اللہ کے لیے تھا—یہ اس کی معصومیت اور قربانی کا ایک اور ثبوت تھا۔ جرار کا دل فخر اور محبت سے بھر گیا۔

آہستہ آہستہ، سب گھر والے تھکاوٹ کی وجہ سے مینو کے کمرے سے باہر نکل گئے۔ وہ ڈاکٹر سے مِل کر کچھ ضروری باتیں کرنے چلے گئے۔

کمرے میں اب صرف مینو لیٹی تھی، اور اس کے آس پاس میشی، ہارون اور جرار تھے۔

Posted On Kitab Nagri

میشی مینو کا ہاتھ پکڑے تھی، اس کی آنکھیں اب بھی بھیگی ہوئی تھیں۔

میشی: "یار مینو! تم نے ہمیں کتنا ڈرا دیا تھا۔ مجھے پتا تھا کہ تم ٹھیک ہو جاؤ گی۔"

ہارون نے شرارت سے کہا، "ہاں گڑیا! اگر تم چلی جاتیں، تو کسے دیکھ کر میرے بھائی کے غصے کی ڈوز پوری ہوتی؟"

ہارون کی بات پر مینو ہلکا سا مسکرائی۔ جرار نے ہارون کو گھورا، لیکن اس کا دل اندر سے خوش تھا۔

جرار نے پھر بھی سنجیدگی برقرار رکھی اور کہا، "اب تم زیادہ باتیں نہیں کرو گی۔ صرف آرام کرو گی۔ تمہیں طاقت کی ضرورت ہے۔"

مینو نے مسکرا کر جرار کو دیکھا۔

میشی نے مینو کے منہ کے پاس چِکن کا سوپ لا کر کہا، "تم نے کہا تھا نا فرائیڈ چکن نہیں کھایا؟ اب کھاؤ۔ یہ ہسپتال کا چکن سوپ ہے، اسی سے طاقت آئے گی!"

تینوں بہن بھائی مل کر مینو کے ساتھ بیٹھے تھے، اسے ہنسا رہے تھے، اور اس کا وقت اچھا گزارنے کی کوشش کر رہے تھے۔ وہ یہ یقینی بنانا چاہتے تھے کہ مینو کے دل میں خوف نہ ہو۔

میشی مینو کو سوپ پیلا رہی تھی۔"

مینو شکل کے عجیب و غریب زاویے بنا کر سوپ پی رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

مینو نے منہ بگاڑ کر کہا، "مجھے نہیں پینا! یہ بالکل اچھا نہیں ہے۔"

لیکن جرار نے تھوڑی سختی سے کہا، "پی لو! ابھی تمہارے لیے یہی ضروری ہے۔"

تو مینو نے پینا شروع کر دیا، اس کے چہرے کے تاثرات دیکھ کر ہارون اور جرار نے اپنی مسکراہٹ دبائی۔

مینو نے سوپ کا پیالہ ختم کیا اور کہا، "اب خوش؟"

میشی: "ہاں! بہت خوش!"

میشی نے خالی پیالہ ایک طرف رکھا اور مینو کے سر پر پیار سے ہاتھ پھیرا،

"میری بہادر گڑیا!"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مینو نے تھوڑا سا منہ بنایا، "اب کچھ مزیدار کھانے کو دل کر رہا ہے۔"

ہارون نے فوراً کہا، "فرائیڈ چکن؟"

مینو کی آنکھیں چمک اٹھیں، "ہاں!"

لیکن جرار نے ٹوڑا سختی سے کہا، "ایک لفظ اور بولا نا تم نے، تو دوبارہ سوپ پینا پڑے گا!"

Posted On Kitab Nagri

مینو نے فوراً زبان دانتوں میں دبائی، اور معصومیت سے کہا،

"اوکے پروفیسر! سوری!"

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 75005

Posted On Kitab Nagri

جرار نے اسے دیکھا، "اب آرام کرو۔ تم جتنی جلدی ٹھیک ہو جاؤ، اتنی جلدی تمہاری خواہش بھی پوری ہو گی۔"

مینو نے شرارتی انداز میں کہا، "پکی بات؟"

جرار نے مسکرا کر کہا، "ہاں پکی بات!"

ایک ہفتہ ہسپتال میں گزرا۔ اب مینو کافی بہتر تھی، تو اسے ڈسچارج کر دیا گیا۔ آج سب بہت خوش تھے۔

میشی، ہارون، اور جرار بھی ہسپتال میں موجود تھے۔

عائشہ نے مینو کو گلے لگایا، "شکر ہے میری بچی، تم ٹھیک ہو کر گھر جا رہی ہو۔"

ڈاکٹر نے مینو کے والدین کو کچھ احتیاطی تدابیر بتائیں، اور جلد ہی مینو کو چلنے کی اجازت مل گئی۔ وہ کمزوری کے باعث آہستہ آہستہ چل رہی تھی۔

جرار سب سے آگے تھا، اس نے خود دروازہ کھولا اور مینو کے لیے گاڑی کا پچھلا دروازہ کھول کر اسے سہارا دیا۔

جرار: بہت نرم آواز میں کہا "آہستہ سے بیٹھو، مینو۔"

Posted On Kitab Nagri

مینو شرمندگی سے آنکھیں جھکا کر بیٹھ گئی۔ میشی اس کے برابر میں بیٹھی، اور ہارون اگلی سیٹ پر بیٹھا۔ جرار ڈرائیونگ کر رہا تھا۔

گاڑی آہستہ آہستہ چل رہی تھی۔ میشی اور ہارون ہنسی مذاق کر رہے تھے، تاکہ مینو کا موڈ اچھا رہے۔

مینو نے ایک دم اپنا ہاتھ پیٹ پر رکھا، جہاں ٹانکے لگے تھے۔ وہ درد کی وجہ سے تھوڑا کرّاہی۔

جرار نے فوراً ریئرویو مرر میں مینو کو دیکھا۔ وہ بغیر کچھ کہے، فوراً گاڑی کی رفتار اور احتیاط کو مزید بڑھا دیا۔ وہ اب ہر گڑھے اور جھٹکے سے گاڑی کو بچا رہا تھا، جیسے وہ کوئی بہت نازک شے چلا رہا ہو۔

میشی: "مینو! درد ہو رہا ہے؟ میڈیسن لے لو!"

مینو: "نہیں، تھوڑا سا... اب ٹھیک ہے۔"

جرار نے مینو کی طرف دیکھے بغیر، ہارون سے کہا، "ہارون، جب ہم گھر پہنچیں، تو فوراً کمفرٹیبل تکیے اور چادریں تیار رکھنا۔ اور کھانے کے لیے صرف ڈاکٹر کی بتائی ہوئی چیزیں ہوں گی۔"

یہ دیکھ کر مینو کو احساس ہوا کہ جرار اس کی کتنی خاموشی سے دیکھ بھال کر رہا ہے۔ وہ اس کے درد کو بغیر کچھ کہے سمجھ گیا تھا۔ مینو کے دل کی دھڑکن ایک بار پھر تیز ہو گئی، اور اس نے کھڑکی سے باہر دیکھنا شروع کر دیا تاکہ جرار اس کے لال ہوتے چہرے کو نہ دیکھ پائے۔

Posted On Kitab Nagri

گاڑی مینو کے گھر پہنچی۔ مینو کو اس کے گھر لے جایا گیا۔ میشی، ہارون، اور جرار بھی مینو کے ساتھ اس کے گھر کے اندر آئے۔

جرار نے جب مینو کا گھر دیکھا تو وہ سچ میں حیران ہوا! وہ ایک بہت بڑا اور انتہائی خوبصورت گھر تھا۔ جرار کا گھر بھی خوبصورت تھا، لیکن مینو جس طرح کے رہتی تھی اور جس طرح وہ کبھی امیر ہونے کا غرور نہیں کرتی تھی، اس سے سب کو یہ لگتا تھا جیسے وہ کسی چھوٹے گھر سے ہو گی۔

میشی اور ہارون نے مینو کی مدد کی اور اسے اس کے روم میں لے جا کر لیٹایا۔ مینو کے گھر والے بھی بہت خوش تھے کہ ان کی بچی اب گھر آ گئی ہے۔

مینو کے والدین نے جرار، ہارون اور میشی کا بہت شکریہ ادا کیا اور ان کی تواضع کی۔

بہت دیر کے بعد میشی، ہارون، اور جرار وہاں سے چلے گئے۔ اور مینو تھکاوٹ کی وجہ سے فوراً سو گئی اب مینو بہت بہتر ہو گئی تھی۔ اس نے کالج جانا بھی شروع کر دیا۔ آج مینو اور میشی دونوں بہت خوش تھیں۔

www.kitabnagri.com

دونوں کلاس میں گئیں اور بیٹھ گئیں۔ تھوڑی دیر میں کلاس شروع ہوئی۔ جرار کلاس میں آیا۔ سلام کے بعد اس نے لیکچر شروع کیا۔

میشی اور مینو آج پہلی سیٹ پر بیٹھی تھیں۔ میشی نے مینو کو آمنہ سے دور بٹھایا تھا تاکہ کہیں مینو آمنہ کی باتیں سن کر بے قابو نہ ہو جائے اور کوئی اپنا نقصان نہ کر لے۔

Posted On Kitab Nagri

جرار نے بورڈ پر کچھ سوالات لکھے تھے اور سائیڈ پر ہو کر سب کو نوٹ کرنے کو کہا۔ سب اسٹوڈنٹس سوال نوٹ کر رہے تھے۔ مینو بھی نوٹ کر رہی تھی۔

مینو کو ایسا محسوس ہوا کہ کوئی اسے دیکھ رہا ہے۔ مینو نے نظر اوپر کی، ادھر اُدھر دیکھا، کوئی نہیں تھا۔ اسے اپنا وہم سمجھ کر واپس لکھنا شروع کیا۔

اور جرار یہ دیکھ کر گہرا مسکرایا۔ اس کی مسکراہٹ کسی نے نہیں دیکھی۔

جرار اپنا دھیان پوری طرح سے مینو پر رکھے ہوئے تھا، لیکن اس انداز میں کہ مینو کو احساس نہ ہوا۔ وہ دل ہی دل میں خوش تھا کہ مینو واپس آگئی ہے اور اب وہ اسے قریب سے دیکھ سکتا ہے۔

کالج کی چھٹی ہو گئی۔ مینو کا ڈرائیور آ گیا تھا، اور وہ اس کے ساتھ چلی گئی۔ میشی اور جرار بھی اپنے گھر کی طرف روانہ ہوئے۔

گھر آ کر میشی اور جرار اندر گئے، سب کو سلام کیا۔ عائشہ، وجاہت، اور ہارون لاؤنج میں بیٹھے تھے۔ میشی اور جرار بھی ان کے ساتھ بیٹھ گئے۔

وجاہت نے کہا، "بیٹا! ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ اب تمہارا رشتہ لے کر جائیں گے۔"

جرار: حیرت سے کہا "رشتہ؟ کس کے لیے؟"

وجاہت: "مینو کے لیے۔"

Posted On Kitab Nagri

یہ سن کر میشی اور جرار چونک کر اپنے والدین کو دیکھا۔

عائشہ نے مسکراتے ہوئے کہا، "بیٹا! مینو ہمیں بھی پسند ہے، اور تمہارے دل کا تو ہمیں پہلے سے پتا ہے! اب تم یہ مت کہنا کہ 'ایسا کچھ نہیں، میں کسی کو پسند نہیں کرتا'!"

جرار کے چہرے پر ایک گہری مسکراہٹ پھیل گئی۔ اس نے جھک کر عائشہ کے ہاتھ پر بوسہ دیا، "ماما! میں نے کب انکار کیا! میں بھی تو چاہتا ہوں جلد سے جلد نکاح ہو جائے۔ رخصتی بعد میں کریں گے، اس کا کالج پورا ہو جائے پھر!"

یہ سن کر میشی تو خوشی سے اچھل رہی تھی۔ ہارون، عائشہ اور وجاہت سب بہت خوش تھے۔

جرار کو لگا جیسے اس کے کندھوں سے ایک بڑا بوجھ اتر گیا ہو۔ جس نور کو کھونے کے ڈر سے اس کی جان نکلی جا رہی تھی، اب وہ ہمیشہ کے لیے اس کی ہونے والی تھی۔

آج اتوار تھا، کالج کی چھٹی تھی۔ مینو کے گھر وجاہت اور ان کا سارا خاندان آ رہا تھا۔ مینو اور کسی کو نہیں پتا تھا کہ وہ کیوں آ رہے ہیں، لیکن سب صبح سے تیاریاں کر رہے تھے، اچھے اچھے کھانے بن رہے تھے۔

وجاہت، عائشہ اور ان کا سارا خاندان تیار ہوا اور روانہ ہوا۔ مینو کے گھر پہنچ کر اندر گئے، سب ایک دوسرے سے ملے اور گیسٹ روم میں بیٹھ گئے۔ میشی اور مینو تو روم میں چلی گئیں۔

Posted On Kitab Nagri

نیچے سب بیٹھ کر باتیں کر رہے تھے اور اوپر مینو کے روم میں میشی اور مینو ہنسی مذاق کر رہی تھیں۔
کھانے کا ٹیبل سجایا گیا، اور اچھے کھانوں کی خوشبو سارے گھر میں پھیل گئی۔ میشی اور مینو بھی نیچے آئیں۔ سب کھانے پر بیٹھے اور کھانا شروع کیا۔
ہارون نے جرار کی طرف تھوڑا جھک کر کہا، "ویسے گڑیا کا کیا ردِ عمل ہو گا جب رشتے کی بات سنے گی؟"
جرار نے ہارون کو دیکھا، پھر مینو کو، جو کھانے میں مگن تھی۔

تھوڑی دیر بعد وجاہت نے کہا، "بھائی صاحب! ہم یہاں آپ سے کچھ مانگنے آئے ہیں۔"
مینو کے والد (عامر سلطان) نے کہا، "جی جی، بولیے وجاہت بھائی!"
وجاہت نے کہا، "میں اپنے بیٹے جرار کے لیے آپ کی بیٹی مینو کا ہاتھ مانگ رہا ہوں۔"
مینو جو کھانے میں مگن تھی اور باتیں بھی سن رہی تھی، اچانک اس کے گلے میں نوالہ پھنس گیا اور وہ کھانسنے لگی۔ میشی نے جلدی سے پانی دیا۔ مینو نے پانی پیا اور منہ کھولے ہی رہ گئی۔
مینو نے سب کو دیکھا اور پھر جرار کو، جو ہنسی ضبط کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ ہارون بھی ہنسا۔
عائشہ نے کہا، "بھائی صاحب! ہم آپ کی بیٹی کو بہو نہیں، بیٹی بنا کر رکھیں گے!"
مینو کی فیملی کو پہلے ہی جرار کا خاندان پسند تھا، اتنے اچھے لوگ تھے، مختیار (مینو کے دادا) نے کہا،
"وجاہت بیٹا! یہ ہمارے لیے بہت فخر کی بات ہے کہ آپ لوگ آئے، اور آپ کا بیٹا بھی ہمیں پسند

Posted On Kitab Nagri

ہے۔ لیکن یہ فیصلہ مینو کرے گی! زندگی اسے گزارنی ہے، اور ہم اس کی مرضی کے بغیر کچھ نہیں کریں گے۔"

مختیار (دادا) نے کہا، "مینو بچی! بولو! تم جو کہو گی، وہی ہو گا!"

مینو نے اپنے گھر والوں کی آنکھوں میں جرار کے لیے پسندیدگی دیکھی، تو مینو نے نظریں جھکائیں اور ہکلاتے ہوئے کہا، "د... داجی! آپ لوگوں کا جو فیصلہ ہے، میرا بھی وہی ہے۔"

داجی نے کہا، "مینو بچی! اگر میں کہوں کہ مجھے جرار پسند ہے، تو میں ہاں کر دو؟"

مینو نے نظریں نیچے کی اور ہاں میں سر ہلایا۔ (وہ پٹھانی تھی، شرم تو آنی ہی تھی! جب بڑے اس کے رشتے کی بات کر رہے تھے، تو اسے بہت شرم آ رہی تھی۔)

داداجی نے کہا، "تو ہماری طرف سے ہاں ہے۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ سن کر سب کے چہروں پر خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ جرار کی روح کو تو جیسے سکون ملا۔

مینو نے میشی سے آہستہ آواز میں کہا، "میشی! روم میں چلیں؟" میشی نے سر ہلایا۔ دونوں اٹھ کر روم میں گئیں۔

اور نیچے سب ایک دوسرے کو مبارکباد دے رہے تھے۔

ہارون نے جرار سے کہا، "مبارک ہو! اب دل کو سکون پہنچا؟"

Posted On Kitab Nagri

جرار نے کہا، "بہت زیادہ!"

وجاہت نے کہا، "تو اس جمعے کو نکاح کرتے ہیں۔ نکاح سادگی سے کریں گے، رخصتی دھوم دھام سے کریں گے، پھر!"

سب راضی ہوئے۔

مینو اور میشی اوپر آئیں۔ مینو کا چہرہ لال ہوا ہوا تھا۔

میشی نے کہا، "ہائے مینو! تم تو رشتے کی بات پر سرخ ہو گئی ہو! جب دلہن بنو گی تب کیا ہو گا؟"

نکاح میں چار دن باقی تھے۔ مینو شام کو روم میں بیٹھی تھی کہ تبھی ان نون نمبر سے کال آئی۔ مینو نے دیکھا لیکن نہیں اٹھائی۔ کال بند ہوئی اور پھر سے شروع ہو گئی۔

مینو نے اٹھالی، "ہیلو؟"

دوسری طرف سے بھاری آواز آئی، "کال کیوں نہیں اٹھا رہی تھی؟"

یہ سن کر مینو کی دھڑکنیں تیز ہو گئیں! اس نے ہکلا کر پوچھا، "ک... کون؟"

جرار مسکرایا، "کیا واقعی تم میری آواز نہیں پہچانی؟"

مینو: "ک... کال کیوں ک... کی؟"

جرار نے کہا، "اب تو کال کروں گا!"

Posted On Kitab Nagri

مینو:"د...دیکھیں پروفیسر!ابھی صرف بات ہوئی ہے، نکاح نہیں!اور میرا نمبر کہاں سے ملا آپ کو؟"

جرار:"مینو!اب یہ پروفیسر نہ کہو۔"

مینو:"ت...تو کیا کہوں؟"

جرار نے کہا،"صرف جرار ہی کہو۔"

مینو:"نہیں!میں جرار لال...لالا!"کہنے پر مینو نے زبان دانتوں میں دبالی۔

جرار نے کہا،"لڑکی!اب یہ لالا لالا کہنا بند کرو!ویسے بھی، جب تم پہلی دفعہ مجھے لالا کہتی تھی، تو دل چاہتا تھا تمہاری زبان اپنی طریقے سے بند کروں!"

مینو کا دل تیزی سے دھڑکا!وہ شرم سے پاگل ہو گئی—"بے شرم!"اس نے جلدی سے کال بند کر دی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور یہاں جرار کا جاندار قہقہہ نکلا۔

جرار نے ہنستے ہوئے کہا،"تم نے ابھی بے شرمی دیکھی کہاں ہے میری زُمرود؟"

تبھی جرار شرارتی مسکرایا اور مینو کو ایک میسج کیا:

>"تم نے ابھی میری بے شرمی دیکھی کہاں ہے؟ساتھ میں آنکھ مارنے والا ایموجی (😉) سینڈ کیا۔

مینو کی دھڑکنیں بے حال تیز تھیں۔موبائل پر میسج کا نوٹیفیکیشن آیا۔مینو نے میسج دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

اس کا چہرہ لال ہوا اور چہرے پر ہاتھ رکھا:"یا اللہ! یہ کتنا بے شرم ہے! کیسی باتیں کرتا ہے!"

جرار کو اس کا لال چہرہ نظر آرہا تھا۔ جرار کو پتا تھا مینو شرم سے لال ٹماٹر بنی ہو گی۔

صبح مینو کالج کے لیے تیار ہوئی تو مورے نے کہا،"ارے مینو! جمعے کو نکاح ہے تمہارا اور تم کالج جارہی ہو؟"

مینو:"مورے! جمعے کو دو دن ہیں اور میں کالج سے چھٹی نہیں کر سکتی!"اور وہ کالج کے لیے نکل گئی۔

کالج میں میشی نے اسے دیکھا اور دونوں گلے لگیں۔ دونوں گراؤنڈ میں بیٹھ گئیں، کلاس میں ابھی وقت تھا۔

میشی:"مینو! بھائی کل تمہیں شاپنگ پر لے جائیں گے!"

یہ سن کر مینو کو تو جیسے کرنٹ لگا،"کیا!؟ میں شاپنگ پر جرار لالا کے ساتھ جاؤں گی؟"

میشی نے اسے تھپڑ مارا،"بیوقوف لڑکی! 'لالا' مت کہو! نکاح ہونے والا ہے!"

مینو:"کیا کروں؟ منہ سے نکلتا ہے!"

میشی:"چلو کلاس میں چلتے ہیں۔"دونوں کلاس کی طرف روانہ ہوئیں۔

کلاس میں دونوں بیٹھ گئیں، تبھی آمنہ نے شمیلہ سے کہا،"ویسے شمیلہ! کچھ لوگ پروفیسر کی نظروں میں اپنی حیثیت بنانا چاہتے ہیں، لیکن پروفیسر تو انہیں گھاس ہی نہیں ڈالتے!"

Posted On Kitab Nagri

مینو اٹھنے لگی، میشی نے اس کا ہاتھ پکڑا، "نہیں مینو! طبیعت ٹھیک نہیں ہے تمہاری! پلیز اگنور کرو اسے!"

مینو نے میشی کا ہاتھ پکڑا اور کہا، "میں صرف بات کر رہی ہوں۔ آج!"

مینو آمنہ کی بینچ کے پاس آئی، میشی بھی ساتھ آئی۔ مینو نے بینچ پر ہاتھ رکھا اور کہا، "ویسے آمنہ! ایک بات کہوں؟ تم ہمیں دو ٹکے کا کہہ رہی ہو نا؟ میرا تو چھوڑو، لیکن تمہیں پتا ہے میشی کون ہے؟"

آمنہ نے مینو کو دیکھا، جیسے پوچھ رہی ہو 'کون ہے؟'

مینو آمنہ کے پاس جھکی اور آہستہ آواز میں کہا، "میشی، پروفیسر جرار کی بہن ہے! اور میرا بھی بہت جلد پتا چل جائے گا!"

آمنہ اور شمیلہ نے چونک کر مینو کو دیکھا۔ آمنہ طنزیہ مسکرائی، "اوہ! تو اب یہ کہہ کر اپنی اوقات بنانا چاہتی ہو!"

مینو نے سکون سے کہا، "میں نے بتایا! تم یقین کرو یا نہ کرو!"

تبھی جرار کلاس میں آیا۔ مینو اور میشی اپنی جگہ پر بیٹھ گئیں۔ جرار نے سب کو سلام کیا۔ جرار نے میشی اور مینو کو دیکھا، تھوڑا پریشان ہوا کہ کہیں مینو آمنہ سے جھگڑا نہ کرے، مینو ابھی اتنی ٹھیک نہیں ہوئی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

جرار لیکچر شروع کرنے والا تھا، آمنہ نے شمیلہ سے کہا، "اب دیکھنا! اس مینو کی بچی کا جھوٹ میں کیسے پکڑتی ہوں!"

آمنہ نے کہا، "سر!"

جرار نے آمنہ کو دیکھا، "جی مس آمنہ؟"

آمنہ نے کہا، "سر! مینو نے بتایا ہے کہ میشی آپ کی بہن ہے۔" آمنہ دل ہی دل میں خوش تھی کہ پروفیسر اب پکا مینو کی بے عزتی کریں گے اس جھوٹ پر۔

جرار نے کہا، "ہاں مس آمنہ! میشی میری چھوٹی بہن ہے!"

آمنہ کا چہرہ فق ہو گیا!

مینو طنزیہ مسکرائی!

جرار نے لیکچر شروع کیا اور آمنہ کا دھیان لیکچر پر تھا ہی نہیں، بس یہی سوچ رہی تھی کہ میشی کی اتنی بے عزتی کی اس نے! اب میشی کو کیسے اپنی مٹھی میں کرے!

کلاس ختم ہوئی، جرار کلاس سے جانے سے پہلے کہا، "مینو! میرے آفس میں ملو!" اور نکل گیا۔

مینو نے آمنہ کی طرف دل جلانے والی مسکراہٹ پھینکی۔ آمنہ اندر تک سلگ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

مینو کلاس سے نکل گئی، لیکن آفس کے سامنے کھڑی تھی۔اب اندر جانے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی۔ آمنہ کو جلانے کے لیے تو آئی تھی، اب اندر کیسے جاتے؟

کچھ دیر بعد دروازا نوک کیا۔

اندر سے جرار کی بھاری آواز آیا، "آجاؤ!"

مینو دھڑکتے دل کے ساتھ اندر گئی۔اندر آکر مینو دروازے کے پاس کھڑی ہو گئی اور نظریں نیچے کر کے کہا، "آپ نے بلایا، پروفیسر؟"

جرار نے اپنی مسکراہٹ دبائی، "اتنی دور کیوں کھڑی ہو؟"

جرار اٹھا اور مینو کی طرف قدم بڑھانے لگا۔

مینو جرار کو اپنی طرف آتا دیکھ کر مینو کے جسم پر کپکپاہٹ طاری ہوئی اور وہ پیچھے ہونے لگے اور دروازے سے جا لگی۔

جرار نے اس کے دونوں طرف ہاتھ رکھ دیا اور جھک کر کہا، "آمنہ سے کیا بات کر رہی تھی؟"

مینو: "پ... پیچھے ہ... ہو کر ب... بات ک... کریں!"

جرار: "زُمرد! کیا بات کر رہی تھی آمنہ سے؟"

مینو سے کچھ بولا نہیں جا رہا تھا۔جرار اتنا نزدیک تھا کہ اس کی سانسیں مینو کے چہرے سے ٹکرا رہی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

مینو:"و...وہ...م...میں ن...نے اُ...اُسے ک...کہا ک...کہ م...میشی آ...آپ کی ب...بہن ہ...ہے!"

جرار:"زُمرد!اس سے بات نہیں کرو۔اگر وہ تمہیں کچھ کہے بھی تو تم اسے کچھ مت کہو۔تم ابھی تک اتنی ٹھیک نہیں ہو!"

جرار کی نظریں مینو کے کپکپاتے ہونٹوں پر گئیں۔جرار نے فوراً نظریں چرائی اور پیچھے ہوا،"جاؤ!ورنہ مجھ سے گستاخی ہو جائے گی!"

مینو فوراًباہر بھاگی اور دوڑتی ہوئی کلاس کے پاس رُکی۔باہر رُک کر خود کو نارمل کیا اور کلاس میں گئی۔

جرار نے اپنے چہرے پر ہاتھ پھیرا۔گلاس میں پانی ڈالا اور ایک ہی سانس میں پی لیا۔وہ ابھی تک اس قربت کے اثر سے باہر نہیں نکل سکا تھا۔

مینو جب کلاس میں پہنچی تو میشی نے پوچھا،"کیا کہہ رہے تھے بھائی؟"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مینو:"و...وہ کہہ رہے تھے کہ آمنہ سے دور رہوں!"

میشی:"ہاں،ٹھیک کہہ رہے ہیں بھائی۔اب اس آمنہ کی باتوں کو اگنور کرو۔

مینو:"مورے!مجھے نہیں جانا ان کے ساتھ۔آپ لوگ کر دیں نا میری شاپنگ!"

مینو مورے نے غصے سے کہا،"مینو!اب اگر دوبارہ یہ بات کہی نا تو اچھا نہیں ہو گا!"

مینو بُری سی شکل بنا کر بیٹھ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 75005

موری نے کہا،"جاؤ!تیار ہو جاؤ!جرار آرہا ہو گا۔"

Posted On Kitab Nagri

مینو روم میں گئی اور تیار ہونے لگی۔ جرار آیا، موری نے اسے اندر بلایا۔ جرار نے موری کو دیکھ کر سلام کیا اور ان کے پاس بیٹھ گیا۔

موری نے کہا، "بیٹا! بہت ضد کر رہی تھی کہ نہیں جانا شاپنگ پر۔ بہت ڈانٹ کر تیار کیا ہے ابھی!"

تبھی مینو لاؤنج میں آگئی۔ جرار کو دیکھ کر سلام کیا۔ موری نے کہا، "جاؤ جرار بیٹا! لے جاؤ اسے!"

جرار مینو کو لے گیا۔

دونوں گاڑی میں بیٹھے۔ گاڑی روانہ کی۔ گاڑی تھوڑی دور آئی، جرار نے کہا، "شاپنگ پر کیوں نہیں جا رہی تھی؟"

مینو نے کہا، "میں نے کب کہا میں نہیں جا رہی؟"

جرار نے کہا، "اچھا! تو موری آنٹی جھوٹ بولتی ہیں کیا؟"

مینو: "نہیں! وہ تو میں بس اس لیے کہہ رہی تھی کہ مورے اکو ایسے نہ لگے کہ میں بے شرم ہوں!"

جرار: "اچھا! تو دکھاوا کر رہی تھی؟"

مینو: "ہاں!"

جرار نے ہنستے ہوئے رخ موڑا، "تو مطلب اصل میں تم اندر سے خوش تھی میرے ساتھ جانے پر؟"

Posted On Kitab Nagri

مینو نے نظریں چُرائیں، "میں نے ایسا کب کہا؟"

جرار نے گاڑی کی رفتار تھوڑی کم کی، "اب کہہ بھی دو... خوش ہوئی تھی یا نہیں؟"

مینو نے ہونٹ دبائے، تھوڑی دیر چپ رہی، پھر آہستہ سے بولی، "ہاں... تھوڑی سی۔"

جرار نے شرارتی انداز میں کہا، "بس تھوڑی سی؟ مجھے لگا بہت خوش ہو گی!"

مینو نے گھور کر دیکھا، "زیادہ خوشی دکھاتی تو آپ اور بے شرم ہو جاتے!"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جرار نے قہقہہ لگایا، "اب تو جو ہونا تھا، ہو چکا زُمرود! اب تو بس بے شرمی بڑھتی جائے گی۔"

مینو نے ہونٹوں پر ہاتھ رکھا، "پروفیسر! خدارا! گاڑی چلائیں، ورنہ میں اتر جاؤں گی۔"

جرار نے مسکراتے ہوئے کہا، "تم اترو گی، میں چلو گا؟ کبھی نہیں!"

Posted On Kitab Nagri

جرار نے ایک خوبصورت مال کے سامنے گاڑی روکی۔ مینو اور جرار دونوں اندر گئے۔

جرار ایک نفیس ڈیزائنر بوتیک کی طرف لے گیا۔ وہ دونوں اندر داخل ہوئے، جہاں ہر طرف شاندار ملبوسات سجے تھے۔

جرار نے ایک سفید لباس کی طرف اشارہ کیا، جو ایک خوبصورت ڈسپلے پر رکھا تھا۔ وہ نکاح کے لیے ایک بے حد نفیس اور خوبصورت فراک تھا۔

یہ ایک لمبا، فرش کو چھوتا ہوا سفید فراک تھا، جو باریک اور نازک نیٹ پر تیار کیا گیا تھا۔ اس پر ہلکے چاندی کے موتیوں اور سفید ریشم سے نہایت نفیس اور باریک کام کیا گیا تھا، جو اسے ایک پاکیزہ اور ملائکہ جیسا لُک دے رہا تھا۔

جرار نے مینو کی طرف دیکھتے ہوئے کہا، "یہ تمہارے لیے مجھے پسند ہے۔ تم اس سفید فراک میں نور کی پری لگو گی۔ میں نہیں چاہتا کہ ہمارے نکاح کے دن تمہاری خوبصورتی کو رنگوں کی ضرورت پڑے۔ تمہاری پاکیزگی ہی کافی ہے۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مینو کا دل دھڑکا۔ اس نے خاموشی سے جرار کی پسندیدگی قبول کر لی۔ وہ جانتی تھی کہ جرار نے سفید لباس اس کی کردار کی پاکیزگی کو عزت دینے کے لیے منتخب کیا ہے۔

مینو: آہستہ سے کہا "ٹھیک ہے، پروفیسر!"

Posted On Kitab Nagri

اب جرار مینو کو ہاتھ سے پکڑے ہوئے ساتھ لے کر ایک شاندار جیولری شاپ کی طرف گئے۔ مینو کا ہاتھ تھام کر چلنا اب ان کے لیے معمول بنتا جا رہا تھا، اور مینو کو اب اس سے خوف کے بجائے سکون محسوس ہوتا تھا۔

جیولری شاپ کے اندر ہر طرف ہیروں اور سونے کی چمک تھی۔

جرار سیدھا ایک ایسے حصے کی طرف گیا جہاں سفید پتھروں اور موتیوں کے نفیس سیٹ سجے تھے۔

جرار نے ایک ڈسپلے کیس کی طرف اشارہ کیا اور مینو کو آنکھ کے اشارے سے جھکنے کو کہا۔

جرار نے جو زیورات پسند کیے، وہ یہ تھے:

* ہار: ایک نہایت ہی نازک وائٹ گولڈ چین، جس کے درمیان میں ایک چھوٹا سا ہیرا لگا ہوا تھا۔ یہ گلے کو بھرتا نہیں تھا، بلکہ مینو کی گردن کی سادگی کو نمایاں کرتا تھا۔

* بالیاں: چھوٹے اور خوبصورت ڈائمنڈ سٹڈز جن کے نیچے ایک چھوٹا سا موتی لٹک رہا تھا۔

* انگوٹھی: ایک پتلی سی وائٹ گولڈ کی انگوٹھی، جس میں کوئی بڑا نگینہ نہیں تھا، بلکہ چھوٹے ہیرے کنارے پر سجے تھے، اور درمیان میں سادگی تھی۔

* کنگن: ایک نہایت پتلا اور نازک وائٹ گولڈ کا کڑا، جو مینو کی کلائی کو بھرنے کے بجائے نفاست دیتا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

مینو: آہستہ سے کہا" یہ سب...بہت خوبصورت ہے۔"

شاپنگ مکمل کرنے کے بعد، مینو اور جرار گھر کی طرف واپس روانہ ہوئے۔ مینو کے چہرے پر تھکاوٹ کے باوجود ایک نئی چمک تھی۔

جرار:"مینو! کہیں رک کر کھانا کھاتے ہیں۔"

مینو نے ہلکے سے سر ہلایا،"جی، ٹھیک ہے۔"

جرار نے گاڑی ایک خوبصورت اور پر سکون ریسٹورنٹ کے سامنے روکی۔ دونوں اندر گئے۔ یہ ریسٹورنٹ پرائیویٹ کیبن والا تھا، تاکہ دونوں آرام سے بات کر سکیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آرڈر دیتے وقت جرار نے مینو کی طرف دیکھا۔

جرار:"اب چونکہ میں نے تمہاری پروفیسری والی ضد پر قابو پالیا ہے اور تم نے بہت صبر کیا ہے... تمہاری سب سے بڑی خواہش کیا تھی جو تم نے ایک مہینے سے پوری نہیں کی؟"

مینو نے فوراً شرارت سے کہا،"فرائیڈ چکن!"

Posted On Kitab Nagri

جرار نے قہقہہ لگایا اور فوراً آرڈر دیا، "فرائیڈ چکن اور ایک عدد لائٹ سوپ، تاکہ میڈم کا ڈائٹ چارٹ بھی نہ ٹوٹے!"

دونوں نے کھانا کھایا۔ اس دوران دونوں کے درمیان بہت ہلکی پھلکی اور شرارتی باتیں ہوئیں۔ مینو نے جرار کو اپنے کالج کے دنوں کے چھوٹے موٹے قصے بھی سنائے،

کھانا کھانے کے بعد، جب وہ ریسٹورنٹ سے باہر نکل رہے تھے اور مینو سیڑھیوں سے نیچے اتر رہی تھی تو جرار نے خود ہی اس کا ہاتھ تھام لیا تاکہ وہ لڑکھڑا نہ جائے۔

مینو نے نہ تو ہاتھ واپس کھینچا اور نہ ہی کوئی اعتراض کیا، بلکہ اس نے سکون محسوس کیا۔

گاڑی میں بیٹھے ہوئے، مینو نے دیکھا کہ جرار کا ہاتھ ابھی بھی اس کے ہاتھ پر رکھا ہوا تھا۔ دونوں خاموش تھے، لیکن ان کی خاموشی میں بہت سی باتیں ہو رہی تھیں۔

جرار: آہستہ سے کہا "اب آرام کرو، تمہارے گھر پہنچتے ہی تم نے سونا ہے۔"

مینو نے مسکراتے ہوئے سر ہلایا۔ اس کی زندگی کی سب سے مشکل شاپنگ، اس کی زندگی کی سب سے میٹھی یاد بن چکی تھی۔

لیٹی تھی اور سارے گزرے ہوئے واقعات اور جرار کی محبت کو سوچ رہی تھی۔

تبھی فون بجا۔ میشی کا کال تھا۔

Posted On Kitab Nagri

مینو نے کال اٹھائی۔ دعا سلام کے بعد، میشی نے پوچھا، "شاپنگ کیسی رہی، مینو؟"

مینو: "بہت اچھی! بہت مزہ بھی آیا۔"

تھوڑی دیر تک دونوں نے باتیں کیں، پھر کال بند کر دی۔

مینو کو اب آرام کرنا تھا تاکہ وہ اگلے دن کے لیے تازہ دم ہو سکے۔

آج جمعہ تھا، اور مینو کا نکاح تھا۔ مینو کے گھر پر ایک سادہ سا فنکشن تھا۔ نکاح سادگی سے تھا، بس کچھ قریبی رشتہ دار وجاہت صاحب کے تھے اور کچھ مختیار صاحب کے۔

مینو کو زیادہ میک اپ پسند نہیں تھا، اس لیے اس نے گھر میں ہی تیاری شروع کی۔

مینو اپنے کمرے میں آئینے کے سامنے کھڑی تھی۔ اس نے وہی سفید فراک پہنا ہوا تھا جو جرار نے اس کے لیے پسند کیا تھا۔

سفید فراک: نازک نیٹ اور آرگنزا کا وہ سفید فراک اس پر کسی پری کے لباس کی طرح جچ رہا تھا۔ فراک پر چاندی کے تاروں کا ہلکا کام اس کی معصومیت کو نمایاں کر رہا تھا۔

میک اپ: مینو نے صرف ہلکا ہلکا میک اپ کیا تھا۔ اس نے چہرے پر فاؤنڈیشن یا کنٹورنگ کے بجائے صرف ایک ہلکا سا گلابی لپ گلوس لگایا تھا اور تھوڑا سا بلش جس سے اس کے گالوں پر حیا کی سرخی جھلک رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

* بال: اس نے اپنے بالوں کو کھولا نہیں، بلکہ سادہ مگر خوبصورت انداز میں پیچھے کی طرف باندھا ہوا تھا، اور کچھ لٹیں چہرے پر ڈالی ہوئی تھیں، جس سے اس کا چہرہ اور بھی صاف اور روشن لگ رہا تھا۔

اس سادگی میں سب سے زیادہ نمایاں اس کی سبز آنکھیں تھیں۔

سفید لباس، ہلکے میک اپ اور بالوں کی سادگی نے اس کی ہری آنکھوں کی رنگت کو مزید تیز اور جادوئی بنا دیا تھا۔ اس کی آنکھیں ایسی لگ رہی تھیں جیسے گہرے جنگل کے درمیان کے چشمے ہوں۔ ان آنکھوں میں آج شرم، حیا، اور مستقبل کی خوشی چمک رہی تھی۔

وہ سچ مچ آج نور کی پری لگ رہی تھی، بالکل ویسی، جیسا جرار اسے دیکھنا چاہتا تھا۔

مینو آئینہ دیکھ کر کچھ سوچ کر مسکرائی۔ اس کے چہرے پر ایک شرارت اور انتظار کا حسین امتزاج تھا۔ اس نے اپنے موبائل کو اٹھایا، ایک تصویر لی جس میں اس کا نورانی روپ اور سادگی جھلک رہی تھی، اور ایک لمحے کی ہچکچاہٹ کے بغیر جرار کو بھیج دی۔

یہ اس کی طرف سے جرار کے لیے خاموش اعترافِ محبت اور اعتماد تھا۔

اسلام علیکم!

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 75005

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دوسری طرف، جرار بھی اپنے گھر میں نکاح کے لیے تیار تھا۔ وہ نہایت خوبصورت شیروانی میں ملبوس تھا، لیکن بے چینی اور انتظار اس کے چہرے پر صاف ظاہر تھا۔ وہ اپنے موبائل کو بار بار دیکھ رہا تھا، اسے یقین نہیں آ رہا تھا کہ وہ کچھ ہی دیر میں ماہ نور کا ہمیشہ کے لیے ہو جائے گا۔

Posted On Kitab Nagri

تبھی اس کے فون پر نوٹیفیکیشن آیا۔ مینو کا نمبر دیکھ کر اس کے دل کی دھڑکن ایک سیکنڈ کے لیے رک گئی۔ اس نے جب تصویر کھولی...

سفید فراک میں سجی، ہلکے میک اپ کے ساتھ، جادو دانی ہری آنکھیں!

جرار نے جیسے ہی مینو کا وہ ملائکہ جیسا روپ دیکھا، وہ اپنی کرسی سے اٹھ کھڑا ہوا۔ اس کی آنکھوں میں جنون، محبت اور شدید قربت کا ایک طوفان امڈ آیا۔ جرار نے فوراً اپنا فون بند کیا اور ایک گہرا سانس لیا۔ وہ جانتا تھا کہ اگر وہ اب مینو کو جواب دے گا، تو نکاح کی رسم شروع ہونے سے پہلے ہی "گستاخی" کر بیٹھے گا۔

وجاہت صاحب، عائشہ، ہارون، میشی، اور جرار سب مینو کے گھر کے لیے روانہ ہوئے۔

گھر پہنچ کر سب نے ایک دوسرے سے ملے۔

میشی سیدھا مینو کے روم میں گئی۔ اندر جا کر اس نے مینو کو سفید لباس میں دیکھا تو ایک لمحے کے لیے حیران رہ گئی۔

میشی: "ماشاءاللہ مینو! تم تو بہت پیاری لگ رہی ہو! بالکل نورانی پری جیسی!"

مینو نے مسکرا کر میشی سے گلے لگایا۔

Posted On Kitab Nagri

مینو:"تم بھی بہت پیاری لگ رہی ہو میشی!"

کمرے میں اس وقت صرف مینو اور میشی موجود تھیں، جب موری مینو اندر آئیں۔ان کی آنکھوں میں خوشی کے ساتھ تھوڑی سی نمناکی بھی تھی۔

موری نے پیار سے مینو کے سر پر ہاتھ پھیرا، پھر ایک خالص سفید چادر لی اور مینو کے سر پر اوڑھادی، اور اس کے چہرے کے چھپائی۔

موری:"میری بچی! ہمیشہ خوش رہو۔"

چند لمحوں بعد، کمرے میں مولوی صاحب داخل ہوئے، ان کے ساتھ مینو کے والد عامر سلطان، دادا مختار صاحب، اور مینو کے چچا سکندر بھی تھے۔

مولوی صاحب نے نکاح کا خطبہ پڑھا، اور پھر مینو کی طرف رخ کیا۔

مولوی صاحب:"بیٹی ماہ نور عامر سلطان! کیا آپ کو جرار وجاہت خان کا حق مہر...کے عوض نکاح قبول ہے؟"

کمرے میں ایک لمحے کے لیے ایسی خاموشی چھاگئی کہ سب کی دھڑکنیں سنی جاسکتی تھیں۔

مینو نے آہستہ آواز میں کہا:"قبول ہے!"

مولوی صاحب نے دوبار مزید پوچھا، اور مینو نے ہر بار دھیمی کہا:"قبول ہے!"

Posted On Kitab Nagri

مولوی صاحب نے دعا کی اور پھر عامر سلطان، مختار صاحب، سکندر اور مولوی صاحب کمرے سے باہر تشریف لے گئے،

ان کے باہر جاتے ہی میشی تیزی سے مینو کی طرف بڑھی اور اسے گلے لگایا۔

میشی:"مبارک ہو مینو! تم اب جرار بھائی کی ہو گئی!"

مینو نے آنسو روک کر صرف مسکرایا۔

مولوی صاحب نے جرار سے نکاح کے لیے پوچھا۔

جرار نے بنا کسی جھجک کے، صاف اور پر عزم آواز میں تین بار کہا:"قبول ہے!"

یہ الفاظ سنتے ہی سارے گھر میں مبارکبادوں کی گونج بلند ہو گئی، اور جرار نے سر جھکا کر اللہ کا شکر ادا کیا کہ اس نے اسے ماہ نور جیسی پاکیزہ بیوی عطا کی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ دیر بعد، جب باہر کی رسمیں اور مبارکبادیں ہو گئیں، تو موری مینو کے روم میں آئیں۔

موری نے پیار سے اس کا ماتھا چوما۔"چلو بیٹا! اب نیچے چلنا ہے۔"

مینو نے دل کو تھاما اور موری کے ساتھ آہستہ آہستہ نیچے لاؤنج کی طرف چلی، جہاں سارے مہمان بیٹھے تھے۔

جیسے ہی مینو لاؤنج میں داخل ہوئی اور جرار کی نظریں اس پر پڑیں...

Posted On Kitab Nagri

جرار وہیں پر ساکت ہو گیا!

وہ سفید فراک، ہلکا میک اپ، اور اس کی ہری آنکھوں میں حیا کی چمک—جرار کے لیے وہ منظر دنیا کا سب سے خوبصورت اور نورانی منظر تھا۔ وہ سب کچھ بھول گیا! وہ بھول گیا کہ وہ کہاں ہے، کون لوگ ہیں، اور اسے کیا کرنا ہے۔

ہارون نے جرار کو کندھے سے ہلایا۔

ہارون: آہستہ آواز میں کہا "سالے صاحب! خود پر کنٹرول کرو!

جرار ہوش میں آیا اور جلدی سے اٹھا۔ اس نے آگے بڑھ کر مینو کی طرف اپنا ہاتھ آگے کیا۔

مینو نے اپنا کپکپاتا ہوا ہاتھ جرار کے ہاتھ میں رکھا۔

جرار نے مینو کو اپنے ساتھ بٹھایا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جرار نے مینو کا ہاتھ پکڑا۔

مینو نے فوراً ہاتھ کھینچا اور کپکپاتے ہوئے کہا، "ک... کیا ک... کر رہے ہیں؟ س... سب د... دیکھ رہے ہیں!"

جرار نے اس کا ہاتھ مظبوطی سے پکڑ لیا۔

جرار: "دیکھنے دو! نکاح ہوا ہے اور بیوی ہو میری!"

Posted On Kitab Nagri

مینو:"بیوی نہیں ہوں!منکُوحہ ہوں!ابھی رخصتی نہیں ہوئی ہے!"

جرار نے مسکرا کر، اپنا سر تھوڑا اس کے کان کے قریب لایا اور دھیمی آواز میں کہا، "اگر کہو تو ابھی رخصتی کروادوں؟ ویسے بھی، تمہیں دیکھ کر کنٹرول نہیں ہو رہا مجھ سے!"

مینو کا چہرہ اس قدر لال ہوا جیسے سارے جسم کا خون سمٹ کر چہرے پر آ گیا ہو۔ شرم کی انتہا تھی۔

یہ دیکھ کر جرار نے بمشکل اپنا قہقہہ ضبط کیا۔

مینو:"آ... آپ ک... کتنے ب... بے شرم ہیں!"

جرار نے مسکراتے ہوئے اپنے ہاتھ سے مینو کا ہاتھ ہلکا سا دبایا۔

جرار:"بے شرم تو تم ہو! میرا انتظار بھی نہیں کر سکی؟ میں تو ویسے بھی تمہیں دیکھنے والا ہی تھا، لیکن تم نے تو میری بے چینی کو اور بڑھا دیا! اور سُنو! یہ سفید فراک میں تم... میری جان لے لو گی!"

www.kitabnagri.com

مینو: سرگوشی میں کہا "پروفیسر! خدارا! سب ہمارے آس پاس ہیں! تھوڑا کنٹرول کریں!"

جرار نے شرارت سے کہا، "کتنے دنوں سے کنٹرول کیے بیٹھا ہوں... اب تو حلال ہو چکی ہو، زُمرود!"

Posted On Kitab Nagri

مینو کی آنکھیں پھیلگئیں، "اللہ!چپ کریں!کوئی سُن لے گا!"
اس کی نظریں گھبراہٹ سے اِدھر اُدھر دوڑنے لگیں، جیسے ہر طرف کوئی کان لگا کر بیٹھا ہو۔

جرار نے مسکراہٹ دباتے ہوئے ایک نظر اس کے جھکے ہوئے چہرے پر ڈالی، پھر دھیرے سے بولا:
"ٹھیک ہے...رُخصتیتک میں چھوٹے موٹے شرم گستاخیاں کو گا۔ لیکن یہ بات یاد رکھنا—جس دن تم رخصت ہو کر میرے پاس آؤ گی، اُس دن... تمہاری یہ جھجک، یہ شرم، سب کچھ... میرا ہو جائے گا۔"

مینو نے کپکپاتی آواز کہا، "پ...پروفیسر!اللہ کرے موری یہاں آجائیں!"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جرار نے شرارت سے مسکراہٹ دبائی، پھر جھک کر سرگوشی میں کہا:

"موری آجائیں تو میں صاف کہوں گا: موری آنٹی،* اب آپ کی زُمرود صرف میری ہے—ذرا ہمیں اکیلا تو چھوڑ دیں!ہمارے اپنی پرسنل باتیں ہو رہے ہے"*

Posted On Kitab Nagri

مینو کی آنکھیں مزید پھیل گئیں، وہ دل پکڑ کر رہ گئی۔ شرم، جھجک، اور بے بسی جیسے ایک ساتھ اس کے چہرے پر کھیلنے لگے۔

"آپ حد سے زیادہ ہو رہے ہیں، پروفیسر!"

جرار نے مینو کی آنکھوں میں گہری نظروں سے دیکھا اور شرارت کی آخری چوٹ لگائی۔

جرار: "اور ہاں! جب تم روم میں جاؤ گی تو خبر دار! جو ڈریس چینج کیا! میں تمہارے پاس آؤں گا اگر تم نے ڈریس چینج کیا تو تمہاری خیر نہیں ہو گی!"

مینو گھبرا گئی، "ک... کیوں؟"

جرار نے کہا، "ویسے زُمرد اتنا اچھا تو میں ہوں نہیں کہ تم میرے سامنے اتنی سج سنور کے بیٹھی رہو اور میں تھوڑی سی گستاخی نہ کروں! تمہیں کیا لگتا ہے؟"

مینو نے گھبرا کر کہا، "م... میں چ... چینج ک... کروں گی! آ... آپ ن... نہیں آئیں گے!"

جرار نے مسکرا کر کہا، "تم چینج کر کے تو دیکھو! پھر دیکھنا میں کیا کرتا ہوں تمہارے ساتھ!"

مینو کے ہاتھوں میں پسینہ آنے لگا۔ اس کے پورے جسم میں ایک ہیجانی کیفیت دوڑ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

جرار نے مینو کے ہاتھوں میں پسینہ اور اس کے پورے جسم میں ہیجانی کیفیت دیکھی۔

جرار:"کیا ہوا؟ کانپ کیوں رہی ہو؟ ڈر لگ رہا ہے؟"

مینو نے ڈر اور شرم کے ملے جلے احساس سے ہاں میں سر ہلایا۔

جرار نے شرارت سے کہا،"ابھی تو میں نے کچھ کیا ہی نہیں!"

مینو کو اور مزید یہ باتیں برداشت سے باہر ہو رہی تھیں۔اس نے بے بسی سے میشی کی طرف دیکھا،جو کیمرے میں ان دونوں کی تصویریں بنانے میں لگی تھی۔

میشی کی نظر جیسے ہی مینو پر پڑی،مینو نے اسے اشارہ کیا۔میشی فوراً پاس آئی۔

مینو:تھکی ہوئی آواز میں کہا"میشی!میں بہت تھک گئی ہوں!بہت زیادہ!مجھے اندر جانا ہے۔"

میشی:"مینو!میں موری آنٹی کو بتاتی ہوں!"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مینو:"میشی!جلدی کرو!"

میشی:"ہاں ہاں!میں جلدی آتی ہوں!"

جرار یہ سب دیکھ کر مسکرایا۔وہ جانتا تھا کہ مینو فرار چاہتی ہے۔

جرار:"اندر جاؤ!لیکن میری باتیں یاد رکھنا!"

میشی واپس آئی اور کہا،"مینو چلو،روم میں چلتے ہیں!"

Posted On Kitab Nagri

مینو اٹھ کر میشی کے ساتھ روم میں چلی گئی، اور سکون کا سانس لیا کہ وہ آخر کار جرار کی بے باکی سے کچھ دیر کے لیے بچ نکلی ہے

مینو کمرے میں داخل ہوئی اور بیڈ پر بیٹھ کر ایک گہرا سانس لیا۔

مینو: "ہائے اللہ! کمر ٹوٹ گئی میری!" وہ واقعی تھک چکی تھی، لیکن اس کے دماغ میں ابھی بھی جرار کی دھمکیاں گونج رہی تھیں۔

تبھی میشی کے موبائل پر نوٹیفکیشن آیا۔ میشی نے موبائل دیکھا—جرار کا میسج تھا۔

جرار کا میسج:

"میشی بچہ! مجھے مینو سے ملنا ہے!"

میشی نے حیرت سے جواب دیا:

"بھائی! لیکن میں کیسے مِلواؤں؟

جرار کا میسج:

"میشی بچے! تم مجھے مِلواؤ گی! کوئی راستہ بناؤ!"

میشی مسکرائی۔ وہ جانتی تھی کہ جرار اب مینو کے بغیر بے چین ہے۔

میشی نے مینو کی طرف دیکھا اور کہا، "مینو! میں دو منٹ میں آ رہی ہوں! میں نیچے جا کر ایک ضروری کام کر کے آتی ہوں!"

Posted On Kitab Nagri

میشی نیچے گئی اور اب اس کا مشن تھا بھائی کے لیے راستہ بنانا اور انہیں مینو سے اکیلا ملوانا۔

میشی نے نیچے جا کر جرار کو اشارہ کیا۔ جرار نے سب کی نظروں سے بچ کر، جلدی سے اوپر کی منزل کی طرف قدم بڑھائے۔

مینو اس وقت ڈریسنگ مرر کے سامنے کھڑی خود کو دیکھ رہی تھی، تبھی دروازہ کھلا اور جرار اندر آیا اور فوراً دروازہ بند کر دیا۔

یہ دیکھ کر مینو کو اپنا دل کانوں میں ڈھڑکتی ہوئی محسوس ہوا۔ وہ بری طرح گھبرا گئی۔

جرار قریب آیا تو مینو ڈریسنگ مرر سے جا لگی اور پیچھے کو جھک گئی۔ وہ حیران تھی کہ جرار اتنی جلدی آ جائے گا۔

مینو: "پ... پیچھے ہ... ہو!"

جرار نے مینو کی کمر کو پکڑا اور اسے اپنی طرف کھینچ کر خود سے لگا لیا۔ مینو کے ہاتھ جرار کے سینے پر آئے،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ فاصلے پر، سیڑھیوں کے قریب، میشی کھڑی تھی کہ کوئی اپر نہ ای ئے۔

تبھی کسی نے اسے کھینچا۔ اس سے پہلے کہ میشی چیخ پاتی، ہارون نے اس کے منہ پر ہاتھ رکھ دیا۔

میشی نے جب ہارون کو دیکھا تو اسے سکون آیا، لیکن وہ غصے میں تھی۔ ہارون نے ہاتھ ہٹایا۔

میشی: "اوہ ہارون! یہ کیا حرکت ہے؟"

Posted On Kitab Nagri

ہارون:"کیا حرکت ہے؟ صبح سے تم سے ملنے کی کوشش کر رہا ہوں اور تم ہو کہ ہاتھ ہی نہیں آ رہی!
اور اتنی اچھی لگ رہی ہو کہ میرا بس نہیں چل رہا کہ..."

میشی کا غصہ شرم میں بدل گیا۔ ہارون نے موقع کا فائدہ اٹھایا اور اسے اپنے قریب کھینچ لیا،
جرار نے مینو کو اپنی طرف کھینچ کر مضبوطی سے تھام لیا تھا۔

جرار:"اب پیچھے ہونے کا وقت نہیں ہے، میری زُمرود!"

جرار نے ایک ہاتھ سے مینو کے سر سے دوپٹہ آزاد کیا، دوپٹہ سیدھا نیچے فرش پر گرا۔
مینو شرم سے پانی پانی ہو گئی۔ جرار کے سامنے خود کو دوپٹے کے بغیر دیکھ کر اسے بہت زیادہ شرم آئی۔

جرار نے اس کی بالوں کو نرمی سے اپنی مٹھی میں لیا اور اس کا چہرہ اوپر کیا۔ اور اس کے ہونٹوں پر
جھکا...

مینو کی آنکھیں پھیل گئیں۔ جرار نے اس کی کمر پر ایک ہاتھ رکھا

جیسے ہی جرار نے حرکت شروع کی، مینو کی ریڑھ کی ہڈی میں ایک سنسناہٹ دوڑ گئی۔ جرار کے لمس
میں شدت ایا۔ مینو نے جرار کے سینے پر ہاتھ رکھ کر اسے دور کرنے کی کوشش کی، لیکن وہ جرار کو ہلا
تک نہیں پائی۔

جرار نے اس کے نچلے ہونٹ کو دانتوں سے کاٹا! مینو کی سسکی نکل گئی۔

Posted On Kitab Nagri

جرار شدت سے اس کی سانسیں پی رہا تھا اور مینو کی سانسیں اکھڑنے لگیں۔

جرار نے مینو کی اکھڑتی سانسیں محسوس کیں، تو وہ نرمی سے پیچھے ہوا۔ مینو گہری گہری سانسیں لینے لگی۔ جرار کا ہاتھ اب بھی مینو کی کمر پر تھا

مینو کی سانسیں جب تھوڑی سی ٹھیک ہوئیں، تو جرار نے تیزی سے ایک جھٹکے میں فراک کی پچھلی زِپ کھولی۔

مینو! ن... نہیں! کہہ کر جرار کا ہاتھ پکڑنا چاہا، لیکن جرار نے ایک لمحے میں مینو کی دودھ جیسی سفید کمر کو آئینے میں دیکھا۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 75005

مینو شرم سے فوراً جرار کے سینے میں چُھپ گئی۔ جرار نے اپنا ہاتھ مینو کی کمر پر رکھا اور سختی سے حرکت کر رہا تھا۔

مینو: "ب...بس!ن...نہیں کریئے ا...ایسے!پ...پلیز!"

جرار نے مینو کی کمر پر جھکا اور اپنا ہونٹ اس کی کمر پر رکھا۔ مینو نے فراک کو مٹھی میں سختی سے پکڑا اور آنکھیں سختی سے بند کر لیں۔

جرار اس کی کمر کو چومنے لگا۔ جرار اپر ایا۔ جرار نے تھوڑا سا فراک اس کے کندھے سے نیچے کیا اور وہا اپنا ہونٹ رکھے چومنا شروع کیا، پھر تھوڑی دیر بعد ایک گہرا لبت دیا۔ مینو کی سسکی نکلی۔ مینو کا چہرہ لال ٹماٹر بن چکا تھا۔

ہارون میشی کے ہونٹوں پر جھکا اور اس کے ہونٹ شدت سے چومنے لگا۔

Posted On Kitab Nagri

میشی نے دور کرنے کی کوشش کی، لیکن ہارون نے کٹ لگایا—جیسے کہہ رہا ہو، "مزاحمت مت کرو، اپنی جان کو مشکل ہو گا!"

ہارون اس کی سانسیں پی رہا تھا۔ کچھ دیر بعد ہارون پیچھے ہوا، میشی گہری سانس لے رہی تھی اور اس نے ہارون کے سینے پر مُکا مارا۔ ہارون مسکرایا۔ میشی اور ہارون دونوں سیڑھیوں کے پاس چلے گئے۔

جرار ایک بار پھر مینو کے ہونٹوں پر جھکا اور اس کے ہونٹوں کو شدت سے چوما۔

جرار پیچھے ہٹا، مینو اس کے سینے میں چُھپ گئی۔

جرار: "اتنا حق تو میرا بنتا ہے! رخصتی تک تو میں یہ چھوٹی موٹی گستاخیاں کروں گا!"

جرار: "اب عادت ڈال دو ان سب کی! میری زُمرود! یہ گستاخیاں تو میں کروں گا اب! اب میں جا رہا ہوں!"

جرار نے مینو کی ماتھے پر بوسہ دیا اور نکل گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جرار باہر آیا تو میشی اور ہارون کھڑے تھے۔ میشی سیدھا اندر گئی۔

ہارون: "سالے! صبر نہیں تھا تم میں؟"

جرار نے مسکرا کر کہا، "نہیں!"

Posted On Kitab Nagri

دونوں نیچے چلے گئے۔

میشی جیسے ہی روم میں آئی، مینو کی حالت دیکھ کر جلدی سے دروازہ بند کیا۔

میشی:"اووو مینو! یہ کیا حال کیا بھائی نے تیرا؟"

مینو کے گال تپ رہے تھے۔ میشی نے الماری سے ڈریس نکالا اور کہا، "چلو، یہ پہنو!

مینو جب ڈریس بدل کر باہر آئی، تو میشی نے جیسے ہی اسے دیکھا، اس کی ہنسی چھوٹ گئی۔

میشی:"ہاہاہا! مینو! اپنی حالت تو دیکھو! ہاہاہا! بھائی نے تو تیرے ہوش ٹھکانے لگا دیے!"

مینو نے غصے سے اسے گھورا۔

مینو:"میشی! چپ کرو! اپنا بھول گئی ہو کیا؟ ہارون لالا نے کیا حال کیا تھا تیرا؟"

میشی نے ایک گہرا سانس لیا، پھر ہنسی دباتے ہوئے کہا، "ہاہاہا مینو! پر بھائی نے تیرے ساتھ کچھ زیادہ کیا! ہاہاہا!"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مینو نے غصے میں تکیہ اٹھا کر میشی کو مارا۔ "میشی! چپ ہو جاؤ!"

میشی:"اچھا! ہاہاہا! اچھا چپ ہوتی ہوں! لیکن بھائی نے صحیح سے ہوش ٹھکانے لگا دیے!"

مینو نے غصے سے کہا، "تمہارے وہ بے شرم بھائی کو تو میں چھوڑوں گی نہیں!"

میشی:"ہاہاہا مینو! جانے سے پہلے اپنی حالت نہ بھولنا! اگلی بار شاید اس سے بھی بُرا حال کریں بھائی!"

Posted On Kitab Nagri

مینو:"میشی!پلیز چپ ہو جاؤ!"

میشی نے اپنی انگلی ہونٹوں پر رکھی،"اچھا چپ!بس!"لیکن اس کے چہرے پر دبی دبی ہنسی اب بھی تھی۔

میشی نے دبی دبی ہنسی کو روکتے ہوئے ایک بار پھر مینو کی طرف دیکھا،اس کی آنکھوں میں جھانکا اور ایک نئی شرارت سے کہا۔

میشی:"ویسے مینو!یہ تیری زِپ کیوں کھلی ہوئی تھی؟"

یہ سنتے ہی مینو کی بس ہو گئی!اس سے پہلے کہ وہ تکیہ اٹھاتی،میشی نے دروازے کی طرف دوڑ لگا دی!

مینو نے چیخ کر کہا،"میشی کی بچے!اپنی شکل نہ دکھانا اب مجھے!"

میشی زور سے ہنستی ہوئی نیچے چلی گئی،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نکاح کا فنکشن ختم ہوا تو وجاہت کی فیملی نے عامر سلطان اور مختار صاحب سے اجازت لی۔

دعائیں،مسکراہٹیں،اور روایتی رسمی جملوں کے تبادلے کے بعد وہ سب اپنے گھر روانہ ہو گئے۔

مینو سونے کے لیے لیٹ گئی۔آج وہ بہت تھکی ہوئی تھی،اس لیے جلدی ہی اس کی آنکھ لگ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کہ مینو کے موبائل پر کال آئی۔ مینو نیند میں تھی، اس لیے سُنا نہیں۔ کال بند ہوئی اور پھر سے شروع ہوئی۔ مینو نے ہاتھ بڑھا کر موبائل اٹھایا اور بند آنکھوں سے کال ریسیو کر لی۔ یہ دیکھے بغیر کہ کس کی کال ہے۔

مینو: نیند سے بھری آواز میں کہا "ہیلو؟"

دوسری طرف سے بھاری، غصے سے بھری آواز آئی۔

"سو رہی تھی کیا؟"

مینو کی آنکھیں پٹ سے کُھل گئیں۔

مینو: گھبرا کر جلدی سے اُٹھی "ن... نہیں! پ... پروفیسر! و... وہ..."

جرار: سختی سے کہا "سچ سچ بتاؤ، سو رہی تھی؟"

مینو: "ن... نہیں! و... وہ م... میں و... واش روم میں تھی! ہاں! واش روم میں تھی واش روم میں!"

جرار نے غصے سے تیز آواز میں کہا، "جھوٹ مت بولو! ڈیم اٹ! سچ بتاؤ، سو رہی تھی؟"

مینو اس کی تیز آواز پر اُچھل گئی۔ وہ تو ویسے ہی جرار کی تھوڑی سی آنکھ نکالنے سے بھی ڈرتی تھی۔

مینو: "س... سوری! پ... پروفیسر! پ... پتاہ... ہی ن... نہیں چ... چلا کہ ک... کیسے آ... آنکھ ل... لگ گ... گئی تھ... تھی!"

جرار نے غصے سے کہا، "میں نے کیا کہا تھا؟ کہ میری کال کرنے سے پہلے نہیں سوؤ گی!"

Posted On Kitab Nagri

مینو:"پ...پروفیسر!س...سچ م...میں!م...میں ن...نہیں س...سوئی!ک...خود آ...آنکھ ل...لگ گ...گئی تھ...تھی!"

جرار:"تمہیں اس کی سزا میں کل دوں گا،کالج میں!کہ کیسے تم نے میری بات نہیں مانی!"

یہ سُن کر مینو کا رنگ پیلا ہو گیا۔

مینو:"ن...نہیں!م...میں ک...کل ن...نہیں آ...آؤں گی ک...کالج!"

جرار:"خبر دار!اگر چھٹی کی تو!ورنہ اسی وقت گھر آ جاؤں گا اور پھر جو ہو گا،اس کی ذمہ دار تم خود ہو گی۔"

مینو:"پ...پروفیسر!س...سوری!آ...آئندہ آ...آپ کی ب...بات م...مانوں گی!پ...پلیز م...معاف کر دیں!"

جرار:"نہیں!میری زُمرود!سزا تو تمہیں ہی دوں گا،اور وہ بھی کل کالج میں!اور اب تم سو جاؤ،تا کہ صبح کالج کے لیے جلدی اُٹھو۔کہیں ایسا نہ ہو کہ کالج نہ آؤ اور پھر کہو کہ آپ نے دیر تک جگایا اور صبح لیٹ ہوئی!"

مینو:"ن...نہیں!پروفیسر..."

جرار:"بائے!اپنا خیال رکھنا اور سکون سے سو جاؤ!"

مینو:"پروفیسر..."

Posted On Kitab Nagri

لیکن جرار نے کال بند کر دی۔

مینو:"ہائے رے مینو!اب کیا ہو گا؟کیا ضرورت تھی سونے کی؟ک... کیا سزا دیں گے مجھے؟کیا پھر سے کہیں چھیچھوری حرکتیں کریں گے کیا؟ہائے مینو!کہاں پھنس گئی!"

جرار کال بند کر کے مسکرا رہا تھا۔اسے پتا تھا کہ مینو کی نیند اب اُڑ چکی ہو گی۔اس کی ڈر اور گھبراہٹ دیکھ کر جرار کو مزہ آرہا تھا،اسی لیے وہ غصے سے بات کر رہا تھا۔اور کالج میں تو ویسے بھی چھیڑنا ہی تھا۔ جرار لیٹ گیا اور مسکراتے ہوئے نیند میں چلا گیا۔مینو کی نیند اُڑا کر خود مزے سے سو گیا۔

مینو کالج کے لیے تیار ہوئی،لیکن رات بھر کی نیند پوری نہ ہونے کی وجہ سے اس کی ہری آنکھیں آج بے حد لال ہو چکی تھیں۔وہ یہ سوچ سوچ کر ہی پاگل ہو رہی تھی کہ آج کالج میں جرار اسے کیا سزا دیں گے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مینو نے جلدی سے تیاری کی اور نیچے گئی۔

ناشتے کی میز پر ہارون ناشتہ کر رہا تھا۔اس کے ساتھ والی کرسی پر میشی بیٹھی تھی،اور عائشہ اور وجاہت صاحب کسی بات میں مگن تھے۔

Posted On Kitab Nagri

